ایک بار پھر ایک ہی دن میں کئی اعمال
کے عامل بننے کا سنہری موقع

نوروز کا وقت، سورج گرہن اور چاند گرہن کی طرح ایک خاص وقت ہے۔ یہ وقت سال میں ایک بار آتا ہے اور 20 یا 21 مارچ کے دن ہی عموماً آتا ہے۔ اس دن ایک مخصوص وقت میں پڑھائی کرنی ہوتی ہے۔ اس وقت جو بھی عمل کیا جاتا ہے، وہ ایک سال یعنی اگلے نوروز تک کے لیے عمل میں آجاتا ہے۔ پورے سال عامل اس عمل سے کام لے سکتا ہے۔ اسی طرح مختصر سے وقت میں ایک سال کے لئے کسی بھی خاص عمل کا عامل بنا جاسکتا ہے۔ نہ کوئی خوف وڈر اور نہ ہی کسی قسم کا نقصان ہوتا ہے۔

مورخہ 21 مارچ 2023ء بروز منگل کو دوپہر 02 بج کر 26 منٹ پر نوروز کا وقت شروع ہو رہا ہے۔

نورانی اعمال

- سات سلام
- حصار قرآنی کبیر
- آیتِ شفاء
- حصار خاص
- منزل
- دعائے حیدری

علوی نورانی اعمال

- مندرہ شاہ علی کبیر
- نورانی مندرہ
- عصائے کلیم اللہ
- عمل باندھ جادو

علوی اعمال

- چہل کاف (2)
- چہل کاف (3)
- عمل حب خاص
- قصیدہ غوثیہ
- عمل واپسی سحر
- عمل بندش کلاں

خاص خاص اعمال

- تھیلی والا عمل
- سری والا عمل
- اونٹ کی ہڈی والا عمل
- بکرے کے صدقے کا عمل

باموکل اعمال

- آیت الکرسی باموکل
- چہل کاف باموکل
- سورۃ فیل باموکل
- سورۃ یٰسین باموکل
- سورۃ کوثر باموکل
- آیت قطب باموکل
- آیت کریمہ باموکل
- بسم اللہ باموکل
- سورۃ اخلاص باموکل
- سورۃ مزمل باموکل
- سورۃ جن باموکل
- اللہ الصمد باموکل
- سلام قولا من رب رحیم باموکل
- حسبنا اللہ ونعم الوکیل باموکل

نوٹ: ان اعمال کے علاوہ بھی بہت سے خاص اعمال ہیں، جو کہ صرف عاملین حضرات کر سکتے ہیں۔

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0333-7772775 0309-7772775 042-35420586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97 ruhanidarsgah
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال ''دو خاص نمبر'' شائع کرتا ہے

ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور

جلد 13 شعبان المعظم ۱۴۴۴ھ / مارچ 2023ء شمارہ 11

darulamal.org/magazines/ruhani

khazinaeruhaniyaat@gmail.com

khazinaeruhaniyat khazinaruhanyat

برائے ماہنامہ خزینہ روحانیات، سرکولیشن، اشتہارات اور دیگر تمام معاملات

0322-4773786 042-35410586

قیمت 80 روپے

سالانہ ممبر شپ عام ڈاک 940 روپے، رجسٹرڈ ڈاک 1340 روپے

سالانہ ممبر شپ بذریعہ TCS: لاہور کے لیے 1540 روپے

لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 1940 روپے / لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 2700 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی 29,28,27 تاریخ کو رسالہ Post کیا جاتا ہے۔

ممبر شپ بذریعہ Whatspp/Email: 700 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی یکم تاریخ کو رسالہ Whatspp/Email کیا جائے گا

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

رقم کی ادائیگی کے طریقے

ضروری ہدایات:

1. رقم بھیجنے کے بعد منی آرڈر رسید/ موبائل اکاؤنٹس کی ٹرانزیکشن ID یا سکرین شارٹ / بینک ڈپازٹ سلپ 0302-8401977 پر واٹس ایپ کیجیے یا مکمل تفصیل ایس ایم ایس کیجیے یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ رقم جمع کروانے سے پہلے بل کی مکمل تفصیل کیلئے پہلے متعلقہ شعبے کے فون نمبر پر رابطہ کیجئے۔ جو بل بتایا جائے، اتنی ہی رقم جمع کروائی جائے۔
2. موبائل اکاؤنٹس سے رقم نکلوانے پر اضافی چارجز کمپنی والے وصول کرتے ہیں۔ اس لئے موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروانے کی صورت میں اضافی چارجز بل میں لگائے جائیں گے۔

1. **منی آرڈر:** بنام دار العمل چشتیہ، 586 کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کے پتے پر منی آرڈر کریں۔ فارم پر اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور مطلوبہ رقم کی تفصیل لازمی تحریر کریں۔
2. **موبائل اکاؤنٹس:** درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔

easypaisa بنام خالد مقبول۔ 03437772772

JazzCash 1 بنام مکتبۃ العارف۔ 03028401977

2 #0*786* ملائیں اور Till Id_ 0016 5958 درج کریں۔

UBL Omni بنام خالد مقبول۔ 03437772772

U paisa بنام خالد مقبول۔ 33343082867

3. **بینک اکاؤنٹس:** درج ذیل دونوں اکاؤنٹس میزان بینک کے ہیں۔

1 برائے ماہنامہ خزینۂ روحانیات:

بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736

2 برائے دیگر تمام شعبہ جات:

بنام Darol-Amal برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0102913466

مزید تفصیلات کے لیے لنک وزٹ کیجئے: darulamal.org/payment

دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان

darulamal.org

info@darulamal.org

darulamalchisht darulamalchishtia

موبائل: 0343-7772772 0322-7772772

موبائل: 0312-7772772, 0306-7772772 (ufone)

پتہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ فون 042-35410586

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

ادارہ دار العمل چشتیہ کی ویب سائٹ (تمام شعبہ جات) http://darulamal.org/

فہرست مضامین

مارچ 2023ء

شعبان المعظم ۱۴۴۴ھ

صفحہ	عنوان
5	اداریہ (مولانا علی آفاق)
6	''تصوف'' کیا ہے؟ (مولانا گل رئیس نقشبندی)
11	حکام و دشمن کے لیے عملیات (مولانا محمد محدث تھانوی چشتیؒ)
12	مجرب عملیات و تعویذات (مولانا امان اللہ صاحبؒ)
13	تسخیر دیوی (علامہ صوفی غلام سرور شباب قادری)
16	سحر و جادو کی معجزہ نما تشخیص و علاج (حکیم محمد بشیر نوشاہی)
17	المجیب (نا گی بی۔اے، لاہور)
18	مجرب قرآنی عملیات (حضرت مولانا ڈاکٹر سید محمود الحسن رحمہ اللہ)
19	اسماء النبی ﷺ کے عملیات (سید رضی حسین رضی جونپوری)
21	آسیب، جنات و شیاطین سے نجات کے مجرب عملیات
22	سحری بندش اولاد (محمد جاوید قادری)
23	مؤکلات کے خاص اعمال (علامہ صوفی غلام سرور شباب قادری)
25	تمام امراض کیلئے تیر بہدف تحفہ (ملازم حسین، اسلام آباد)
26	حُب کے تیر بہدف اعمال (۲) (قیصر احمد بی۔اے، کراچی)
27	معاشی مسائل کا روحانی حل (حکیم نور احمد باکمال وارثی)
32	سمبل ازم کیا ہے؟ (پیر افتخار احمد خان نقشبندی، کراچی)
34	شرف قمر کے اعمال (اراکین روحانی علاج گاہ)
34	ہبوطِ قمر کے اعمال (اراکین روحانی علاج گاہ)
35	نظرات سیارگان کے اعمال (حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر)
41	آپ کے مسائل اور ان کا روحانی حل (خالد مقبول حفظہ اللہ)
43	رمضان المبارک کے خاص اعمال (فیصل حمید نقشبندی، لاہور)
44	رزق، خوشحالی، عزت، دولت اور شہرت کے حصول کیلئے
46	اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں لانے والے کلمات (محمد امان اللہ سدید)
47	جادو جنات کا علاج (پیر سید شوکت شاہ، مردان)
50	مجربات دامانیہ: شرف شمس (عبداللطیف دامانی سنگ جانی)
52	کائناتی فارمولا۔ حی القیوم۔ حرکت اور قیام (عبدالوحید نظامی)

اہم اعلان

24 خاص نمبروں کی بے پناہ مقبولیت کے بعد ماہنامہ خزینہ روحانیات کا پچیسواں خاص نمبر "**آسیب نمبر**" ان شاء اللہ اپریل 2023 میں شائع کیا جائے گا۔ تمام قارئین، شاگرد و ممبران، احباب، لکھاریوں، قلم کاروں، اساتذہ و عاملین سے درخواست ہے کہ "**آسیب نمبر**" کے موضوع پر اپنے قیمتی مضامین، مجربات، اعمال، سینے کے راز، آزمودہ وظائف و عملیات، مجرب تعویذات و نقوش، اہم انکشافات، انمول وظائف، تیر بہدف کلمات اور انوکھے بھید، ادارے کو جلد از جلد ارسال فرمائیں۔ مضمون بھیجنے کی آخری تاریخ 20 فروری 2023 ہے۔ یہ مضامین آپ کے نام سے شائع کیے جائیں گے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہوں گے۔ ادارہ آپ تمام حضرات سے دعاؤں کی درخواست کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اس خاص نمبر کو بہترین انداز میں شائع کرنے کی توفیق دے۔ آمین

مضامین بھیجنے کے لیے

خط بھیجنے کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119 لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570

کوریئر رجسٹرڈ ڈاک: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

ای میل: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

واٹس ایپ: 0322-4773786

حمدِ باری تعالیٰ

وہی جو خالق جہان کا ہے، وہی خدا ہے، وہی خدا ہے
جو رُوح جسموں میں ڈالتا ہے، وہی خدا ہے، وہی خدا ہے
وہ جسکی حِکمت کی سرفرازی، وہ جس کی قُدرت کی کارسازی
ہر ایک ذرّہ میں رونما ہے، وہی خدا ہے، وہی خدا ہے
وہ بے حقیقت سا ایک دانہ، جو آب و گِل میں تھا مٹنے والا
جو اُس میں کونپل نکالتا ہے، وہی خدا ہے، وہی خدا ہے
الگ الگ سب کے رنگ و خصلت، جُدا جُدا سب کے قد و قامت
جو سارے چہرے تراشتا ہے، وہی خدا ہے، وہی خدا ہے
ہے علم میں جس کے ذرّہ ذرّہ، گرفت میں جسکی ہے زمانہ
جو دِل کے بھیدوں کو جانتا ہے، وہی خدا ہے، وہی خدا ہے
وہ جس نے دی مختلف زبانیں، تخیّل و عقل کی اُڑانیں
جو کشتیٔ فن کا ناخدا ہے، وہی خدا ہے، وہی خدا ہے
کوئی تو ہے جو ہے سب سے اوّل، کوئی تو ہے جو ہے سب سے آخر
جو ابتدا ہے جو انتہا ہے، وہی خدا ہے، وہی خدا ہے
مُصیبت و درد و رنج و غم میں، حیات کے سارے پیچ و خم میں
تُو جس کو راغبؔ پکارتا ہے، وہی خدا ہے، وہی خدا ہے

(افتخار راغب)

اہم اعلان

ماہنامہ خزینہ روحانیات کی نئی ممبرشپ اپریل 2023 سے اپریل 2024 تک جاری کی جائے گی۔ جس کی رقم عام ڈاک سے 1060 روپے، رجسٹرڈ ڈاک سے 1490 روپے اور TCS ممبرشپ کیلئے صفحہ نمبر 2 ملاحظہ فرمائیں۔ ☆ عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

جن ممبران کو عام ڈاک سے رسالہ نہ ملنے کی شکایت رہی ہے ان سے مودبانہ گذارش ہے کہ وہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کی فیس جمع کروائیں۔ نوٹ فرمالیں۔

رابطہ: 0322-4773786

جذبۂ عشق نے سینے میں مچلنا سیکھا

جذبۂ عشق نے سینے میں مچلنا سیکھا
آپ آئے تو زمانے نے سنبھلنا سیکھا
گُنگ لمحوں کو ہوئی قوتِ اظہار عطا
دامنِ خیر میں حق بات نے پلنا سیکھا
کفر اور شرک کے سب بُت ہوئے ریزہ ریزہ
حق کے انوار میں ظلمات نے ڈھلنا سیکھا
پہنا انسان نے اس وقت لباسِ عظمت
سایۂ خیر میں جب صِدق نے پلنا سیکھا
پائی بھٹکے ہوئے انساں نے یقین کی منزل
نورِ قرآن نے سینوں میں اُترنا سیکھا
ہوئی سیراب زمانے کی یہ ویراں دھرتی
چشمۂ حق نے مدینے سے ابلنا سیکھا
ملی بے راہ زمانے کو قیادت ان کی
راہِ تہذیب پہ انسان نے چلنا سیکھا
آپ کے دم سے سہارے ملے بے کس دل کو
نئے انداز سے دنیا نے سنبھلنا سیکھا
ظلمتِ دہر نے پھر دیں کے اُجالے دیکھے
شمعِ توحید نے جب طیبہ میں جلنا سیکھا
دے گئے دیر کو وہ درسِ اُخوت خالدؔ
پیار کے رنگ میں نفرت نے بھی ڈھلنا سیکھا

(پروفیسر خالد شبیر احمد)

مولانا علی آفاق
مدیر ماہنامہ خزینہ روحانیات

مارچ 2023ء اور رمضان الکریم

محترم و معزز قارئین خزینہ روحانیات ! آپ کی خدمت میں ہر ماہ کی مناسبت سے چند گزارشات عرض کرنے کا شرف سیدی و مرشدی و مولائی و آقائی حضرت خالد مقبول صاحب دامت برکاتہم کے حکم پر حاصل ہوتا ہے۔ مارچ کا مہینہ ہمیں پاکستان کی بنیاد، اساس اور اس کے خواب کی تعبیر کی یاد دلاتا ہے۔

1940ء میں منٹو پارک میں حضرت علامہ اقبالؒ نے نظریہ پاکستان، تصور پاکستان اور پاکستان کی فکر پیش فرمائی۔ آپ کے خواب کی تعبیر کے لئے ملک کے طول وعرض میں مرد و زن، بچے بوڑھے، جوان سب نے، لے کر رہیں گے پاکستان، بٹ کر رہے گا ہندوستان کے فلک شگاف نعروں، قربانیوں مشقتوں، قید و بند کی صعوبتوں کے ذریعے ہمیں اور ہمارے اکابر کے اس قافلے کو منزل تک پہنچایا۔ پاکستان کے حصول یا پورے ہندوستان سے بغیر تقسیم کے انگریز کی بے دخلی اور انخلاء کے نظریہ پر مسلمانوں کے واضح گروہ موجود تھے۔ ایک کا موقف تھا کہ مسلمانوں اور ہندوؤں سمیت سارا برصغیر صدیوں سے ایک جھنڈے اور ایک حکومت کے تحت صدیوں سے چلا آرہا ہے اور کوئی فساد، دنگا یا جھگڑا کبھی نہیں ہوا تو انگریز جن حالات میں آیا تھا اور جن لوگوں سے حکومت چھینی تھی ان ہی کے حوالے کر کے رخصت ہو جائے۔

اس کے بعد ہندو اور مسلمان خود حکومتوں اور سیاسی فیصلوں کو جمہوریت کے حسن کے مطابق طے کر لیں گے۔ مسلمانوں کا مذہبی طبقہ اور سیاسی شعور کا حامل طبقہ، جن میں علماء کرام کی بڑی تعداد تھی، اسی سوچ اور نظریے کی حامل تھی۔

دوسرا طبقہ جو وڈیرہ اور انگریزی تعلیم حاصل کردہ تھا۔ یونیورسٹی، کالج اور بیرون ملک خصوصاً ولایت سے تعلیم یافتہ تھا، ان کا خیال تھا کہ مسلمان ایک الگ قوم ہے، الگ تشخص ہے، الگ بود و باش ہے۔ لباس الگ ہے۔ عقائد کا فرق ہے۔ لہٰذا ملک بھی الگ ہونا چاہئے۔ حالانکہ خود ان میں سے اکثر کی اولادیں آج بھی ولایت میں تعلیم، روزگار اور مستقل رہائش اختیار کرتی چلی آرہی ہیں۔ نا وہ پہلے ہندوستان کو اپنی رہائش کے قابل سمجھتے تھے، نا اس طبقے کی آنے والی نسلوں کو ہندوستان یا پاکستان جس ملک کی تقسیم اور حصول کے مطالبے پر قائم تھے۔ اس میں رہنا پسند آیا۔

بہر حال 23 مارچ ہر سال ہمیں یاد دلاتا ہے کہ پاکستان کا خواب اور اس کی تعبیر اور حقیقی اور سچی تعبیر کے لئے ابھی بہت سا سفر باقی ہے، ابھی ہمیں منزل کے حصول کے لئے مزید کوشش کرنے کی ضرورت ہے۔ انصاف، امن، محبت، رواداری، یکساں مواقع تعلیم وصحت، یکساں مواقع روزگار، یکساں نظام تعلیم، فلاحی ریاست کا قیام، عدل اور برابری، عصبیت سے پاک پاکستان، لسانیت سے پاک پاکستان۔ ظلم اور طاقت کے حامی بدبودار نظام سے پاک پاکستان۔ اسلامی پاکستان جس کا نعرہ لگایا گیا تھا کہ "پاکستان کا مطلب کیا لا الہ الا اللہ" ان تمام درج بالا صفات کا حامل پاکستان ہماری منزل ہے۔ جب تک ہم اس منزل کو حاصل نہیں کر لیتے، ہم سب کو عزم محنت اور ہمت سے کام لے کر دن رات انتھک محنت کرنی ہوگی۔ جہاں جمہوریت کو پنپنے کا موقع ملے اور معاشی طاقت بن کر ابھر سکیں اور دفاعی امور کے ماہر جغرافیائی سرحدوں کے حقیقی محافظ بن کر سرخرو ہو سکیں۔

مارچ میں رمضان المبارک کی ابتدا بھی ہو رہی ہے اور غالباً 23 مارچ کو پہلا روزہ ہے۔ رمضان کے آداب اور مقاصد کی رعایت ہمیں کامیاب، بامراد اور حقیقی اسلامی فلاحی ریاست کی منزل کے قریب کرے گا اور معاشرہ بھی انتہائی خوبصورت ہو جائے گا تو آیئے عہد کریں کہ اپنے اخلاق و اوصاف کے ذریعے مارچ اور رمضان کو خوبصورت بنا کر دنیا و آخرت میں سرخرو ہوں گے۔

”تصوف“ کیا ہے؟

مولانا گل رئیس نقشبندی

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ: ہم حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک اجنبی شخص آیا اور حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے سوالات شروع کیے، بالترتیب پوچھا:

۱:۔ ”مَا الْإِيْمَانُ؟“ ایمان کیا ہے؟

۲:۔ ”مَا الْإِسْلَامُ؟“ اسلام کیا ہے؟

۳:۔ ”مَا الْإِحْسَانُ؟“ احسان کیا ہے؟

حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے سوالوں کے جوابات دیئے، تو ہر جواب کے آخر میں سائل ”صَدَقْتَ“ کہتا، جو ہمارے لیے باعثِ حیرت تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب مہمان چلا گیا تو حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: ”اے عمر! تمہیں معلوم ہے یہ سائل کون تھا؟“ میں نے عرض کیا کہ: ”اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم بہتر جانتے ہیں۔“

تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: ”فَإِنَّهُ جِبْرَائِيْلُ أَتَاكُمْ يُعَلِّمُكُمْ دِيْنَكُمْ۔“

ترجمہ: ”یہ حضرت جبرائیل علیہ السلام تھے، تمہیں تمہارا دین سکھانے کے لیے آئے تھے۔“

یہ سوالات وجوابات حدیث جبرئیل علیہ السلام کے نام سے معروف ہیں۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے غلبۂ ہیبت کی وجہ سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سوالات کرنے کی جرأت بہت کم ہوتی تھی۔ تعلیم حقائقِ دینیہ کو جاننے کے لیے اللہ تعالیٰ نے حضرت جبرائیل علیہ السلام کو انسانی شکل میں بھیجا تا کہ وہ سوال کریں اور معلمِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم جواب میں گوہر افشانی فرمائیں اور اس انداز سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا دامن، علمی جواہر پاروں سے بھر جائے۔

محدثین کرامؒ فرماتے ہیں کہ: حدیثِ جبرائیلؑ میں دین کے تین بنیادی احکامات کی تصریح کی گئی۔ پہلے احکامات وہ ہیں، جن کا تعلق خالص عقیدے کے ساتھ ہے، ان کو **احکامِ نظریہ** کہتے ہیں۔ دوسری قسم کے احکامات وہ ہیں، جن کا تعلق ظاہری اعمال کے ساتھ ہے، ان کو **احکامِ فرعیہ** کہتے ہیں اور تیسری قسم کے احکامات وہ ہیں، جن کا تعلق باطنی اعمال کے ساتھ ہے، ان کو **علم الاحسان** کہا جاتا ہے۔ یوں چند جملوں میں پورے دین کا خلاصہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے پیش کیا اور اس حدیث کو محدثین کرامؒ نے ”جوامع الکلم“ میں سے شمار کیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شخصیت انتہائی جامعیت کی حامل تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دین کے ان تینوں حصوں کی کماحقہ تشریح اور اشاعت کی۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں بھی جامعیت کی شان کافی حد تک تھی لیکن زمانۂ خیر القرون گزرنے کے بعد جامعیت میں بھی کمی آتی گئی، اس لیے علماء امت نے دین کی حفاظت وخدمت کے لیے ان شعبوں کو تین (3) مستقل علیحدہ علیحدہ علوم میں مدون کر دیا:

۱)...... تصحیحِ عقائد کے سلسلہ میں کتاب وسنت میں جو ہدایات دی گئیں، ان کی حفاظت وخدمت کے لیے ”علم الکلام“ مدون ہوا۔

۲)...... اعمالِ ظاہرہ کے متعلق جو رہنمائی کتاب وسنت نے کی تھی، اس کی تشریح کے لیے ”علم الفقہ“ کو مدون کیا۔

۳)...... اصلاحِ باطن کے متعلق جو باتیں کتاب وسنت نے بتائی ہیں، ان کی تفصیلات کے لیے ”علم الإحسان، علم الأخلاق“ یا ”علم التصوف“ مدون ہوا۔

یہ تینوں علوم قرآن وسنت سے کوئی الگ چیز نہیں، بلکہ کتاب وسنت کی روح اور ان کے ثمرات ہیں۔

حدیث جبرائیلؑ کی رو سے ”علم الإحسان“ دین کا ایک اہم شعبہ ہے جو زمانۂ حاضرہ میں ”علم التصوف“ کے نام سے زیادہ معروف ہے۔ اس میں انسان کے دل اور نفس کو پاک اور صاف کر کے اس کی اصلاح کی جاتی ہے تا کہ اللہ کا دھیان اور رضا حاصل ہو جائے۔ اس اصلاح کے دو (2) اجزاء ہیں:

۱)...... ظاہری اصلاح

۲)...... باطنی اصلاح

ظاہری اصلاح سے مراد یہ ہے کہ ظاہری اعضاء سے صادر ہونے والے گناہ جیسا کہ جھوٹ، غیبت، چوری، زنا وغیرہ چھوٹ جائیں اور عبادات،

معاملات اور معاشرت یعنی زندگی کے ہر شعبے میں اچھی صفات اپنا کر مکمل دین پر عمل ہونے لگے۔

باطنی اصلاح سے مراد یہ ہے کہ عقائد درست ہو جائیں، اللہ کی ذات اور صفات پر ایمان مضبوط ہو جائے، دل و نفس کے گناہ اور بری صفات جیسے حسد، بغض، کینہ، ریا اور تکبر وغیرہ کی اصلاح ہو جائے اور اللہ کی محبت اور اچھی صفات مثلاً عاجزی، اخلاص، صبر، شکر، توکل، تسلیم و رضا اور خوفِ الٰہی وغیرہ حاصل ہو جائے۔

اکابرینِ اسلاف نے انہی اوصافِ جمیلہ کو اپنانے اور اوصافِ مذمومہ سے دامن بچانے کو "علم التصوف" کا مقصد بتایا ہے۔

"رسالہ قشیریہ" میں ابو محمد جریری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ: "تصوف ہر اعلیٰ خُلق میں داخل ہونے اور ہر ذلیل خُلق سے نکلنے کا نام ہے۔" (۱)

حضرت محمد بن علی القصاب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ: "تصوف اُن کریمانہ اخلاق کا نام ہے جو کسی کریم زمانہ میں کسی کریم انسان سے شریف لوگوں کے سامنے ظہور پذیر ہوں۔" (۲)

حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ: "تصوف شریعت پر اخلاص سے عمل کرنے کا نام ہے۔" (۳)

حضرت محمدؒ بن علی بن حسین بن علیؓ بن ابو طالب فرماتے ہیں کہ: "تصوف اچھے اخلاق کا دوسرا نام ہے، جو اچھے اخلاق میں تجھ سے زیادہ ہے وہ تصوف میں زیادہ ہے۔" (۴)

حضرت احمد خزویہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ: "تصوف باطن کی گندگی اور کدورتوں سے پاکیزگی حاصل کرنے کا نام ہے۔" (۵)

حضرت مرتعش رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ: "تصوف اچھے اخلاق کے مجموعہ کا نام ہے۔" (۶)

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ: "تصوف کی ابتداء "إنما الأعمال بالنيات" (بے شک اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے) اور انتہاء "أن تعبد الله كأنك تراه" (یہ کہ اللہ کی عبادت ایسا کرے کہ گویا تو اس کو دیکھ رہا ہے) ہے۔" (۷)

حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ: "تصوف یہ ہے کہ اللہ کو عبادت سے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اطاعت سے اور مخلوقِ خدا کو خدمت سے راضی کرو۔" (۸)

اکابرین کرامؒ کی تعریفات سے تقریباً یہی بات ثابت ہوتی ہے، جو تمہید میں نتیجہ کے طور پر عرض کی گئی، لہٰذا تصوف کوئی نئی یا اچھوتی چیز نہیں، بلکہ نفس وقلب کی اصلاح کر کے تمام ظاہری اور باطنی گناہوں کو چھوڑ کر اللہ تعالیٰ کو راضی کرنا اور اخلاقِ حمیدہ سے متصف ہونے کا نام ہے۔

کوئی بندۂ خدا نہیں چاہتا کہ وہ لوگوں کے دلوں میں نہ رہے، کیونکہ حسنِ اخلاق ہی کی بدولت انسان دوسروں کے دلوں میں اپنا مقام بنا سکتے ہیں، اللہ رب العزت بھی انسان سے یہی چاہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتے ہیں: "وَذَرُوا ظَاهِرَ الْإِثْمِ وَبَاطِنَهُ"

ترجمہ: "اور ظاہری گناہ اور پوشیدہ گناہ سب چھوڑ دو۔" (۹)

صاحبِ تفسیر خازنؒ اس آیتِ کریمہ کی تشریح میں فرماتے ہیں: "اَلْمُرَادُ بِظَاهِرِ الْإِثْمِ أَفْعَالُ الْجَوَارِحِ وَبَاطِنِهِ أَفْعَالُ الْقُلُوْبِ" (۱۰)

ترجمہ: "ظاہری گناہ سے مراد اعضاء وجوارح کے اعمال اور باطنی گناہ سے مراد دل کے اعمال ہیں۔"

ظاہری اور پوشیدہ گناہ چھوڑنا تصوف کا مقصد ہے۔

اب قاری کے ذہن میں سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہ تصوف ہم کس طرح حاصل کریں گے کہ ہمیں یہ مطلوبہ نتائج مل جائیں تو اس کے لیے بھی شریعت کے واضح اصول موجود ہیں۔ جس طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث جبرائیل میں دین کے بنیادی شعبوں کو بیان کیا ہے، بالکل اسی طرح مختلف موقعوں پر ان کی تفصیل بھی بیان فرمائی ہے۔

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ دنیا میں جتنے بھی دینی و دنیاوی علوم ہیں، ان کے سیکھنے کے لیے استاذ کے سامنے زانوئے تلمذ اختیار کرنا ضروری ہوتا ہے، دینی مدارس اور عصری تعلیمی اداروں کا قیام اسی واسطے عمل میں لایا جاتا ہے کہ وہاں پر اساتذہ کرام سے مدارس کی چاردیواری میں دینی و دنیاوی علوم کے متلاشی حضرات علم حاصل کر سکیں، بالکل اسی طرح علمِ تصوف سیکھنے کے لیے بھی شیخ کامل کے پاس جانا ضروری ہوتا ہے۔ شیخ (مرشد) جہاں پر سالکین کی تربیت کرتے ہیں، اس جگہ کو "خانقاہ" کہا جاتا ہے، خانقاہ میں شیخ کے ساتھ

مرید ایک عہد و پیمان کرتا ہے، جس کو تصوف کی اصطلاح میں ''بیعت'' کہا جاتا ہے۔ یہ بیعت ''بیعتِ توبہ'' کہلاتی ہے۔ مرید جب شیخ کے پاس بیعت کے لیے جاتا ہے تو مرید شیخ کے ہاتھوں میں ہاتھ دے کر یہ عہد کرتا ہے کہ میں پچھلے تمام گناہوں سے توبہ تائب ہوتا ہوں اور آئندہ نیکوکاری کی زندگی اختیار کروں گا اور شیخ (مرشد) یہ عہد کرتا ہے کہ مرید کو اللہ تعالیٰ کے احکام اور حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتوں کے مطابق زندگی گزارنا سکھاؤں گا۔ یہ ایک سنت عمل ہے اور حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے چار (4) طرح کی بیعت ثابت ہے:

۱) بیعتِ اسلام ۲) بیعتِ جہاد

۳) بیعتِ ہجرت ۴) بیعتِ توبہ (بیعتِ طریقت)

تصوف میں بھی بیعتِ توبہ کرائی جاتی ہے، اس بیعت کا ثبوت بھی قرآن وسنت سے ملتا ہے، اللہ رب العزت اپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہیں: ''يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰٓى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْـًٔا وَّ لَا يَسْرِقْنَ وَ لَا يَزْنِيْنَ وَ لَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَ لَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَ اَرْجُلِهِنَّ وَ لَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَ اسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔'' (۱۱)

ترجمہ: ''اے پیارے نبی! جب مؤمن عورتیں آپ کے پاس آئیں بیعت کرنے کے لیے اس بات پر کہ اللہ کے ساتھ شرک نہیں کریں گی اور چوری نہیں کریں گی اور بدکاری نہیں کریں گی اور اپنی اولاد کو قتل نہیں کریں گی اور تہمت نہیں لگائیں گی اور کوئی بھی گناہ نہیں کریں گی تو اُن کو بیعت کر لیجیے اور ان کے لیے استغفار کیجیے، اللہ ان کے گناہوں کو معاف کر دیں گے۔''

عورتوں کی بیعت کا ذکر قرآن عظیم الشان میں ہے اور مردوں کی بیعت کا ذکر انہی الفاظ کے ساتھ بخاری شریف میں ہے۔ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ: ''نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کہ صحابہ کرامؓ کی ایک جماعت ساتھ تھی، تم مجھ سے اس بات پر بیعت کرو کہ آج کے بعد اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں ٹھہراؤ گے، چوری نہیں کرو گے، بدکاری نہیں کرو گے، اپنی اولاد کو قتل نہیں کرو گے، ایک دوسرے پر بہتان نہیں لگاؤ گے اور کوئی بھی گناہ نہیں کرو گے، پس جس نے اس بیعت میں وفا کی، اس کا اجر اللہ تعالیٰ پر ہے اور جس نے اس میں کوئی کوتاہی کی اور دنیا میں اس کو سزا مل گئی تو یہ اس کا کفارہ ہے اور اگر دنیا میں سزا نہ ملی، بلکہ اللہ نے پردہ رکھا تو اس کا معاملہ اللہ پر ہے، چاہے تو معاف کر دے اور چاہے تو سزا دے، پس ہم نے بیعت کر لی۔'' (۱۲)

حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے اس عمل کی اتباع میں مشائخِ تصوف خانقاہوں میں اپنے مریدین سے یہی بیعتِ توبہ کراتے ہیں۔ بیعت کا اصل مقصد یہ ہے کہ شریعت کے احکام پر عمل کر کے اللہ تعالیٰ کو راضی کرنا ہے۔ اس کے علاوہ بیعت کا مقصد نہ کشف وکرامات کا حاصل ہونا ہوتا ہے، نہ دنیاوی کاموں میں کامیابی ضروری ہے، نہ ہی یہ کیفیت کہ گناہ کا خیال ہی نہ آئے اور نہ ہی عمدہ خوابوں کا نظر آنا ضروری ہے، بلکہ اصل مقصد تو شریعت کے احکامات پر چل کر اللہ کو راضی کرنا ہے۔

بیعت طریقت کرنے سے انسان کو اپنے مشائخِ سلسلہ کے واسطہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قلبِ مبارک سے ایک روحانی تعلّق نصیب ہو جاتا ہے۔ اب یہاں ایک سوال ذہن میں آتا ہے کہ ''علم التصوف'' کے راستے میں شیخ، مرشد یا پیر کی کیا ضرورت ہوتی ہے؟ کیا خود سے یہ راستہ عبور نہیں کیا جا سکتا ہے؟ تو اس کے لیے یاد رکھیے کہ ہر دور اور ہر زمانے میں انسانیت کی ہدایت کے لیے اللہ تعالیٰ نے کتاب اللہ اور رجال اللہ کو ذریعہ بنایا۔ کئی مرتبہ ایسا ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے نبی کو مبعوث فرمایا، مگر کتاب نہیں بھیجی، لیکن ایسا کبھی نہیں ہوا کہ کتاب بھیج دی ہو اور نبی کو نہ بھیجا گیا ہو۔ اس سے رجال اللہ کی اہمیت واضح ہوتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ کسی قوم پر عذاب اس وقت تک نازل نہیں ہوا، جب تک اتمامِ حجت کے لیے نبی کو نہ بھیجا گیا ہو۔ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا۔'' (۱۳)

ترجمہ: ''اور ہم (کبھی) سزا نہیں دیتے، جب تک کسی رسول کو نہیں بھیج لیتے۔''

یہ اس لیے کہ ہر انسان کو اپنی تربیت کے لیے مُربی اور تزکیہ کے لیے مُزکی کی ضرورت ہوتی ہے۔ سورۃ المائدہ میں اللہ رب العزت فرماتے ہیں: ''يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ۔'' (۱۴)

ترجمہ: ”اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور اس کا قرب ڈھونڈو۔“

اس کی تفسیر میں علامہ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”اَلْوَسِیْلَةُ هِیَ الَّتِیْ یَتَوَصَّلُ بِهَا اِلٰی تَحْصِیْلِ الْمَقْصُوْدِ“ (۱۵)

ترجمہ: ”وسیلہ سے مراد وہ ہے جو آپ کو مقصود سے واصل کردے (ملادے)۔“

صاحب جلالینؒ فرماتے ہیں کہ: ”مَا یُقَرِّبُکُمْ اِلَیْهِ مِنْ طَاعَةٍ“ یعنی جو آپ کو طاعت کے قریب کردے۔ لہٰذا مفسرین کرام کا فرمان ہے کہ ”الوسیلة“ سے مرشد مراد ہے، جو اللہ تعالیٰ کے قرب اور انسان کی اصلاح کا سبب بنتا ہے۔ ایک دوسری جگہ سورۃ التوبۃ میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: ”یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ“ (۱۶)

ترجمہ: ”اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ رہو۔“

اس آیت کی تشریح میں مفتی محمد شفیع رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”اس جگہ قرآن کریم نے علماء وصلحاء کی بجائے صادقین کا لفظ اختیار فرما کر عالم وصالح کی پہچان بتلادی کہ صالح صرف وہی شخص ہوسکتا ہے جس کا ظاہر وباطن یکساں ہو، نیت وارادے کا بھی سچا ہو، قول کا بھی سچا ہو، عمل کا بھی سچا ہو۔ (۱۷)

صاف ظاہر ہے کہ آج کے دور میں صادقین کا مصداق مشائخ عظام ہی ہیں، کیونکہ تصوف وسلوک کے راہی میں ہی یہ اوصاف جمع ہوسکتے ہیں۔ ایک بزرگ ایک عقلی دلیل سے مزید یہ بات سمجھاتے ہیں: ایک طالب علم کمرۂ امتحان میں بیٹھا پرچہ حل کررہا ہوتا ہے، تو وہ اپنے گمان میں ہر سوال کو ٹھیک ٹھیک حل کرتا ہے (اگر اُسے پتہ ہو کہ میں فلاں غلطی کررہا ہوں تو وہ کرے ہی کیوں؟)۔ جب طالب علم کا پرچہ استاذ کے ہاتھ میں آتا ہے تو وہ بعض جوابات کو ٹھیک قرار دیتا ہے اور بعض کو غلط، تب طالب علم تسلیم کرتا ہے کہ اس سے غلطی ہوئی۔ اسی طرح سالک بھی اپنے زعم میں تحدیثِ نعمت سمجھ کر کسی بات کا اظہار کرتا ہے، مگر شیخ کامل پہچانتا ہے کہ یہ عُجب کی وجہ سے ہے۔ سالک اپنے خیال میں سخاوت کی وجہ سے مال خرچ کرتا ہے، مگر شیخ بتاتا ہے کہ یہ اسراف ہے۔ پیر ومرشد کے بغیر گمراہی کے گڑھے میں گرنے کا خطرہ ہوتا ہے، اس لیے ضروری ہے کہ مرشد کے سائے میں زندگی گزار کر سلوک کا راستہ طے کرے، تاکہ سالک (مرید) اپنی غلطی سے آگاہ رہے اور باطنی امراض سے بچتا رہے۔

اب اگر کسی کے ذہن میں یہ بات آجائے کہ شیخ (مرشد) کیسا ہونا چاہیے، تو اس کے لیے ہمارے بزرگوں نے کئی شرائط بیان کی ہیں، حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے ”تسہیل قصد السبیل“ میں شیخ کامل کے لیے چھ (6) شرائط اور چھ (6) نشانیاں لکھی ہوئی ہیں، اس کے علاوہ کچھ بزرگوں نے مزید کچھ نشانیاں بتائی ہیں، جن کا لبِ لباب یہ ہے کہ شیخ کامل وہ ہوتا ہے جو متبعِ شریعت ہو اور جس کی صحبت میں بیٹھنے سے آپ کے دل میں اللہ کی محبت، حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت، دین کی محبت، قرآن عظیم الشان کی محبت، اعمالِ صالحہ کی طرف رجوع اور اللہ کی طرف رجوع کا شوق پیدا ہو تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ آپ جس کے پاس گئے ہیں، وہ اللہ والا ہے، شیخِ کامل ہے، اس کی صحبت میں بیٹھ کر اپنی اصلاح کرواسکتے ہیں اور سلوک کا راستہ طے کرسکتے ہیں۔

خلاصۂ مضمون یہ ہے کہ تصوف کا مقصد اللہ کی رضا جوئی ہے، اللہ کی معرفت حاصل کرنا ہے، جو کہ ہر انسان سے مطلوب ہے، بلکہ انسان کی تخلیق ہی اسی واسطہ کی گئی کہ اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کرے اور اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کرنے کے لیے تصوف وسلوک بھی ایک مستند راستہ ہے، جس پر چل کر انسان اپنی منزلِ مقصود تک پہنچ سکتا ہے۔ اللہ رب العزت ہم سب کو اپنی رضا، اپنی لقا، اور اپنی یاد والی زندگی نصیب فرمائے۔

حواشی

1. رسالہ قشیریہ، ص:۴۱۷
2. رسالہ قشیریہ، ص:۴۱۸
3. تصوف وسلوک، ص:۱۳
4. حقیقتِ تصوف وسلوک، ص:۹۶
5. تصوف وسلوک، ص:۱۲
6. تصوف وسلوک، ص:۱۲
7. حقیقتِ تصوف وسلوک، ص:۹۷
8. حقیقتِ تصوف وسلوک، ص:۹۷
9. سورۃ الانعام، آیت:۱۲۰
10. تفسیر خازن، ج:۲، ص:۱۴۶
11. سورۃ الممتحنۃ، آیت:۱۲
12. بخاری شریف
13. سورۂ بنی اسرائیل، آیت:۱۵
14. سورۃ المائدہ، آیت:۳۵
15. تفسیر ابن کثیر، ص:۵۴
16. سورۃ التوبہ، آیت:۱۱۹
17. معارف القرآن

کشکول قلندری

المعروف فیض العملیات

صفحات: 399 قیمت: 400

مصنف خادم الفقراء حضرت سراج الدین چشتی قادریؒ

☆ شر شیاطین وجن سے محفوظ ☆ کامیابی کیلئے ☆ تعویذ برائے درد نیم سر ☆ مریض کی صحت یابی کیلئے ☆ دشمن او رحاسد کیلئے ☆ مصیبت وقرض کیلئے ☆ ملازمت کے حصول کیلئے ☆ ترقی رزق کیلئے ☆ گنڈہ حمل ☆ زیادتی دودھ کیلئے ☆ طویل عمر کیلئے ☆ قیام حمل کیلئے ☆ نظر بد کیلئے ☆ بچوں کی حفاظت کیلئے ☆ برائے دفع آفات ☆ بچوں کا سوکڑا پن ☆ برائے حیض کیلئے ☆ حاملہ کیلئے ☆ بچے کی زندگی کیلئے ☆ گنڈا برائے بانجھ پن ☆ لڑکی کی شادی کیلئے ☆ زیادتی حیض ☆ کاروبار میں برکت ☆ آفات وبلیات کیلئے ☆ رشتہ کیلئے ☆ میاں بیوی میں محبت ☆ معشوق فوراً حاضر ہو ☆ محبوب حاضر ہو ☆ کینسر اور فالج کا علاج ☆ زبان بند ہو جانے کا علاج ☆ بے اولاد کیلئے نایاب تحفہ ☆ دو میں دشمنی ڈالنا ☆ بغض کیلئے پُر تاثیر

0332-4487877 042-35410586 maktabatulaarif
0323-4487877 maktabatulaarif
maktabatulaarif.com maktabatulaarif@gmail.com

مکتبۃ العارف

مزمل روحانی جنتری 2023

صفحات: 128 قیمت: 300

بانی ادارہ روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

☆ کھلا خط ☆ اختتام ابتدائے سال کی دعا ☆ درود مزمل ☆ سورۂ مزمل ☆ نوروز عالم افروز ☆ آداب واعمال نوروز عالم افروز ☆ 2023ء کی پیشن گوئیاں ☆ تقویم، رفتار سیارگان 2023ء ☆ رنگ اور لباس، خوشی کی رسم کرنا ☆ سعد تاریخیں برائے نکاح ☆ اہم امور، آغاز سفر ☆ جائداد خریدنا، ملازم رکھنا ☆ قرض دینا، قرض لینا ☆ بچے کا نام رکھنا، عقیقہ کرنا ☆ اعداد ابجد قمری شہر، دن سیارگان ☆ ایام کے ابجد قمری، مہینوں کے اعداد ☆ ستاروں کے اعداد، ابجد قمری بروج ☆ جمع آکڑے، نفی آکڑے ☆ 2023ء تھائی لینڈ کے لکی نمبرز ☆ 2023ء کے لکی نمبرز ☆ نتائج انعامی بانڈز 2022ء ☆ شیڈول انعامی بانڈز 2023ء ☆ صدقات بروج ☆ یہ سال کیسا رہے گا؟ ☆ 30 سالہ اوقات نوروز عالم افروز ☆ دوست دشمن موزوں بروج ☆ کسوف وخسوف 2023ء کیفیت سیارگان ☆ سیارگان در قطبین ☆ احکامات وظائف وعملیات ☆ داخلہ خروج سیارگان ☆ قمر در عقرب، قمر در ثور ☆ شرفات سیارگان

0332-4487877 042-35410586 maktabatulaarif
0323-4487877 maktabatulaarif
maktabatulaarif.com maktabatulaarif@gmail.com

مکتبۃ العارف

پراسرار حقائق

جن، جادو، آسیب، نظر بد، حقیقت، بچاؤ اور علاج

صفحات: 167 قیمت: 295

جمع وترتیب قاری طارق جاوید عارفی

☆ فسانے کیا کیا! ☆ شعبدہ بازیاں اور جعل سازیاں ☆ عمل کا الٹا پڑ جانا ☆ ہانڈی الٹنا ☆ بیماریوں سے یقینی شفاء ☆ مقدمے سے براءت اور بے روزگاری سے نجات ☆ جادو حقیقت یا فسانہ ☆ علم غیب کیا ہے؟ ☆ جنات اور شیاطین ☆ جنوں اور شیطانوں کا کھانا پینا اور بعض دیگر صفات ☆ جنات وشیاطین کا وجود (قرآن وسنت کی روشنی میں) ☆ جنات کہاں رہتے ہیں؟ ☆ جادو کیا ہے؟ ☆ جادو کی اقسام ☆ جنات کیسے حاضر کئے جاتے ہیں؟ ☆ جادوگر کی علامات ☆ جادوگر کی سزا ☆ کاہن کے پاس جانے والے کا حکم ☆ جادو سے بچاؤ کی اہم حفاظتی تدابیر ☆ آیت الکرسی پڑھنا ☆ باوضو رہنے کی کوشش کریں ☆ نماز باجماعت کی پابندی کریں ☆ قیام اللیل کا اہتمام کریں ☆ بیت الخلاء میں جانے سے قبل دعا کا اہتمام کریں

0332-4487877 042-35410586 maktabatulaarif
0323-4487877 maktabatulaarif
maktabatulaarif.com maktabatulaarif@gmail.com

مکتبۃ العارف

جماع

مترجم: سید انتظار حسین شاہ زنجانی

صفحات: 112 قیمت: 500

☆ اقسام مرض ☆ کثرت جماع ☆ اصلاح ضرر ☆ فوائد جماع ☆ جماع کی ضرورت ☆ مقوی باہ مفرد دوائیں ☆ مادہ منی کو بڑھانے والی جوارشیں ☆ روغن مقوی باہ ☆ شہوت میں جوش پیدا کرنے والے مقوی باہ مربے ☆ مقوی باہ گولیاں ☆ سونگھنے کی مقوی باہ دوائیں ☆ لذت پیدا کرنے والی اور کیف افزا دوائیں ☆ باہ کو قطع کرنے والی دوائیں ☆ معین حمل دوائیں ☆ عشق ومحبت کا معیار ☆ اعضائے نسوانی کا توازن ☆ شہوت نسوانی کی قلت وکثرت اور شناخت اندام نہانی ☆ عورتوں کی اقسام باعتبار خواہش جماع کے ☆ وہ پانچ عورتیں جماع کی دلدادہ ہوتی ہیں ☆ جلد کو رنگین اور چہرہ نکھارنے والی دوائیں ☆ دانتوں کو سفید اور چمکدار بنانے والے منجن ☆ خوشبودار گولیاں ☆ جسم کو قوی اور فربہ کرنے والی دوائیں ☆ ہتھیلیاں اور انگلیاں رنگنے کے مختلف خضاب ☆ عورتوں کے رحم کو قوت دینے والی دوائیں ☆ رحم کی کجی گردن کو سیدھا کرنے والی دوائیں ☆ عورتوں کی پشت کو مضبوط کرنے والی اور ان کی منی کو گاڑھا کرنے والی اور بڑھانے والی دوائیں

0332-4487877 042-35410586 maktabatulaarif
0323-4487877 maktabatulaarif
maktabatulaarif.com maktabatulaarif@gmail.com

مکتبۃ العارف

مکتبہ العارف سے عملیات/تعویذات/وظائف اور دیگر روحانی علوم پر کتب ورسائل آن لائن خریدیں https://bit.ly/3reutxX

حکّام و دشمن کے لیے عملیات

حضرت مولانا شیخ محمد محدث تھانوی چشتی رحمہ اللہ

لحضور الامراء
(امراء و حکام کے سامنے جاتے وقت)

یہ آیت گیارہ (11) بار پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن اور چہرہ پر پھیرے۔ فَلَمَّا رَاَيْنَهٗۤ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ٘ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ؕ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ۔ ان شاءاللہ، ان سے سوائے خیر کے کچھ حاصل نہ ہوگا۔ ان کے شرو مضار سے محفوظ رہے گا۔

دشمن سے حفاظت

از حضرت قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتیؒ، از طریقہ حضرت غوث الثقلینؒ۔ جس وقت حکام وقت یا کسی دشمن سے کسی حادثے یا صدمہ پہنچنے کا اندیشہ ہو یا نقصان پہنچ چکا ہو، نماز تہجد کے بعد آیت کریمہ ایک مکان میں پاک جگہ اور طہارت کاملہ کے ساتھ، گیارہ سو (1100) مرتبہ، اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ (11،11) بار پڑھے، مجرب ہے۔ آیت کریمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔

برائے دفعیہ اعداء

بعد نماز عشاء دو (2) رکعتیں بہ نیت نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سات سات (7،7) مرتبہ سورۂ فیل (الم ترکیف) پڑھے اور سلام پھیر کر وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ ؕ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا چالیس (40) مرتبہ پڑھے۔ دشمن بھاگ جائے گا۔

دشمن کا خانہ خراب ہو

ماہ قمری کے آخری جمعہ کو پچاس (50) تنکے مسجد سے لے اور تھوڑی سی مٹی کسی ویرانہ میں سے اور غیر آباد مسجد اور اُجڑے مکان کی لے کر ہر تنکے پر پچاس پچاس (50) مرتبہ الم ترکیف پڑھو اور تنکوں کو جلا کر اس کی راکھ اس مٹی میں ملا کر رکھ لو اور دشمن کے مکان میں ڈال دو۔ دشمن کا خانہ خراب ہو۔

دشمن ہلاک و برباد ہو

منقول از حضرت شیخ شیوخنا مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ۔ جو شخص سورۂ فیل ایک ہزار (1000) بار، روزانہ دس (10) روز تک دشمن کی ہلاکت کی نیت سے پڑھے، بہت جلدی اس کا دشمن ہلاک و برباد ہو۔ بارہا کا آزمودہ ہے۔

دشمن ہلاک اور برباد اور اپنے منصب سے معزول ہو

از شاہ صاحب موصوف الصدر۔ جو ایسے دشمن کے بس میں ہو، جس کا قتل شرعاً جائز ہو، اس کو چاہیے کہ اکتالیس (41) دفعہ سورۂ یٰسین کسی پاک مقام میں جو آب جاری یا تالاب اور کنویں کے نزدیک ہو، پڑھے اور پڑھتے وقت ایک کچی اینٹ اپنے سامنے رکھ لے۔ اور ہر بار ختم سورۃ پر ایک خط اینٹ پر کھینچ دے۔ یہاں تک کہ اکتالیس (41) لکیریں ہو جائیں۔ پھر قبلہ رُو ہو کر وہ اینٹ اس پانی میں پھینک دے۔ بہ نیت ہلاکت ظالم، دشمن ہلاک اور برباد اور اپنے منصب سے معزول ہوگا، عنقریب۔ بارہا تجربہ کیا گیا ہے۔

ظالم ہمسایہ سے نجات

از شاہ صاحب موصوف الصدر۔ میرے مخلص دوستوں میں ایک شخص ایک ظالم ہمسایہ سے جو شاہی امراء میں تھا، نہایت پریشان تھا۔ قریب تھا کہ وہ اس سے عاجز ہو کر خودکشی کر لے۔ مجھ سے اس نے واقعہ بیان کیا۔ میں نے کہا تو روزانہ ایک ہزار مرتبہ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ پڑھا کر اور اپنے بچوں اور تمام متعلقین کو بھی یہی پڑھنے کی ہدایت کر۔ چند روز گزرے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو اس حادثہ سے نجات دی۔ بارہا آزمایا۔

نوٹ: یہ تمام اعمال صرف جائز مقصد کے لیے کریں۔

مجرب عملیات وتعویذات

حضرت مولانا امان اللہ صاحب رحمہ اللہ (میلسی)

برائے استخارہ

دو(2) رکعت نفل کی نیت باندھ لے اور پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ پڑھنے کے بعد سورۂ اخلاص پچیس (25) مرتبہ، دوسری میں (25) مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ پھر سلام پھیرنے کے بعد کھڑا ہو کر اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ کا رٹا لگائے۔ اگر گردن دائیں جانب پھر جائے تو کام ہوجائے گا۔

برائے استخارہ

بعد نماز عشاء دو (2) رکعت نماز نفل کی نیت باندھ لے۔ جب اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ پر پہنچے تو رٹا لگائے۔ اگر گردن دائیں جانب مڑ جائے تو کام ہوجائے گا۔

مناظرہ میں کامیابی وکشادگی ذہن کے لیے

سورۂ یٰسین سات (7) روز تک زعفران اور گلاب سے طشتری پر لکھ کر روزانہ پینے سے حافظہ بڑھتا ہے۔ جو چیز یاد ہے، فراموش نہیں ہوتی۔ اور اس کے پینے والا بحث میں غالب رہتا ہے۔

برائے محافظت زراعت

کاغذ پر لکھ کر کوری ٹھیری میں بند کر کے اس کو زراعت کے تختہ میں دفن کردے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یَارَزَّاقَ الْعِبَادِ یَاخَلَّاقَ الْخَلَائِقِ یَافَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا مُنْبِتَ الزَّرْعِ فِی الْاَرْضِ وَ النَّبَاتِ وَ یَامُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ اِدْفَعْ مِنْ ھٰذَا الزَّرْعِ شَرَّ الْھَوَامِ وَ الْوُحُوْشِ وَ شَرَّ الْفَارَۃِ وَ الْخَنَازِیْرِ الْمُفْسِدَۃِ وَ ارْزُقْنَا رِزْقًا حَسَنًا وَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

برائے دفعیہ شرور حاکماں

مندرجہ ذیل تعویذ لکھ کر چمڑہ میں بند کرا کے دایاں بازو پر باندھیں۔

تعویذ یہ ہے:

فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَالسَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ۔ سَتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَیْنَا وَعَیْنُ اللّٰہِ نَاظِرَۃٌ اِلَیْنَا بِحَوْلِ اللّٰہِ لَا یَقْدِرُ عَلَیْنَا۔ وَاللّٰہُ مِنْ وَّرَآئِہِمْ مُّحِیْطٌ۔ اَللّٰھُمَّ اسْتُرْنِیْ بِسَتْرِکَ الْجَمِیْلِ الَّذِیْ سَتَرْتَ بِہٖ نَفْسَکَ فَلَا عَیْنٌ تَرَاکَ۔ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ۔ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ۔

خونی بواسیر کے لیے

بواسیر کا خون بند کرنے کے لیے درج ذیل تعویذ کو لکھ کر ناف کے نیچے پشت کی طرف باندھے۔ اور دوسرا تعویذ لکھ کر اس پر ڈھیلے کو مَلیں، پھر وہ ڈھیلا مَسے کے اوپر مَلیں۔ اسی طرح چند روز کریں۔

تعویذ نمبر ۱: بسم اللہ سمیری سامری سمرونا اندرنا (ناف کے نیچے کا)۔

تعویذ نمبر ۲: ادادانا اسمت سمیری سواھا بواھا سامری سمرونا اندرونا۔ اس تعویذ پر ڈھیلے کو مَل کر مسے پر ملیں۔

پھٹی دیوار نہ گرے

اگر کسی مکان کی دیوار پھٹ گئی ہو یا ٹیڑھی ہوگئی ہو اور گرنے کا خطرہ ہو تو یہ شعر سیاہی سے لکھ کر کاغذ دیوار پر چسپاں کردیں۔ ان شاء اللہ، دیوار نہ گرے گی۔

شعر یہ ہے: الٰہی بحرمت معروف کرخیؒ، بماند سالہا دیوار ترقی۔

قاصر از زن

سورۂ بینہ ولم یکن الذین کفروا پوری سورت لکھ کر پلانے سے مرد کھل جاتا ہے۔

تسخیر دیوی

علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شاب قادری (حویلی لکھا)

پاروتی دیوی ایک عورت ہے اور اسے دیوتا شیوجی کی نسوانی مظہر کہا جاتا ہے۔اور یہی دیوی شیوجی کی استری یعنی بیوی بھی ہے۔اپنے زمانہ میں پُراسرار قوتوں کی مالک تھی۔اس کی پوجا بہت دھوم دھام سے ہندوستان میں ہوتی ہے۔یہ دراصل مہاوت (مہاولہ) کی بیٹی تھی۔ہندو مذہب میں اس پُراسرار شکتی نے متعدد شکلوں میں لوگوں سے اپنی پوجا کرائی۔

اس دیوی کے کئی صفاتی نام ہیں۔اس کے ہر نام کی حیثیت سے اس کی پوجا ہوتی ہے۔مثلاً اُما یعنی مہربان، شفیق۔بھروی یعنی ڈراؤنی۔مسیکا پیدا کرنے والی۔ستی یعنی معاری بیوی۔گوری یعنی روشن۔کالی یعنی سیاہ۔دُرگا یعنی ناقابل رسائی۔

لوگ اسی دیوی کو کالی دیوی اور دُرگا دیوی کے نام سے بہت زیادہ پہنچانتے ہیں۔دراصل یہ سب پاروتی دیوی کے روپ ہیں۔بنگال میں اس دیوی کی پوجا کالی دیوی اور دُرگا دیوی کی حیثیت سے ہوتی ہے۔اور یہی درگا بنگالیوں کے ہاں سب سے بڑا تہوار ہے۔اور اسی درگا پوجا کو دوسرے مقام پر دسہرا کہتے ہیں۔قدیم بنگالی انسانوں کو کالی دیوی کے چرنوں میں قربان کرتے تھے۔اور نوجوان کنیاؤں (کنواری لڑکیوں) کو اس کے قدموں پر قربان کرتے تھے۔اور ان کے نزدیک یہ قربانی کی دیوی ہے۔اور اسی حیثیت سے اس کی پوجا آج بھی ہورہی ہے۔مگر اب انسانوں کے جانوروں کو ذبح کیا جاتا ہے۔

ہندوؤں کے ایک پُران ہے جو ایک سو اٹھارہ (118) پرانوں میں سے ایک ہے۔اسے ''کالکاں پُران'' کہتے ہیں۔اس میں چھیانوے (96) باب ہیں اور کم وبیش نو (9000) ہزار اشلوک ہیں۔اس پران میں کالکاں یا پاروتی دیوی کی شکتی کا ذکر ہے اور اس کی مہمات کا بیان ہے۔

ہندوستان میں ایک علاقہ ہے جو اَب ضلع بن گیا ہے۔ھمیر پور نام ہے۔اس ضلع ھمیر پور میں دو سردار تھے جن کے نام آلھا اور اودل تھے۔ان اصحاب نے کالکا دیوی کو تسخیر کیا ہوا تھا۔

وہ ایک غیر انسانی قوت تھی، اس سے کوئی تاریخ دان انکار نہیں کرتا۔ہم یہاں پاروتی دیوی کے وہ تمام عمل درج کر رہے ہیں۔جو سلف جوگیان سے نسلاً بعد نسلاً چلے آرہے ہیں۔اور پاروتی کی تسخیر اس کے صفاتی اسماء کی حیثیت سے ہم بتائیں گے جس صفت کے ساتھ اس کی تسخیر کریں گے، اس کے الگ الگ فوائد حاصل ہوں گے۔

ہر تسخیر کا طریقہ کار جدا ہے۔جس صاحب کو جو طریقہ پسند آئے اپنا کر عمل کر کے دیکھ سکتا ہے۔

تسخیر پاروتی دیوی

پاروتی دیوی اس کی اصل حیثیت ہے۔یہ وہ حیثیت ہے جس سے وہ شیوجی کی دھرم پتنی تھی اور پُراسرار قوتوں کی مالک تھی۔اور اسی کے مختلف اسماء صفاتی ہیں۔یہ اس کا اسم ذاتی ہے۔اس کی تسخیر کا طریقہ یہ ہے کہ نوچندی اتوار کو صبح نکلتے ہوئے سورج پر نظر جمالیں اور بیٹھ جائیں۔آلتی پالتی مار کر اور مندرجہ ذیل منتر کا بلاتعداد جاپ کریں۔منتر یہ ہے۔

پَاروتی سَاروَتی اَگ رِی اَگار بَتی

چُھو چُھو کرے سَواھا

اور سورج پر نظر جمانے کی مشق کریں۔جب ایک (1) گھنٹہ تک دیکھنے پر قادر ہوجائیں۔تب عمل شروع کریں اور عمل پڑھا کریں۔پھر صبح کو عمل کر کے سوجایا کریں۔شام کو اُٹھ کر اشنان کریں۔یا پھر منہ ہاتھ دھولیں۔اور سورج غروب ہوتے ہی عمل پڑھنا شروع کردیں۔ساری رات پڑھتے رہیں۔جب فجر ہوجائے یعنی صبح صادق ہوجائے تو عمل بند کر کے کچھ دیر سکون کریں۔جب سورج نکل آئے تو اس پر نظر جما کر عمل پڑھنا شروع کریں۔ایک گھنٹہ عمل کرنے کے بعد سوجائیں۔

اس دوران کھانا کم کر دیں۔ اور سونا بولنا بھی کم کر دیں۔ گوشت ہمہ قسم منع ہے۔ حصار کی ضرورت نہیں ہے۔ اول روز آثار عجیب ظاہر ہوں گے۔ نو (9) یوم کا عمل ہے۔ آخری روز بہت خوب صورت شکل میں پاروتی دیوی ظاہر ہوگی۔ اپنی نشانی عنایت کرے گی اور بلانے کا طریقہ بتائے گی۔

تسخیر اُمّا دیوی

یہ بھی پاروتی دیوی کا مہربان روپ ہے۔ جسے شفیق کہا جاتا ہے۔ اس کی تسخیر سے عامل پر انعام واکرام کی بارش ہو جاتی ہے۔ لوگ بے دام غلام بن جاتے ہیں۔ مال ودولت کی کمی نہیں ہوتی، عیش وعشرت میں زندگی بسر کرتا ہے۔ دیوی اسے مال ودولت لا کر دیتی ہے۔ ہر طرح سے اس پر مہربان ہو جاتی ہے۔

طریقہ کار یہ ہے کہ کسی نہر یا دریا کے کنارے جائے جس کی گہرائی کا بخوبی اندازہ ہو۔ پھر ایک سرخ لنگوٹ باندھ کر کسی ایسے کنارے پر چلا جائے جہاں کوئی دوسرا بندہ نہ ہو۔ نہر کا پانی اتنا ہو کہ اس میں ناف تک آپ کا حصہ جسم پانی کے اندر رہے۔ اب چند لمبے لمبے سانس لینے کے بعد پانی میں بیٹھ جائیں تاکہ بمعہ سر پورا جسم پانی میں ڈوب جائے۔ ہاتھ میں ایک مالا ہو جس میں ایک سو آٹھ (108) دانے ہوں۔ پانی میں غوطہ لگا کر مندرجہ ذیل منتر کو جتنا پڑھ سکتے ہیں، پڑھیں اور جب دم گھٹنے لگے تو سر باہر نکال لیں اور سانس درست کریں۔ پڑھنا موقوف کریں، جب سانس اعتدال پر آجائے تو پھر غوطہ لگائیں، اس طرح پوری ایک، مالا آپ نے پانی میں غوطہ لگا کر جاپ کرنا ہے۔ اکیسویں روز جب آخری بار آپ سر باہر نکالیں گے تو ایک خوب صورت عورت روبرو ہوگی جو ہاتھ پکڑ کر باہر نکالے گی اور قول وقرار کرے گی۔ منتر یہ ہے۔

اُتا اُتا کھنیک اُتا جاروِیٔ سریکو اُتا ہار یادیے لیکھ

تسخیر بھیروی دیوی

اس دیوی کی تسخیر کے بعد آپ دشمنوں کو جو روپ چاہیں دکھا کر ڈرا سکتے ہیں۔ اگر آپ کا کوئی دشمن عمل وغیرہ کر رہا ہے تو بھیروی دیوی ایسے دہشت ناک طریقوں سے ڈرائے گی کہ وہ عمل کو کسی طور پورا نہ کر سکے گا۔ لوگوں کو خوابوں میں ڈرانا اور ظاہری طور پر ڈرا کر اپنا مطیع بنانا۔ جنگل میں جانوروں کو ڈرا کر بھگانا وغیرہ وغیرہ عموماً جوگی لوگ اس قسم کی تسخیرات کرتے ہیں۔ عمل کے لیے گوگل کی دھونی دینا ہے۔ اور کلب اور گربہ کے ملے ہوئے فضلے کو گول لکیر کی صورت میں ارد گرد بطور حصار بکھیر لیں اور رات کو گیارہ (11) بجے سے ایک (1) بجے تک مندرجہ ذیل منتر کا جاپ کریں۔

سُلکو بھیرویں سوالکھ

بھیروِی اِکو تے کَلَکھ بھیروی

ان دنوں اشنان ہرگز نہ کریں۔ اور نہ نیک لوگوں سے ملیں۔ مسجد مندر کا رُخ نہ کریں۔ تنہائی اور ویران جگہ رہیں۔ آٹھ (8) یوم کا عمل ہے۔ ساتویں روز دیوی حاضر ہوگی۔ مگر گفتگو نہ کرے گی، ایک (1) روز انتظار کریں۔ دوسرے روز خود گفتگو کرے گی۔ ان سات (7) دنوں میں جو کچھ پیش آتا ہے اس قدر روح فرسا ہے کہ اس کا تصور بھی محال ہے۔ اگر ثابت قدم رہے تو ٹھیک ہے ورنہ جان سے ہاتھ دھو بیٹھو گے۔ اچھے اچھوں کے پتے پانی ہو جاتے ہیں۔ اس قدر خوف اور کسی عمل میں نہیں آتا جتنا اس عمل میں آتا ہے۔ آٹھویں روز جب بھیروی دیوی حاضر ہو تو اس سے قول وقرار کر لیں اور طریقہ حاضری دریافت کر لیں۔

تسخیر مسیکا دیوی

یہ روپ پاروتی دیوی کا ہے۔ اسے پیدا کرنے والے کہتے ہیں۔ دراصل یہ اس دیوی کی قوت تصرف ہے۔ جو اس کا تصرف انسان کی قوت واہمہ پر ہے۔ اسی کے ذریعے وہ خود کو پیدا کرنے والی منواتی ہے ورنہ حقیقت تو صاف ظاہر ہے خدائے مطلق پیدا کرنے والا ہے۔ یہ دیوی کا وہ تصرف ہے جو انسان کی قوتِ واہمہ پر جاری ہو کر جو چاہتا ہے انسان کو کر کے دکھاتا ہے۔

جیسا کہ قرآن حکیم میں فرعون کے جادوگروں اور موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ ہے کہ جادوگروں نے اپنے تصرفِ واہمہ کی قوت سے رسیوں کو سانپ بنا کر دکھا دیا حالانکہ وہ پیدا کرنے والے نہ تھے۔

(بقیہ: ص 33)

سحرو جادو کی معجزہ نما تشخیص و علاج

حکیم محمد بشیر نوشاہی (علی پور چٹھہ)

جس مریض کو شک وشبہ ہو کہ مجھ پر کسی قسم کا جادو وغیرہ کا اثر ہو چکا ہے تو عامل ایسے مریض کو اپنے سامنے بٹھا کر مندرجہ ذیل اسماء کو سات (7) یا گیارہ (11) بار پڑھ کر اس کے منہ میں پھونکے، دوبارہ پڑھ کر ناک کے دونوں نتھنوں میں پھونکے، اسی طرح باری باری آنکھوں، سینہ اور دل کے مقام پر پھونکے پھر اسی طرح پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلادے تو سحر و جادو کا اثر ہونے کی صورت میں پانی حلق سے نیچے اترتے ہی مریض غشی کی حالت میں زمین پر لوٹ پوٹ ہونے لگے گا۔ عامل مریض کی اس حالت پر کوئی توجہ نہ دے بلکہ بار بار اپنا عمل پڑھ کر پھونکتا جائے۔ کچھ دیر بعد اچانک غشی کا دورہ ختم ہو جائے گا اور مریض کا دل متلانے لگے گا اور ساتھ ہی اسے قے یا اُلٹی آنا شروع ہو جائے گی۔ اُلٹی کے اس پانی کو پہلے سے رکھے ہوئے کسی برتن میں اکٹھا کرتے جائیں۔ بعدہ، جب اس کو بغور دیکھیں گے تو اس پانی میں خون کے منجمد ٹکڑے، جلی ہوئی راکھ کے ذرات، بوسیدہ اور پھٹے پرانے کاغذات کی صورت تعویذات اور غلیظ و مکروہ قسم کا مواد نظر آئے گا۔ اُلٹی کا یہ پانی گرم اور جھاگ دار معلوم ہوگا جس میں آگ اور دھوئیں کا دبیز سا غبار نمایاں طور پر دیکھنے میں آئے گا۔ سحر اس وقت تک اُلٹی و قے کرتا رہے گا جب تک جادو کا تمام اثر مکمل طور پر باطل ہو کر اس کے جسم سے نکل نہ جائے گا۔ اس عمل کے نتیجہ میں مریض خود بخود ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ٹھیک ہو جاتا ہے، روزانہ کے معمولات کا تجربہ شدہ یہ عمل بھی حاضر ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اٰیَا تَعَالَوْ کَلِمَۃً ھَیًا نُوْ مُجَا نُوْ عَظِیْمَۃً وَ یَنُوْا بِھَآ السَّحْرَا الْکُلِیَّۃِ وَ اٰمَدًا فِیْ مِنَ الْعَیْنِ وَالْبَلَآءِ تَرَوْساً تَکَرًّا بِمَا یَلُوْنُ اَعُوْذُ مَسِیْمَناً مُھِیْمَناً فِی الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ بحق اِنَّہٗ بسم اللہ الرحمن الرحیم اَلْوَحَا اَلْعَجَلَ السَّاعَۃَ۔

اس عمل کے بجالانے سے پہلے اپنا اور اپنے مریض کا جیسے چاہیں حصار کریں یا یہ عمل حصار پانچ (5) یا سات (7) بار پڑھ کر اپنا اور مریض کا حصار کر لیں، کلمات حصار یہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم عَزَّمْتُ عَلَیْکُمْ بِرَبِّ جِبْرَائِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ وَ عِزْرَائِیْلَ اَصْحَابَا جَعَلَ الْعَرْشِ عَزَّمْتُ عَلَیْکُمْ بِالَّذِیْ اَحْبَابَ اِذْھَبْ لَہٗ عِیْسٰی اِبْنِ مَرْیَمَ وَاَیَّدَہٗ بِرُوْحِ الْقُدُسِ عَزَّمْتُ عَلَیْکُمْ بِخَاتَمِ حَضْرَتْ سُلَیْمٰنَ بن دَاوٗد عَلَیْھِمُ السَّلَامُ سَخَّرَ لَہُ الرِّیَاحُ وَالْجِنُّ وَالشَّیَاطِیْنَ سَرِیْعًا۔

بندہ اس عمل کا اس وقت مداح ہوا جب میرے عظیم بزرگ دوست اور روحانی عامل السید فیض احمد شاہ نقوی البخاری نے اس کے متعلق اپنے تجربات سناتے ہوئے اپنا پہلا تجربہ اس طرح بتایا کہ ماہ اگست ۱۹۰۲ء کا واقعہ ہے کہ میرے پاس ایک مریضہ لائی گئی۔ میں نے علم جفر سے اس کی تشخیص کی تو مرض جادو نکلا، میں نے اسی حصار سے اپنا اور مریض کا حصار کر کے اس طلسماتی عبارت کو سات سات (7،7) بار پڑھ کر نیم بے ہوشی کی حالت میں اس کو پلایا گیا تو وہ بالکل خاموش ہو کر رہ گئی، ہزار کوشش کے باوجود نہ بولی، تو میں نے ایک (1) فلیتہ لکھ کر اس کی اسے دھونی دی تو وہ بول پڑی کہ میں ہندو کا مسان ہوں اور ایک لڑکے نے اس پر اپنی محبت کے لیے بھیجا ہے، میں ہرگز نہ جاؤں گا۔ میں نے جب دھونی کو ذرا تیز کیا تو وہ اسے چھوڑنے پر راضی ہو گیا تو میں اس عمل کی قوت کا شیدائی ہو گیا اور آج تک اس کی کراماتی قوتوں کا تماشا دیکھ رہا ہوں۔ آپ بھی اس عمل کو تجربہ میں لا کر اس کے کمالات دیکھیں۔ فیض احمد شاہ نقوی البخاری بتول عباد سٹریٹ عثمان پارک سانده روڈ لاہور مورخہ ۱۱۲ اکتوبر ۱۹۸۲ء۔

اس عمل کی مکمل فیض و برکات حاصل کرنے کے لئے اس کا عمل کر لیں جو کہ اصل قوت کا راز ہے۔ ہاں یہ عمل بغیر زکات

(بقیہ: ص 33)

المجیب

ناگی بی۔ اے (لاہور)

دکان، مال اور سامان کی حفاظت کے لئے اس اسم کا ذکر بہترین ہے

پروردگار کے پیارے نام ''المجیب'' کے معنی ہیں، دعائیں قبول کرنے والا۔ قرآن کریم میں صرف سورۂ ہود میں اس کا ذکر آیا ہے۔ وہاں قوم ثمود کو خطاب کر کے فرمایا گیا کہ تم اپنے اللہ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگو، آئندہ کے لئے اس کی طرف رجوع کرو، اس کے حکم کی پابندی کا عہد کرو اور اس کے بعد فرمایا کہ بے شک وہ قریب بھی ہے اور قبول کرنے والا بھی یعنی تم اپنی ذمہ داریاں پوری کرو، پروردگار اپنی ذمہ داری پوری کرے گا۔

انسان کی مجبوری یہ ہے کہ جب تک سننے والا اور اس کی مدد کو پہنچنے والا اس کے سامنے نہ ہو، اسے اپنی بات کی قبولیت کا یقین نہیں ہوتا۔ اس لئے قرآن کریم نے اس اسم کے ساتھ قریب کا لفظ بھی استعمال فرمایا ہے کہ تمہارا پروردگار اگرچہ مخلوق سے بہت بلند ہے۔ وہ بہت بڑی شان والا ہے۔ وہ عرش عظیم کا مالک ہے۔ ساری کائنات اس کی مٹھی میں ہے۔ مگر یہ مت سمجھو کہ وہ تم سے دور ہے۔ وہ اپنے علم اور اپنی قدرت کے اعتبار سے تمہاری شہ رگ سے بھی قریب ہے۔ دنیا کا کوئی سننے والا، انسان کے اس قدر قریب نہیں ہوسکتا جتنا وہ قریب ہے۔ لہٰذا اسے پکارو گے تو یوں سمجھو کہ تم اس ذات کو پکار رہے ہو جو تمہاری اپنی ذات سے بھی زیادہ قریب ہے۔

مختصر یہ کہ وہ ذات المجیب ہے۔ جو ہر مانگنے والے کی سنتی ہے اور قبول بھی کرتی ہے۔ البتہ یہ ضروری ہے کہ جو لوگ اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہیں، ان کے لئے اس نے لازم ٹھہرایا کہ اگر چاہتے ہو کہ تمہاری دعائیں قبول ہوں تو پھر رزق حلال اور صدق کلام کو اپنا زیور بناؤ۔

فوائد: یہ اسم پاک جمالی ہے۔ اگر کسی کو ہر وقت شیطانی خیالات گھیرے رہتے ہوں اور اس کا دل ہر وقت برے اور گندے خیالات میں ڈوبا رہتا ہو اور وہ ان غلط قسم کے تصورات سے چھٹکارا حاصل کرنا چاہتا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ہر روز نماز عشاء کے بعد اوّل و آخر تین تین (3،3) مرتبہ درود پاک پڑھے اور درمیان میں ایک سو اکیس (121) مرتبہ اس اسم مبارک کا انتہائی یکسوئی اور خلوصِ نیت کے ساتھ ذکر کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، چند دنوں کے عمل سے ہی اسے اپنے نفس پر غلبہ حاصل ہو جائے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے اپنی حفاظت میں لے لے گا اور اس میں شیطان سے مقابلے کی ہمت، جرات اور ثابت قدمی پیدا فرمادے گا۔

اگر کسی کو اپنی دکان، مال اور سامان وغیرہ کی حفاظت کرنا مقصود ہو اور اسے چوروں اور ڈاکوؤں وغیرہ کا خطرہ ہو تو وہ سات (7) مرتبہ یہ اسم مبارک باوضو پڑھے اور دم کرے۔ پھر ساتھ ہی اپنی انگشت شہادت سے اپنی دکان و مکان وغیرہ کا حصار کرے اور اللہ تعالیٰ کے سپرد کرنے کا تصور کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مال و اسباب محفوظ رہے گا۔ اس اسم مبارک کو بکثرت پڑھنے والا ہر بلا و مصیبت سے محفوظ رہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی ہر جائز دلی مراد کو جلد پورا فرماتا ہے۔ وہ مستجاب الدعوات ہو جاتا ہے۔ اگر کوئی ہر روز گھر سے باہر نکلنے سے پہلے اعداد کے مطابق یہ اسم مبارک پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے تو وہ بخیر و عافیت گھر واپس آئے گا اور اس کا تمام دن نہایت اچھا گزرے گا۔ کوئی بھی دشمن اسے گزند نہیں پہنچا سکے گا۔

جو شخص کثرت سے یَامُجِیْبُ پڑھا کرے گا، ان شاء اللہ اس کی دعائیں بارگاہِ خداوندی میں قبول ہونے لگیں گی۔

بقیہ (ص 26) حُب کے تیر بہدف اعمال (٦)

لاجونتی (چھوئی موئی) کا لائے اور اس کو خوب اچھی طرح سے اگر بتی کی خوشبو سے معطر کرے۔ اس کے بعد اس کو سنبھال کر رکھے۔ بدھ والے روز اس کو اپنے سامنے رکھے۔ اپنا منہ شمال کی طرف رکھے اور یہ عمل محبوب کا تصور کر کے تین سو تیرہ (313) بار پڑھے۔ عمل یہ ہے:

حب کا تارا طوری لاجونتی لاج چھوڑی۔ اٹھا واڑ پچھاڑی میں نے پورا واڑی۔

طریقہ: ایک (1) عدد محبوب کی تصویر لے کر اس پر عمل کو دم کرے۔ تین (3) دن کا کامیاب عمل ہے۔ ان شاء اللہ تیسرے دن محبوب آپ کے در پر دست بستہ کھڑا ہوگا۔

مجرب قرآنی عملیات

حضرت مولانا ڈاکٹر سید محمود الحسن رحمۃ اللہ (بھوپال)

زہر خورانی کا دفعیہ

اگر شبہ ہو کہ اس کھانے میں زہر ملا دیا گیا ہے یا پانی میں زہر ملا دیا گیا ہے، سورۂ لایلاف پوری پڑھ کر دم کرنے سے اس ضرر سے محفوظ رہتا ہے۔

پتھر پھینکنا یا دیوانہ کتے کا کاٹنا

اگر مکان میں پتھر آتے ہوں یا شیطان پریشان کرتا ہو چار (4) میخوں پر اِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا ﴿١٥﴾ وَّاَكِيدُ كَيْدًا ﴿١٦﴾ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴿١٧﴾ (الطارق:۱۵-۱۷) تک پچیس پچیس (25) مرتبہ پڑھ کر چاروں کونوں میں مکان کے دبا دے۔ حفاظت ہو جائے گی۔

اور اگر چالیس (4) ٹکڑے روٹی پر لکھ کر ایک (1) روٹی کا ٹکڑا روزانہ کھلائے، ان شاء اللہ جنون جائے اور ہڑک سے محفوظ رہے۔

غم، تکلیف، صدمہ، امید، حاجت

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ سے آخر سورت تک (سورۂ مومنون دیکھئے) خلوص نیت اور یقین وصدق دل کے ساتھ اگر آسیب زدہ پر پھونک دیں، آسیب دفع ہو۔ نیز ایک (1) بار روزانہ بعد نماز پڑھنا رنج وغم، مصیبت اور پریشانی وحاجات دنیوی کیلئے تیر بہدف ہے۔

لاکھوں نیکیاں پیدا کرنے والا عمل

ایک (1) بار روزانہ سورۂ کہف پڑھ لی جائے۔ زمین سے آسمان تک نور سے منور رہے گا۔ رحمت کے فرشتے مغفرت کی دعا کرتے رہیں گے۔ اس کے خواص وفوائد بہت زیادہ ہیں۔ اگر شب کو روزانہ پڑھ کر سوئے گا، اپنے مکان کو ان شاء اللہ دیکھ لے گا۔ (ذریعہ خواب)

ہدایت: مرد تو ہمیشہ کچھ نہ کچھ پڑھتے رہتے ہیں۔ عورتوں کو چاہئے کہ زبانی یاد کرلیں۔ آخرت کا تحفہ مفت میں خرید لیں اور اگر سورۂ یٰسین شریف پڑھ کر روزانہ دعا مانگ لیا کریں تو ان کے شوہر فرماں بردار رہیں۔ رات دن فلاح سے گزرے۔

محبوب خلائق وفریفتۂ محبت

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿٥٨﴾ (یٰسٓ:۵۸)

اعداد اس کے آٹھ سو اٹھارہ (818) ہیں۔ روزانہ اوّل بہ نیت زکوٰۃ اکیس (21) یوم پڑھے۔ پھر ایک ہزار (1000) بار پڑھ کر سرمہ پر دم کر کے رکھ لے۔ روزانہ لگایا کرے۔ منظور نظر رہے گا۔ اور اگر ایک ہزار (1000) بار روزانہ یعنی طالب ومطلوب کے نام مع والدہ وغیرہ کے اسم لکھے، ہر بار پڑھتا جائے اور لوبان برابر سلگاتا رہے۔ اکیس (21) دن میں ان شاء اللہ مطلوب حاضر ہو کر حسبِ دلخواہ حکم بجالائے گا۔

تنبیہ: ناجائز کام میں کلام پاک کے اثرات نہیں ہوا کرتے۔ اگر ایسا خیال ہے تو ہرگز ہرگز نہ کریں۔ جائز کام میں دیکھئے کہ حکمیہ اثر رکھتا ہے۔

انصرامِ منگنی وانتظام شادی

اگر لڑکی کے واسطے اچھا بر نہ ملتا ہو یا کہیں سے پیغام نہ آتا ہو تو عروجِ ماہ میں اکتالیس (41) مرتبہ سورۂ یٰسین شریف پڑھ کر دعا مانگ لے۔ ان شاء اللہ پیام اچھا آئے گا۔

حاجت پوری ہو

اور اگر کوئی حاجت پیدا ہو گئی ہے تو بعد نمازِ صبح قبل طلوعِ آفتاب تک روزانہ چالیس (40) دن تک سورۂ یٰسین شریف کو پڑھنا شروع کرے۔ جب مُبین پر پہنچے، سات (7) مرتبہ مُبین کو پڑھے۔ پھر اوّل سے شروع کرے۔ تیسری مُبین پر پہنچے تو سات (7) بار کہے۔ اسی طرح آخر تک عمل کرے۔ پھر آخر میں اوّل سے آخر تک ایک (1) بار پڑھے اور دعا مانگے۔

نوٹ: ان تمام اعمال کی اجازت عام ہے سوائے زکات والے عمل کے۔

اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے عملیات

سید رضی حسین رضی جونپوری

مُحمَّدٌ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

معنی اس کے ہیں ''سراہا گیا''۔ کون سراہتا ہے؟ خداوند عالم۔ تو اب غور کرنے کا مقام ہے کہ جب اس گرانقدر ذات نے اس نام کو سراہا ہے تو یہ اسم مبارک کتنے صفات کا مالک اور کس قدر وزنی ہوگا۔ اعداد اس اسم مبارک بحساب ابجد بانوے (92) ہیں۔ چنانچہ معمولی خاصیت اس اسم شریف کی یہ ہے کہ گر کوئی شخص تنگدست ہو تو بعد نمازِ فجر چار سو (400) بار درود شریف کے تحت اس اسم مبارک کا ورد کرے۔ ان شاء اللہ، چند روز میں غنی ہو جاوے۔

مَحمُودٌ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

یہ اسم مبارک بھی ہمارے حضور کا بے پناہ اوصاف کا مالک ہے۔ عدد بحساب ابجد اٹھانوے (98) ہے۔ اگر کوئی شخص روزانہ ہر نماز پر چالیس (40) بار ورد کرے، تنگدستی زائل ہو۔ دولت غیب سے ہاتھ آوے۔

مُزمِّلٌ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

معنی اس کے ہیں ''جھرمٹ بنانے والا''۔ اعداد بحساب ابجد ایک سو سترہ (117) ہیں۔ بہت بڑی صفتیں اس اسم میں پوشیدہ ہیں۔ اگر مفلس بعد نماز مغرب، اوّل و آخر چودہ چودہ (14،14) بار درود شریف پڑھنے کے بعد ایک سو سترہ (117) بار اس اسم مبارک کا ورد کرے اور یہ عمل چالیس (40) روز تک پابندی وقت کے ساتھ، ترک لذات کا خیال رکھتے ہوئے کرے، ان شاء اللہ غنی ہو۔

رَسُولٌ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

معنی اس کے ہیں ''بھیجا گیا''۔ اعداد بحساب ابجد دو سو چھیانوے (296)۔ ایک ادنیٰ خاصیت اس مبارک نام کی یہ ہے کہ جو کوئی فقر و فاقہ میں مبتلا ہو، اس کو چاہیے کہ عروج ماہ میں بروز پنجشنبہ ساعت اوّل مشتری بعد غسل پاک و پاکیزہ لباس سے آراستہ ہو کر وضو کرے اور دو (2) رکعت نمازِ حاجت صدقِ دل سے بجالاوے۔ بعدۂ چودہ (14) مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد، اس اسم مبارک کو سو (100) بار پڑھے۔ چند روز بعد ان شاء اللہ، کسی کا محتاج نہ رہے گا۔

بُرھَانٌ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

معنی اس کے ''دلیل'' کے ہیں۔ اعداد بحساب ابجد دو سو اٹھاون (258) ہیں۔ واسطے ہونے غنی کے اکسیر ہے۔ ترکیب اس کی یہ ہے کہ وظیفہ خوان کو سب سے پہلے نمازی ہونا چاہیے۔ اگر صاحب غرض تارک الصلوٰۃ ہو تو اس کو مکمل طور پر نماز کا پابند ہونا چاہیے۔ بعدۂ اس اسم مبارک کو دو سو اٹھاون (258) بار بعد نمازِ عشاء عالمِ تنہائی میں زیرِ آسمان پڑھنا چاہیے۔ عمل چالیس (40) روز کا ہے۔ ان شاء اللہ، تنگ دستی سے نجات ملے گی اور اگر تمام عمر اسی طریقہ پر ورد کرتا رہے گا، کبھی تنگدست نہ ہوگا۔

قَاسِمٌ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

بمعنی قسمت کرنے والا۔ اس اسم مبارک کے اعداد بحساب ابجد دو سو ایک (201) ہیں۔ خاصیت اس اسم مبارک کی بہت زیادہ ہے۔ منجملہ ان کے اس اسم کا وظیفہ برارندۂ حاجات ہے۔ اگر کوئی مشکل درپیش ہو، بعد نمازِ مغرب مابین عشاء، بعد درود شریف چودہ چودہ (14،14) بار، اس اسم شریف کا ایک ہزار (1000) بار ورد چالیس (40) روز تک بہ رجوعِ قلب کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، اپنے مقصدِ جائز میں کامیاب ہوگا۔

ان اسمائے مبارکہ کے ورد سے پہلے اور آخر میں چودہ چودہ (14،14) بار درود شریف پڑھنا ضروری ہے، ورنہ عمل بیکار ہوگا۔ نیز ہر اسم کے پہلے لفظ ''یا'' کا استعمال کیا جائے گا۔ اور سب سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ایک (1) مرتبہ کہنے کے بعد ورد شروع ہوگا۔

مجرب طلسمات وعملیات کا خزانہ
عملیات درویشی

تالیف: فیصل حمید نقشبندی

فوٹو کاپی (امپورٹڈ پیپر)

قیمت: 4000 روپے

صفحات: 104

☆ حصول علم وحکمت ☆ فتح نامہ ☆ قضائے حاجت اور آسانی امور ☆ عمل قضا الحوائج ☆ ہر کام کیلئے مجرب طلسم ☆ قضائے حاجات ☆ عمل کشف وکرامات ☆ کشف وروحانیت ☆ باطنی آنکھ کھولنے کا عمل ☆ بلندی مرتبہ سرداری غلبہ ☆ رزق کی کشادگی ☆ کامیابی مقدمہ ☆ نوکری کا حصول ☆ زیادتی گاہک ☆ ترقی رزق ☆ وسعت رزق حلال ☆ مال ودولت رزق وبرکات ☆ حصول دفائن وخزائن ☆ شکار زیادہ ملے ☆ حصول جائیداد فروخت کرنا ☆ زمین جائیداد فروخت کرنا ☆ جادو ٹونے سے حفاظت ☆ خاتمہ جنات سحر جادو ☆ نظر بد بندش کا خاتمہ ☆ جادو جنات کا خاتمہ ☆ سحر جادو سے نجات ☆ خاتمہ آسیب، بدروح، جنات بذریعہ الملک قسائیل ☆ سحر جادو سے باندھے حمل کا علاج ☆ جنات کو مکان سے بھگانا ☆ عاشق جنات دور کرنا، ہم جنس پرستی ختم ☆ خاتمہ سحر جادو ☆ نظر بد اور حسد سے حفاظت ☆ تسخیر ومحبت ☆ قبولیت رشتہ ☆ تسخیر ومحبت محبوب ☆ تسخیر مطلوب ☆ تسخیر مطلوب بذریعہ موکل ☆ محبوب کو محبت میں تڑپانا ☆ عورتوں دیوانہ بنیں ☆ مردوں کو قابو کرنا ☆ تسخیر ومحبت محبوب ☆ کسی شخص کا دل اپنی طرف کرنا ☆ میکے بیٹھی عورت کی واپسی ☆ تسخیر ومحبت مجرب ☆ ناراض محبوب کو منانا ☆ تسخیر ومحبت محبوب ☆ تسخیر ومحبت حاضری مطلوب ☆ تسخیر ومحبت صلح ☆ محبت اور حاضری مطلوب ☆ محبت وتسخیر محبوب ☆ قبولیت عام برائے نکاح ☆ تسخیر ومحبت ☆ محبت بذریعہ ارسال ہاتف ☆ جلد رشتہ اور شادی کیلئے ☆ تسخیر محبت واطاعت ☆ مرد کے دل میں محبت پیدا کرنا ☆ تسخیر خلق ☆ محبت وتسخیر کا خاص عمل ☆ محبت والفت ☆ حفاظت کا عمل ☆ شوہر یا بیوی کو عادت بد سے روکنا ☆ ہیبت غلبہ ودبدبہ ☆ دشمن کی تباہی وبربادی ☆ خاتمہ دشمن وہلاکت ☆ ہیبت ودبدبہ ☆ دشمن کو بیمار یا ہلاک کرنا ☆ ظالم دشمن سے انتقام لینا

مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
042-35410586 | 0323-4487877 | 0332-4487877
maktabatulaarif.com | maktabatulaarif@gmail.com
maktabatulaarif | maktabatulaarif | maktabatulaarif

فلیتہ قاف کا پیڈ

منفی اثرات جلانے کیلئے فلیتہ قاف انتہائی قوی ترین فلیتہ ہے۔

روحانی معالجین عموماً جادو جنات بندش نظر بد کے مریضوں کو پلانے اور پہننے کے تعویذات کے ساتھ ساتھ جلانے کے تعویذات بھی دیتے ہیں۔ ان کے لئے بنے بنائے دم شدہ فلیتے کسی نعمتِ عظمیٰ سے کم نہیں کہ اس میں معالج کو کچھ کرنے کی حاجت نہیں۔ جب بھی مریض آئے پیڈ سے نکال کر استعمال کا طریقہ بتا دینا ہے۔

معالجین بچوں کی فوری نظر بد کی کاٹ کے لئے اسے استعمال کروائیں، ان شاء اللہ فوری اثر ظاہر ہوگا۔ علاوہ ازیں بعض بچے مسلسل روتے رہتے ہیں گھر والوں بلکہ ڈاکٹرز بھی وجہ نہیں جان پاتے، ایسے بچوں کے لئے بھی یہ فلیتہ مفید ترین ہے۔

اس فلیتے کو تشخیص کیلئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

مکمل پیڈ لینے والوں کو تمام طرق استعمال ساتھ بتائیں جائیں گے۔

ایک پیڈ میں 800 فلیتے ہوں گے

ایک پیڈ کا ہدیہ: 900 روپے | رعایتی ہدیہ مکمل پیڈ 600 روپے

رُوحانی دُکان دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
0320-4312272
0334-4312272 | 042-35410586
darulamal.org/ruhanishop | ruhanishop@gmail.com
ruhanishop | ruhani.shop | ruhani-shop

تعویذِ ہشت سلام کا پیڈ

ہشت سلام کے تعویذ کے متعدد فوائد المنجیات میں ذکر کئے گئے ہیں

حصار	جادو جنات بندش نظر بد کے علاج	سفلی عمل کی کاٹ	تسخیر وفتوحات
بھان متی کے عمل کی کاٹ	مہلک امراض سے شفاء	گھر میں اتفاق واتحاد	
فراوانی مال ورزق	برکتِ دکان ومکان وغیرہ کثیر مسائل کے حل میں مؤثر ہے		

یہ پیڈ عاملین اور بالخصوص روحانی علاج کرنے والوں کے لئے بنائے گئے ہیں۔

تعویذ ہشت سلام کے تمام پیڈ دم شدہ ہوں گے

ایک پیڈ میں تقریباً 200 یا 400 تعویذات ہوں گے

ایک پیڈ کا ہدیہ: 900 روپے رعایتی ہدیہ مکمل پیڈ 600 روپے

مکمل پیڈ لینے والوں کو تمام طُرق استعمال ساتھ بتائیں جائیں گے۔

رُوحانی دُکان دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
0320-4312272
0334-4312272 | 042-35410586
darulamal.org/ruhanishop | ruhanishop@gmail.com
ruhanishop | ruhani.shop | ruhani-shop

آسیب، جنات و شیاطین سے نجات کے مجرب عملیات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

گھر سے شیاطین کو بھگانے کے لیے

ایک گلاس پانی پر سات (7) دفعہ سورۂ حجرات پڑھیں اور سپرے بوتل میں ڈال کر گھر کی تمام دیواروں اور کونوں پر ماسوائے غسل خانہ اور نجس جگہوں کے، سپرے کریں۔ سات (7) دن مسلسل ایسا کرنے سے گھر شیاطین سے پاک ہوجائے گا، ان شاء اللہ۔

جنات سے حفاظت و نجات

جس کسی کو جنات یا پریوں وغیرہ کا ڈر ہو، اسم ہذا کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے اور جو بیمار ہو گیا ہو، ہزار (1000) بار روزانہ سات (7) ہفتہ تک دم کرتا رہے۔ ان شاء اللہ، بیمار شفاء پاوے گا۔

آسیب جل جائے

علمائے کرام و عاملین عظام نے کئی کتابوں میں بکثرت تحریر فرمایا ہے کہ جو شخص بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو کسی برتن کے اندر (جو کسی چینی کا ہو) بقدر جگہ لاتعداد بار لکھ کر اور پھر اسے پانی سے دھو کر آسیب زدہ پر چھڑک دے۔ ان شاء اللہ، آسیب جل جاوے گا اور مریض صحت پاوے گا۔

مسلّط جن کی تکلیف سے نجات

جس کسی پر جن مسلط ہو کر ایذا پہونچا رہا ہو، اس پر آیات ذیل کو پڑھ کر دم کرے اور تازہ پانی پر دم کر کے پلاوے۔ پھر قدرتِ خدا کا تماشہ دیکھ لے۔

اِذْ قَالَ يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ يٰۤاَبَتِ اِنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ لِيْ سٰجِدِيْنَ ۝ (یوسف:۴)

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۝ (الرحمٰن:۳۳)

تکلیف دینے والے آسیب کی حاضری

اگر کوئی شخص آسیب میں مبتلا ہو تو سات (7) بار یہ عزیمت پھولوں پر پڑھ کر آسیب زدہ کے سر پر رکھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ يَامَالِكَ الْاَرْوَاحِ لَفَطُوْشُ صَارِعًا اُحْضُرُوْا يَااَصْحَابَ الْجِنِّ وَالشَّيَاطِيْنِ مِنْ جَانِبِ الْاَيْسَرِ وَ اَيْمَنِ۔

آسیب کے حاضر ہونے کے عاملین اپنی صوابدید کے مطابق معاملہ کریں۔

آسیب بھاگ جائے

یہ نقش سورۂ قل اعوذ برب الناس کا ہے۔ اگر آسیب زدہ کے بازو پر مشک و زعفران کا محلول تیار کر کے لکھا جاوے اور باندھ دیا جاوے تو ان شاء اللہ تعالیٰ آسیب بھاگ جائے گا۔

۷۸۶

١٣٢٣	١٣٢٧	١٣٣٠	١٣١٦
١٣٢٩	١٣١٧	١٣٢٢	١٣٢٨
١٣١٨	١٣٣٢	١٣٢٥	١٣٢١
١٣٢٦	١٣٢٠	١٣١٩	١٣٣١

بقیہ (ص 53) کائناتی فارمولا، حی القیوم، حرکت اور قیام

بے رنگ ہو جاتے ہیں اور ورائے بے رنگی کو اللہ کا رنگ یا صبغت اللہ کی اصلاح استعمال کرتے ہیں۔

علم تکوین اور علم استرخاء سے جب آپ استغراق کی بلندیوں پر پہنچ جاتے ہیں اور آپ کے اندر قوت القاء بیدار ہو جاتی ہے تو آپ کائنات کے اندر اللہ تعالیٰ کی صفت حی القیوم کا بھی ادراک حاصل کر لیتے ہیں کائنات حرکت اور قیام کے اوپر کس طرح جاری اور ساری ہے آپ کے مشاہدے میں آجاتی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کی صفات رحمان اور رحیم، اول و آخر، ظاہر و باطن اور دیگر تمام صفات کا ادراک حاصل کر کے اللہ کے نائب کے فرائض سرانجام دے سکتے ہیں۔

سحری بندش اولاد

محمد جاوید قادری

بعض اوقات مرد اور عورت طبی اور فرطی لحاظ سے بالکل تندرست توانا اور صحت مند ہوتے ہیں لیکن اولاد کی نعمت سے محروم ہوتے ہیں اور کسی بھی قسم کے علاج معالجہ سے ان کا دامن مراد نہیں بھرتا اور وہ اولاد جیسی نعمت کے لئے ترستے رہتے ہیں۔ نہ تو کوئی ظاہری طبی وجہ سامنے نظر آتی ہے اور نہ ہی کوئی نقص ان دونوں میں موجود ہوتا ہے۔ درحالانکہ ایسی صورت میں وہ دونوں ہی سحری بندش کے شکار ہوتے ہیں۔

اس کیلئے انہیں اپنا روحانی علاج کروانا ضروری ہے۔ اس مرض کی موٹی موٹی علامات میں سینے کی گھٹن، خصوصاً مرد میں عصر سے آدھی رات تک اس کی شدت جبکہ عورت میں عشاء سے فجر تک اس کی شدت پائی جاتی ہے۔ مرد کی پیٹھ کی ہڈیوں میں درد جبکہ عورت کی ریڑھ، کمر اور رانوں کے عضلات میں شدید ٹیس نمودار ہوتا ہے۔ رحم میں شدید اینٹھن کے ساتھ ٹیس نما درد ہوتا ہے۔ نیند میں حبس، گھبراہٹ، خوفناک قسم کے خواب، بڑبڑاہٹ، آپس میں پیار و محبت کرنے کے باوصف شدید پیاس، تشنگی، دل کی بے قاعدہ دھڑکن، سانس کی بے قاعدگی، آنکھوں کے آگے اندھیرا اور ادھورے پن کا احساس ہوتا ہے۔

بہرحال ذیل کے عمل سے اس صورتحال سے بخوبی عہدہ براہو کر شفایابی حاصل کی جاسکتی ہے۔

ذیل کا عمل سات (7) جمعرات تک باقاعدہ کریں۔ عمل جمعرات کی جمعرات ہوگا اور رات کو باہمی صحبت کرنا بے حد ضروری ہوگا تاکہ بفضلہ باری تعالیٰ حمل ٹھہر سکے اور مطلوبہ مقصد حاصل ہو سکے۔ رات کو عشاء کے بعد باوضو حالت میں اول و آخر درود شریف شفاء گیارہ گیارہ (11) مرتبہ اور الحمد شریف معہ بسم اللہ شریف دوسو (200) مرتبہ پڑھ کر پانی بنائیں اور نصف نصف مرد اور عورت پی لیں۔ ساتھ ہی شہد اور کالی مرچ بھی رکھیں اور اس پر بھی اس کا دم کر کے ایک ایک (1،1) چمچ شہد اور گیارہ گیارہ (11،11) دانے کالی مرچ کھالیں۔ نصف رات کو ہم بستری کریں تاکہ مقصود حاصل ہو۔

۴ ...... ذیل کے دو (2) عدد نقوش باوضو حالت میں زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر تحریر کر کے خوشبو لگائیں اور موم جامہ کر کے میاں اور بیوی اپنے اپنے گلوں میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت ہمیشہ کے لئے ایسی سحری بندش سے بالکل نجات مل جائے گی اور اللہ تعالیٰ عزوجل اولاد صالح سے نوازیں گے۔

نقش یہ ہے:

موکلات کے خاص اعمال

پیر صوفی غلام سرور شباب قادری مدظلہٗ (حویلی لکھا)

روحانی حاضر ہوکر ہر سوال کا جواب دے

عربی ماہ کی پہلی تاریخ کو جو اتوار آئے، اس سے شروع کر کے مندرجہ ذیل اسماء کو اِن کے حروف کی تعداد کے مطابق پڑھیں۔ اور پانچ (5) یوم تک پڑھیں۔ اور جب پڑھتے ہوئے چھٹی رات آئے تو تنہائی کی زمین میں جا کر اِن اسماء عدد حروف کے برابر پڑھیں۔ تو اِن اسماء کا خادم ظاہر ہوگا جس کی آپ آواز سنیں گے لیکن اُس کا جسم نہ دیکھ سکیں گے۔ پس اس خادم سے جو بھی سوال کریں گے وہ ہر سوال کا جواب دے گا۔ اسماء یہ ہیں:

مُبِیۡنُ یَاشمعونا. وَیَابَرشیاشاهول. شمراق.

موکل سے تحریری جواب حاصل کرنا

مندرجہ ذیل اسماء کو عدد حروف کے برابر ہر رات کو پڑھیں۔ اور پوری سولہ (16) راتوں تک پڑھیں۔ اور پھر سترویں رات تنہائی کی جگہ جائے نماز بچھا کے اُس کے نیچے ایک سفید کاغذ پر اپنا سوال لکھ کر رکھ دیں۔ اور پھر حسبِ سابق اسماء کو پڑھیں۔ جب پڑھائی کی تعداد پوری ہوجائے گی تو کاغذ پر آپ کے سوال کا جواب لکھا ہوگا۔ اسماء یہ ہیں:

اَلۡخَبِیۡرُ الۡمُبِیۡنُ، شاهونا، وطيفوق، سيطروب، آهِ آهِ، نمولخ.

رُوحانی موکلات کی زیارت

عروج ماہ میں شب جمعہ کو بعد از نمازِ عشاء، طہارت جسم ولباس کی پابندی کے ساتھ ''شَمۡر نَطۡسَطۡخ'' کو ایک سو دس (110) مرتبہ تلاوت کریں اور اول آخر ایک تین، تین (3،3) مرتبہ درود پاک پڑھ کر سوجائیں۔ بفضل تعالیٰ اس اسم جلیل کے رُوحانی موکلات کی زیارت سے مشرف ہوں گے۔

موکل سعید الخیر کا عمل سریع حاضری مطلوب اور تسخیر خلق کے لیے مجرب ترین عمل جو کبھی خطا نہیں ہوتا

یہ وہ راز ہے جو باپ اپنے بیٹے کو بھی نہیں بتاتا۔ اس کی اس طرح حفاظت کریں جس طرح روح کی جسد میں حفاظت ہوتی ہے۔

اسے کبھی حرام کے لیے استعمال نہ کریں۔ یہ میری آپ کے گلے میں ایک ضمانت کی طرح ہے۔ جب عمل کا ارادہ ہو تو لوگوں سے خالی ایک گھر میں بالخصوص پڑھنے والی جگہ میں چھوٹے بچے نہ ہوں، پاکیزہ کپڑے، پاکیزہ بدن اور پاکیزہ مکان ہو، پاکیزہ فرش پر بیٹھ کر ''بِبِطۡلَطِیۡشِ۔ بِطۡلَطِیۡشِ'' ایک ہزار (1000) بار پڑھیں۔ اور ہر سینکڑے پر کہیں:

''تَوَكَّلۡ یَا سَعِیۡدَ الۡخَیۡرِ وَاجۡلَبۡ فلاں بنت فلاں اِلٰی مَحَلِّ فلاں بن فلاں اَلۡوَحَا اَلۡعَجَلۡ اَلسَّاعَةُ''۔

پہلے اصراف العمار کریں۔ اگر کوئی اصراف کا معتبر عمل نہ ہو تو آیۃ الکرسی کو سات (7) بار پڑھ کر زمین پر ایک دائرہ کھینچیں اور سات (7) بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔

بخور کندر اور خشک دھنیا ہے۔ جب عمل پورا ہو جائے تو

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ اِذَا زُلۡزِلَتِ الۡاَرۡضُ زِلۡزَالَهَا ۝١ وَاَخۡرَجَتِ الۡاَرۡضُ اَثۡقَالَهَا ۝٢ وَقَالَ الۡاِنۡسَانُ مَا لَهَا ۝٣ يَوۡمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخۡبَارَهَا ۝٤ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوۡحٰى لَهَا ۝٥ يَوۡمَئِذٍ يَّصۡدُرُ النَّاسُ اَشۡتَاتًا اَشۡتَاتًا اَشۡتَاتًا

تین (3) بار پڑھ کر سعید الخیر کو فارغ کریں۔ اور اللہ کا شکر ادا کریں۔

تسخیر موکل

سوا لاکھ (1،25،000) مرتبہ پڑھ کر زکات ادا کریں۔ موکل ہر کام کرے گا۔ عمل یہ ہے۔

''یَاطَھُوۡجُ وَطَیۡرَھُوۡجُ اَجِبۡ یَارُوۡقِیَائِیۡلُ''

نوٹ: کوئی بھی عمل بغیر اجازت نہ کیا جائے۔

کوئی وعدہ نہیں کوئی دعویٰ نہیں

● جادو جنات سے متاثرہ مریضوں کیلئے انتہائی فائدہ مند ہے ● جادو جنات سے متاثر جوڑوں کے درد میں مبتلا مریضوں کے لیے اکسیر ہے ● جسم کے تمام دردوں کو ختم کرتا ہے ● پٹھوں کے درد کو فی الفور آرام دیتا ہے ● پسلیوں کے درد کو دور کرتا ہے ● ہر قسم کے ریاحی دردوں میں تریاق کا کام دیتا ہے ● ہڈیوں تک کے درد کو ختم کرتا ہے ● دارالعمل چشتیہ کے روحانی معالجین کا دم کردہ ایک زبردست روحانی تحفہ ہے

شاگرد اور عاملین کے لیے رعایت

روحانی تیل (2) برائے سکون

قیمت: 590 روپے 50ml

کوئی وعدہ نہیں کوئی دعویٰ نہیں

”پرسکون نیند“ آپ کے دل، وزن اور ذہن سمیت ہر چیز کی صحت کیلئے بہترین ثابت ہوتی ہے۔ نیند کی کمی بہت سے طبی اور نفسیاتی مسائل کو جنم دیتی ہے۔ طبی ماہرین 7 سے 8 گھنٹے تک سونے کا مشورہ دیتے ہیں۔ اگر کسی کو دماغی خشکی کے سبب سے یا کسی اور مرض کے باعث نیند نہیں آتی اور نیند کی گولیاں کھانی پڑتی ہیں تو ایسے افراد کے لیے روحانی دکان میں دستیاب ”روحانی تیل نمبر 2“ استعمال کریں۔ اس روحانی تیل کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ، رات کی نیند پُرسکون ہوگی۔ یہ روحانی تیل تمام قسم کی نیند کی کمی، نیند نہ آنا، کچی پکی نیند جیسی علامات میں مفید ہے۔

روحانی تیل (5) برائے اعصاب

قیمت: 430 روپے 50ml

کوئی وعدہ نہیں کوئی دعویٰ نہیں

● جادو و جنات سے متاثر اعصابی مریضوں کیلئے انتہائی فائدہ مند ہے ● جادو و جنات سے متاثر پٹھوں کے مریض پٹھوں کی مالش کریں ● جادو و جنات کے معالجین کے لیے ایک قیمتی تحفہ ہے ● چلہ کشی کی وجہ سے پیدا ہونے والے دردوں کیلئے اکسیر ہے ● متاثرہ مریض کو اثرات کی وجہ سے مستقل معذوری سے بچاتا ہے ● مستقل ریاضت کی وجہ سے ہونے والی تمام دردوں، تھکاوٹوں کو فی الفور ختم کرتا ہے ● ہر طرح کے اعصابی دردوں میں بہت مفید ہے ● کسی بھی بیماری کی وجہ سے پٹھے کمزور ہو گئے ہوں یا عمر کا تقاضہ ہو تو یہ تیل ایک نعمت سے کم نہیں ہے

شاگردوں اور عاملین کے لیے رعایت

روحانی تیل (4) برائے تقویت دماغ

قیمت: 510 روپے 50ml

کوئی وعدہ نہیں کوئی دعویٰ نہیں

دماغ میں کمزوری آجانے سے پست ہمتی، حافظہ کی کمزوری، ہاتھ پاؤں سرد، بے خوابی، بھوک متاثر، ذہانت متاثر، یکسوئی نہ ہونا، سوچنے کی اہلیت کم، تھکاوٹ، کمزوری، سر درد، بے حسی، خواہش جماع کم یا مفقود ہو جاتی ہے۔ ان سب سے نجات حاصل کرنے کے لیے ”روحانی تیل نمبر 4“ استعمال کریں۔ اس تیل کی مزید خوبیاں یہ ہیں:

* دل کی دھڑکن معمول پر لاتا ہے۔ * دل کے فعل کی کمزوری دور کرتا ہے۔ * مضر کولیسٹرول گھٹاتا ہے۔ * وزن میں کمی کرنے میں بھی مددگار ہے۔ * آنتوں کے کینسر سے بچاتا ہے۔ قبض یا آنتوں کی دیگر تکالیف کا علاج ہے۔ * سر کی خشکی، خارش، بال گرنے اور بالوں کے اور سر کے جملہ امراض کیلئے آزمودہ ہے۔ بالوں کی افزائش اور صحت کے لئے بہترین ہے۔ * کان کا درد، ایگزیما اور سورائیس (جلدی بیماری)، آنکھوں کے حلقے اور کیل مہاسوں سے نجات کے لیے، بہت مفید ہے۔

روحانی درس گاہ میں نوروز میں سکھائے جانے والے اعمال کی تفصیل https://bit.ly/3ulHO3m

تمام امراض کیلئے تیر بہدف تحفہ

(انتہائی مجرب عمل)

ملازم حسین (اسلام آباد)

یہ عمل تمام امراض کیلئے تیر بہدف ہے اور بارہا کا آزمودہ ہے۔ مرض جسمانی ہو یا کہ روحانی، اللہ کا نام لے کر اس ترکیب کو آزمائیں۔ ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

توشہ:

موکلین کے صدقہ کیلئے سب سے پہلے یہ سامان رکھنا ہے۔ عمل کے بعد ان چیزوں کو دریا میں ڈال دیں اور پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ ہر مریض کیلئے الگ الگ اتنا ہی سامان رکھنا ہوگا۔

1. جو............۱۱ عدد
2. لونگ............۱۱ عدد
3. پھول کلی............۱۱ عدد (جو پھول ابھی کھلا نہ ہو۔)
4. سفید چاول............۱۱ عدد
5. کھویا مٹھائی............7½ گرام

سامان:

ایک (1) سفید بوتل تازہ پانی............تیل سرسوں

تازہ پانی اور سرسوں کا تیل سامنے رکھ کر اس پر یہ عمل پڑھ کر دم کریں۔

عمل:

سورۂ الحمد شریف............7 بار پڑھیں تیل اور پانی پر دم کریں۔

سورۂ قل یا ایھا الکفرون............3 بار پڑھیں تیل اور پانی پر دم کریں۔

سورۂ قل ھو اللہ احد............3 بار پڑھیں تیل اور پانی پر دم کریں۔

سورۂ قل اعوذ برب الناس............3 بار پڑھیں تیل اور پانی پر دم کریں۔

سورۂ قل اعوذ برب الفلق............3 بار پڑھیں تیل اور پانی پر دم کریں۔

درود شریف............3 بار پڑھیں تیل اور پانی پر دم کریں۔

نوٹ: ہر سورت پڑھنے کے بعد دم کریں۔ ایک ساتھ پڑھ کر دم نہیں کرنا ہے۔

ترکیب: سرسوں کا تیل پورے جسم پر لگائیں اور کان میں ڈالیں۔ بوتل کا پانی دن میں دو بار پئیں۔

تعویذ: تعویذ آٹھ (8) عدد لکھیں۔ ایک گلے میں ڈال دیں۔ ایک تعویذ پانی میں گھول کر سات (7) روز تک پئیں۔ تعویذ یہ ہے:

۷۸۶

الٰہی بحرمت جبرائیل علیہ السلام

یا اللہ

یارحمٰن | یارحیم

الٰہی بحرمت میکائیل علیہ السلام

الٰہی بحرمت عزرائیل علیہ السلام

[illegible]

حُب کے تیر بہدف اعمال (٦)

قیصر احمد بی۔ اے۔ (کراچی)

عمل الحب ۲۲ (سفلی) تھوڑی سی مرگھٹ کی راکھ، تھوڑی سی قبرستان کی مٹی، بروز منگل کو یہ چیزیں حاصل کرکے اب ان سب کو اپنے سامنے رکھے۔ تھوڑی سی مٹھائی رکھے اور گیارہ سو (1100) بار اس عبارت کو پڑھے:

عبارت یہ ہے: پھول ہے پھلواری ہے، یہ جو آگے جارہی ہے یہ ہمارے پیچھے آرہی ہے۔ نوکھنڈ آگ اگنی تڑپ تڑپ لا ئے نہیں تو لونا چماری کے کُنڈ میں پڑے۔

اب راکھ پر دم کرے اور ایک (1) چٹکی کسی بھی طریقے سے محبوب (طالب) کو لگادے۔ پھر حب کا تماشا دیکھیں۔

عمل الحب ۲۳ (سفلی) آکڑہ (مدار) کا پھول، چنبیلی کا پھول، گلاب کا پھول ایک ایک (1،1) عدد، لال کپڑا بچھا کر بیٹھے اور اپنے سامنے یہ تمام چیزیں رکھے۔ پھر ایک سو آٹھ (108) بار یہ عبارت پڑھے۔

عبارت یہ ہے: میں چُھماں نہ چُھماں میں اندا فضل کرپیا میرے پیچھے لا ندیہ نہ لاوے جُدر پتال کی کھاوے۔

ان تمام پھولوں کو رگڑ کر جائے اور محبوب پر مس کرے۔ پھر حب کا تماشہ دیکھے۔

عمل الحب ۲۴ (سفلی) ایک پاؤ قلاقند، اس پر یہ منتر اکیس سو (2100) بار محبوب کا تصور کرکے پڑھیں اور اسے کھلا دیں۔ اگر کھلا نہ سکیں تو کالی بکری یا گائے کو وہ قلاقند کھلادے، پھر اس کا تماشہ دیکھے۔

منتر یہ ہے: چاڑی چاڑی آئے ہمارے پچھاڑی۔

عمل الحب ۲۵ (سفلی) بغیر کھلائے، بغیر چھوئے، بغیر پلائے، محبوب کو اپنا مطیع کرنا۔

طریقہ: سات (7) عدد کنکر سات (7) راستوں سے لائیں اور ہر ایک (1) کنکر پر محبوب کا نام معہ والدہ کے لیں۔ جب لے چکو تو آخر میں یہ جملہ اکتالیس (41) بار دہرائیں اور تمام کنکروں پر دم کرکے اس کی گلی میں یا اس کے راستہ میں ڈال دیں۔ پھر حب کا تماشہ دیکھیں۔ محبوب دیوانہ وار آپ کے قدموں میں آئے۔ جملہ یہ ہے۔۔۔۔؟

اجازت و معلومات حاصل کریں۔

عمل الحب ۲۶ (سفلی) حب کی مایہ لال پکڑ فلاں بن فلاں کو پلٹ میری کا یہ فلاں بن فلاں علیٰ حب۔

گیارہ (11) دن چودہ سو انچاس (1449) مرتبہ پڑھے، محبوب کی حاضری ہوگی۔

عمل الحب ۲۷ (علوی) سورۂ کوثر گیارہ سو (1100) بار کسی میٹھی چیز پر پڑھ کر دم کرے۔ پھر چیونٹیوں کو قبرستان میں ڈال دے۔ اس کے بعد اس عبارت کو تیرہ سو (1300) بار پڑھے۔

عبارت یہ ہے: لا باجا آجو کھڑی ہے اسے لا ہر حال میں لے کر آ، مری ہوئی کو بھی لا۔ زندہ پیر بھیج رہا ہے کام فوراً کر آ۔

تیرہ سو (1300) بار تین (3) یوم پڑھے، محبوب حاضر ہوگا۔

عمل الحب ۲۷ (سفلی) کوے کے سیدھے بازو کا ایک (1) پر نکالو اور اس کو تین (3) دن اپنے انڈر ویئر میں رکھو اور تین (3) دن بعد اسے نکالے اور اس لڑکی کا نام معہ والدہ علیٰ حب فلاں بن فلاں لے کر جلا دے اور اس راکھ کو زمین میں دفن کردے۔ ان شاء اللہ محبوب مطیع ہوگا۔

الحب ۲۸ (سفلی) کوا اور کبوتر...... ان دونوں کی بیٹ جمع کرکے اور بیل کا پتہ شامل کرکے ان تینوں چیزوں کو اپنے سامنے کسی برتن میں رکھے اور اس میں چند قطرے گلاب کے ملا کر اپنے ماتھے پر تلک لگا کر محبوب کے سامنے جائے۔ محبوب (ان شاء اللہ) دیکھتے ہی دیوانہ و فریفتہ ہوگا۔ واضح رہے یہ عمل سو فیصد سچا ہے اور تانترک ودیاء سے ہے۔

عمل الحب ۲۹ (سفلی) بروز منگل ایک پودا لاجونتی (بقیہ: ص 17)

معاشی مسائل کا روحانی حل

حکیم نور احمد باکمال واثق (لاہور)

برائے رزق

اس زمانہ میں روٹی کا سوال بہت اہم بنا ہوا ہے۔ جن کو خدا نے دونوں وقت بہتر سے بہتر کھانے کو دیا، ان کی بات جدا ہے۔ مگر جو بے سہارا ہیں اور بال بچوں کا ساتھ ہے، ان کی بڑی مشکل ہے۔ ایسے اصحاب دنیوی کوشش تو کرتے ہی ہیں مگر روحانی کوشش بھی کریں۔ خدا چاہے تو غیب سے ان کا سامان ہوگا۔ عمل بارہا تجربہ میں آیا ہے۔ اس کا اثر باطل نہیں ہوتا۔ نماز صبح سے ایک (1) گھنٹہ قبل اٹھو۔ ضروریات سے فارغ ہو کر باوضو آسمان کے نیچے سر ننگا کر کے کھڑے ہو اور تین سو (300) مرتبہ یہ آیت پاک پڑھو

وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿٢٢﴾ (الذّٰریٰت:۲۲)

اوّل و آخر تین تین (3،3) بار درود شریف۔ صرف تیرہ (13) دن یہ عمل کرو۔ خدائے پاک آپ کی پریشانی دور فرمائے گا اور رزق کی کمی دور ہوگی۔

فراخی رزق کا بہترین عمل

مجرب ہے۔ سنت و وتر کے درمیان بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سات سو چھیاسی (786) بار پڑھیں۔ اس کے بعد کھڑے ہو کر یَارَبِّ پڑھے ہزار (1000) بار مع اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ (11،11) بار۔ بے حد کشائش ہوگی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

برائے حصول غنا و زیادتی رزق و رجوع خلائق و دفع دشمنان

آیت کریمہ: اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿١٩﴾ (الشوریٰ:۱۹)

ہر روز ایک ہزار (1000) مرتبہ حاجت پوری ہونے تک پڑھے اور بہتر یہ ہے کہ پہلے زکات ادا کرے اور طریقہ زکات یہ ہے کہ عروج ماہ ثابت میں جمعرات سے شروع کرے اور چار (4) دن ہر روز چھ سو اٹھائیس (628) مرتبہ بہ نیت زکات پڑھے۔ بعد فراغت ہر روز بطور معمول ایک سو دس (110) مرتبہ پڑھتا رہے تاکہ اثر باقی رہے۔ جب کوئی حاجت درپیش ہو تو ایک ہزار (1000) بار روزانہ تا حصول مقصد پڑھے۔ مجرب ہے۔

غنا و ادائیگی قرض

سورۂ نصر روزانہ اکتالیس (41) بار پڑھے۔ باذن اللہ تعالیٰ غنی ہو جائے گا اور ادائے قرض کے لیے ایک ہزار ایک (1001) بار یَا وَاحِدُ پڑھے۔ قرض سے نجات ملے گی۔ مجرب ہے۔

فراخی رزق

صبح صادق سے پہلے اٹھ کر وضو کے بعد خوشبو روشن کرے۔ ہزار (1000) بار اس آیت کو پڑھے۔ فراخی رزق کی دولت نصیب ہو۔

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ﴿٥٨﴾ (الذّٰریٰت:۵۸)

روحانی درسگاہ کی طرف سے درج ذیل اعمال پر

10% خصوصی رعایت
برائے مارچ 2023

نورانی اعمال — ہدیہ: 2,600
یا قابض کے عامل بنیں

یا قابض اللہ پاک کے صفاتی ناموں میں سے جلالی اسم مبارک ہے۔ اس کے عامل کے دل سے ہر طرح کا خوف ختم ہو جاتا ہے اور وہ بڑے بڑے خطرناک اور جان لیوا روحانی مسائل میں بلاخوف و خطر ہاتھ ڈال سکتا ہے۔

نورانی اعمال — ہدیہ: 1,100
حصارِ خاص

نورانی عملیات میں ایک خاص عمل ہے جس کا عمل کرنے کے بعد فرشتے عامل کی حفاظت کرتے ہیں۔ اس عمل کے مختصر فائدے یہ ہیں: حفاظتِ مال، اہل وعیال، بھائی بہن، والدین، دوست احباب وغیرہ، دنیاوی اور اخروی آفات سے حفاظت۔

ہر طرح کی بیماری کا روحانی علاج۔ بڑی سے بڑی بیماریوں کا علاج اس عمل سے کیا جا سکتا ہے۔ مریض قریب ہو یا دور، دم کیا جا سکتا ہے۔ روحانی علاج کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس میں کسی بھی قسم کا کوئی نقصان نہیں۔

نورانی اعمال — ہدیہ: 2,100
حصارِ قرآنی کبیر

قرآنی آیات پر مشتمل حفاظت کا ایک خاص عمل۔ جس کو کرنے سے ہر طرح کے شر سے حفاظت ہوتی ہے۔ جادو اور جنات کا علاج کرنے والے عاملین کے لیے ایک ضروری عمل۔

منزل کا عمل جادو، جنات، نظر بد، شیطانی اثرات سے نجات اور حفاظت کا خاص عمل ہے۔ اسی طرح دیگر آفات وحادثات سے بھی حفاظت ہوتی ہے۔ اس عمل کا عامل ہر کوئی بن سکتا ہے۔

دشمن کے خلاف ایک مضبوط ہتھیار۔ ان عاملین اور افراد کے لیے ایک ضروری عمل جن پر جادوگر مسلسل حملے کر رہے ہوں یا دشمن کی طرف سے مسلسل پریشانیوں کا سامنا ہو۔

نظر بد کے اثرات نئے ہوں یا پرانے...... معمولی ہوں یا بہت ہی زیادہ...... کسی ایک شخص پر ہوں یا پورے خاندان پر...... انسان پر ہوں یا پھر کاروبار، دکان، مکان یا کسی بھی چیز پر۔

سخت جادو کی کاٹ کا ایک (1) خاص عمل۔ یہ عمل بھی مندرہ کی طرح کام کرتا ہے۔

34 کا نقش "علم النقوش" کے بنیادی نقوش میں سے ہے اور روحانی علاج اور عملیات میں بہت زیادہ استعمال ہوتا ہے۔ یہ ۱۶ خانوں پر مشتمل ہوتا ہے اور اس کو مربع (۴×۴) کا نقش بھی کہتے ہیں۔

حب کا خاص ہانڈی والا عمل تین (3) دن والا

شوہر روٹھا ہوا ہو، ناراض ہو، کسی طرح راضی نہ ہو رہا ہو، رابطہ نہ کر رہا ہو یا پھر یہی معاملہ بیوی کے ساتھ ہو، وہ روٹھ گئی ہو، ناراض ہو، کسی طرح راضی نہ ہو رہی ہو، شوہر کا یا سسرال والا گھر چھوڑ کر اپنے میکے یا کہیں اور چلی گئی ہو تو اس عمل سے فائدہ اٹھائیں۔ یہ معاملہ جادو، جنات، شیاطین یعنی بداثرات کی وجہ سے ہو یا پھر غلط رویوں کی وجہ سے، دونوں میں یہ عمل کارآمد ہے۔ یہ عمل نوچندی پیر، جمعرات یا جمعہ کو تیار کیا جاتا ہے۔ تین (3) دن کا عمل ہے۔ ان شاء اللہ اسی سے مقصد حاصل ہو جائے گا۔ اگر کوئی کمی رہ گئی تو اگلے ماہ پھر نوچندی کو تیار کروائیں۔

عمل کا ہدیہ: 5100 روپے

(ناظم روحانی علاج گاہ) 03047772772

سحر مسلسل کا علاج بکرے والا

خاص عمل جس سے مسلسل سحر ختم ہو اور ساحر خود مصیبت میں مبتلا ہو جائے

سحر مسلسل سے مراد ایسا سحر (جادو) جو بار بار ہوتا ہے۔ مریض بہت علاج کروانے کے باوجود مکمل ٹھیک نہیں ہو پاتا۔ بندشیں ختم نہیں ہوتیں، صحت یاب نہیں ہوتے، ترقی نہیں ہو پاتی، مقصد حاصل نہیں ہوتا، رشتہ نہیں ہوتا وغیرہ۔ یہ عمل مریض کے گھر میں یا کسی بھی جگہ کیا جا سکتا ہے۔ اس کو چاند کی شروع کی تاریخوں میں کرنا ہی بہتر ہے۔ اگر ایک بار کے عمل سے مکمل افاقہ نہ ہو تو اگلے ماہ دوبارہ کرنا ہوتا ہے۔

ہدیہ: 10000 روپے

ممبران و روحانی درسگاہ کے شاگردوں کیلئے 20% خصوصی رعایت

(ناظم روحانی علاج گاہ) 03047772772

شادی کے لیے راضی کرنے کا تعویذ

کئی بار ایسا ہوتا ہے کہ گھر میں یا خاندان میں جہاں لڑکا یا لڑکی شادی کرنا چاہ رہے ہوتے ہیں، وہاں رشتہ کرنے کے لیے راضی نہیں ہوتے۔ ایسے تمام افراد کو راضی کرنے کے لیے روحانی علاج گاہ، دارالعمل چشتیہ سے تعویذ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

اس تعویذ کو طالب نے اپنے پاس رکھنا ہوتا ہے۔ یہ تعویذ نوچندی پیر، جمعرات یا جمعہ کو تیار کیا جاتا ہے۔ اس لیے تاریخوں کا خاص خیال رکھیں۔

درکار معلومات طالب کا نام مع والدہ۔ جن افراد کو راضی کرنا ہو، ان سب کے نام مع والدہ۔

نوٹ یہ تعویذ صرف انہی کو دیا جائے گا، جن کے بارے میں تسلی ہوگی۔

تعویذ کا ہدیہ: 2100 روپے

(ناظم روحانی علاج گاہ) 03047772772

تعویذ تسخیرِ خلائق

خاص تعویذ جس سے لوگوں کا رجوع ہو

تسخیر کی ضرورت دکان دار، کاروبار کرنے والے افراد، نوکری کرنے والے، حکیم، ڈاکٹر، عامل، وکیل، پراپرٹی ڈیلر، پروفیسر وغیرہ...... الغرض ہر اس فرد کو ضرورت ہے جس کا واسطہ کئی افراد سے رہتا ہے۔

اسی طرح لڑکی کو شادی کے وقت سسرال جانے سے قبل دیا جائے تو بہت فائدہ ہوتا ہے۔ جن مرد اور خواتین کو سسرال میں غلط رویوں کی شکایات ہیں، ان کے لیے بھی بہت مفید ہے۔

تعویذ کا ہدیہ: 1500 روپے

(ناظم روحانی علاج گاہ) 03047772772

عملیات شمع شبستان کرامات جفر (حصہ دوم)

صفحات 140

جلد آرڈر بک کرائیں

خاص اجازت کے ساتھ ہدیہ 5000 روپے

روحانی مطب امراض روحانی و جسمانی ابن سینا الشفاء روحانی علاج گاہ آستانہ قادریہ نقشبندی

مصنف و مؤلف: ڈاکٹر و حکیم محمد نعیم الحسن قادری نقشبندی لاہور

الحمدللہ شمع شبستان رضا کے بعد 2023ء کی نئی دور کا شاہکار "عملیات شمع شبستان کرامات جفر" ہے۔ اس کتاب کے تمام کے تمام عملیات عاملین کاملین اور ہمارے استادوں کے مجرب المجرب اور بار بار کے تجربہ شدہ ہیں۔ ایک ایک عمل بار بار آزمودہ است اور تجربہ کی کسوٹی پر کھرا ہے۔ ان اعمال کو جو بھی آزمائے گا فیض یاب ہوگا۔ "عملیات شمع شبستان کرامات جفر" کتاب ایک شمشیر بے نیام ہے۔ بغیر اجازت یہ عمل کارگر نہ ہوں گے۔ اجازت شرط ہے۔

- روپے پیسے میں خیر و برکت ہو
- غیب سے روزی اور کاروبار میں ترقی کا باموکل عمل
- تسخیر خلائق یا مطلوب کو بلانے کا تجربہ شدہ عمل
- روزگار ملنے اور تسخیر کا مجرب عمل
- عمل برائے حاجت
- عمل برائے ہر مقصد کے لئے
- مندرہ شاہ علی
- تین (3) دم سے جنات کے اثرات سے نجات
- جادو سحر کا تیر بہدف علاج
- سیف زبان کا اسراری عمل
- حیوانات مطیع کرنا
- جادوئی چراغ
- جن بھوت

- لوح فتح نامہ
- آیت قطب کا کمال
- اکیس (21) یوم میں ملازمت ملے
- حصول دولت (دست غیب)
- مٹھائی اور پھول برسانا
- انسانی نظروں سے غائب ہونے کا عمل
- عمل روحانی طاقت و ترقی کے لئے
- تسخیر موکل کا صدری عمل
- تسخیر غیبی مخلوق کا عمل
- عمل برائے حاضرات
- تسخیر شمشمالا جن
- تسخیر صندوئی کا صدری عمل
- تسخیر و حاضر جن بچہ کا مجرب عمل

- نورانی ہمزاد کا مجرب صدری اسراری عمل
- تسخیر و حاضری ہمزاد کا مجرب عمل
- تسخیر مخفی اسراری صدری لاثانی عمل
- تسخیر حسینہ پری / تسخیر جمیلہ پری
- عمل نمبر 2 حاضری جن بچہ کا روحانی عمل
- طب الخلفاء سرتاج الحکمت فارما کو پیا
- معجون دماغ، سرفیں گولیاں
- دال کیپسولز، سفوف شیریں
- پیٹ کم کرنے کی دوا صندل پاؤڈر
- سفوف سعال، حب مقوی اعصاب
- کیپسول زعفران فولادی، حب کستوری
- حب مشکی، سیلانی، شباب کمال سفوف خاص
- چہرہ سرخ و شاداب و دیگر نسخہ جات درج ہیں

پہلی بار حکیمی نسخہ جات مع مکمل ترکیب و طریقہ درج کئے ہیں۔ عملیات روحانی و سفلی منترجات و حاضرات جن، پری کے اعمال درج ہیں۔ دیگر اعمال کا مجموعہ مطالعہ کے لئے منگوا کر پڑھیے۔

مکتبۃ العارف دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
0332-4487877 0323-4487877 042-35410586
maktabatulaarif maktabatulaarif maktabatulaarif
maktabatulaarif.com maktabatulaarif@gmail.com

رمضان المبارک کے دو خاص تحفے

1 اللہ

پہلے گیارہ روز سوا لاکھ کے کھلے ورد کی نیت کر کے پڑھیں۔ ہر وقت پڑھتے رہیں اور ساتھ ممکن ہو تو لکھتے رہیں ورنہ جو مناسب طریقہ آپ کو لگے، اس سے حساب رکھیں۔ تہجد کے وقت چار ہزار چار سو چوالیس (۴۴۴۴) مرتبہ خانہ کعبہ کا مراقبہ کر کے پڑھیں۔ مراقبہ میں یہ تصور کریں کہ خانہ کعبہ کے اوپر اللہ کے نور کی بارش ہو رہی ہے اور خانہ کعبہ پر سے ہوتے ہوئے اس نور کے چھینٹے آپ پر بھی گر رہے ہیں۔ اگر اس تصور میں سر درد ہونے لگے تو مراقبہ کے بغیر تعداد پوری کریں۔ روزانہ رات کو ایک نشست میں پڑھنا ہے۔ باقی دن میں جتنا مرضی پڑھیں۔ کوشش کریں کہ اس دوران بڑے گوشت سے پرہیز کریں۔ اگر کسی قسم کا گوشت نہ کھائیں تو بہت اچھا ہے۔ جو بھی کیفیات اور خواب نظر آئیں، کسی کو ہرگز نہ بتائیں۔ اپنے شیخ و مرشد کو بتائیں یا پھر بندے کو لکھ کر بھیج دیں۔ پڑھنا ”اللہ“ ہے، ”یا اللہ“ نہیں پڑھنا۔ نیز اللہ کی تشدید پر دھیان دے کر پڑھیں۔

2 صلی اللہ علیہ وسلم

تیرھویں (۱۳) روزے سے سوا لاکھ کے کھلے ورد کی نیت کر کے پڑھیں۔ پندرہ (۱۵) دن یا سترہ (۱۷) دن کی نیت کریں۔ پندرہ دن کے حساب سے ستائیسویں (۲۷) روز ختم ہوگا۔ روزانہ اکتیس سو (۳۱۰۰) مرتبہ بوقت تہجد، حضور ﷺ کے روضہ مبارک کا مراقبہ کر کے پڑھیں۔ مراقبہ میں یہ تصور کریں کہ روضہ مبارک کے اوپر اللہ کے نور کی بارش ہو رہی ہے اور روضہ مبارک پر سے ہوتے ہوئے اس نور کے قطرے آپ پر بھی گر رہے ہیں۔ اگر اس تصور میں سر درد ہونے لگے تو مراقبہ کے بغیر تعداد پوری کریں۔ روزانہ رات کو ایک نشست میں پڑھنا ہے۔ باقی دن میں جتنا مرضی پڑھیں۔ کوشش کریں کہ اس دوران بڑے گوشت سے پرہیز کریں۔ اگر کسی قسم کا گوشت نہ کھائیں تو بہت اچھا ہے۔ جو بھی کیفیات اور خواب نظر آئیں، کسی کو ہرگز نہ بتائیں۔ اپنے شیخ و مرشد کو بتائیں یا پھر بندے کو لکھ کر بھیج دیں۔

دعا گو
ابونافع خالد مقبول عارف
چشتی قادری شاذلی نقشبندی سہروردی حفظہ اللہ
سرپرست دار العمل چشتیہ
0309-7772775, 042-35410586 | ruhanidarsgah
0333-7772775 | ruhanidarsgah97 | darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

سمبل ازم کیا ہے؟

پیر افتخار احمد خان نقشبندی، کراچی

بنیادی طور پر سمبل ازم کی کئی اقسام ہیں۔ لیکن یہاں سمبل ازم سے مراد وہ سمبل ازم ہے جو انرجی ہیلنگ یا علاج معالجے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

مختصراً سمبل ازم ہمارے لاشعور میں موجود معلومات کو بغیر کہے یا بیان کیے اجاگر کرنے کا نام ہے۔ لیکن اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ معلومات لاشعور میں موجود ہوں، لاشعور میں موجود معلومات کے ساتھ سمبلز کا تعلق پیدا کرنا یا مطابقت پیدا کرنا ہی آٹیونمنٹ کہلاتی ہے۔ اور ایک بار آٹیونمنٹ پیدا کر دی جائے تو پھر ساری زندگی جب بھی اس مقررہ سمبل کو ذہنی طور پر بنایا جائے گا لاشعور وہی توانائی خود کار طریقہ سے پیدا کرنا شروع کر دے گا۔ جو بعد ازاں علاج معالجے کے لیے استعمال کی جا سکتی ہے۔

سمبل ازم مختصر ترین طریقہ علاج ہے کسی بھی عمل اور عمل کو حاصل اور استعمال کرنے کا۔ دراصل نقوش کی زکات ادا کرتے وقت یا کوئی نقش لکھتے وقت دراصل ہم سمبل ہی تو بناتے ہیں مثلاً۔

مندرجہ بالا نقش یا سمبل نقش مثلث کی تمام چالوں کی توانائی رکھتا ہے۔ نیز سمبل دراصل جیومیٹریکل اشکالات ہوتی ہیں اور علم والے احباب جانتے ہیں کہ عدد نو (9) کو عملیات اور نقوش میں عجیب اہمیت حاصل ہے، چاہے جتنے اعداد سے بھی ضرب دے دیں ان کا مفرد نو (9) ہی آئے گا۔

اب ہر جیومیٹریکل شکل کا مفرد نو (9) ہی ہے۔

اس کا ہر زاویہ 90 ڈگری ہے

90 90
90 90

یہ 360 ڈگری ہے

اس کا ہر زاویہ 45 ڈگری ہے

180 ڈگری کا مفرد 9

360 ڈگری کا مفرد 9

135 ڈگری کا مفرد 9

اس لیے جس طرح کہا جاتا ہے کہ عدد نو (9) کو زوال نہیں اسی طرح کہا جاسکتا ہے کہ سمبل ازم کو بھی زوال نہیں۔

آٹیونمنٹ یا مطابقت پیدا کرنا

دراصل کائنات دو طرح ہیں یا ہم اسے دو طرح سمجھتے ہیں۔

1۔ کائنات صغریٰ

2۔ کائنات کبریٰ

کائنات صغریٰ وہ ہے جو نظر آتی ہے جس میں چاند، سورج، ستارے، اور دوسرے اجسام فلکی شامل ہیں۔ جبکہ کائنات کبریٰ سے مراد وہ کائنات ہے جو انسان کے اندر ہے۔

جب ہم کائنات صغریٰ سے مطابقت پیدا کرتے ہیں تو وہاں زمان و مکان کی قیود بہر حال موجود ہیں، جبکہ کائنات کبریٰ سے مطابقت کے بعد انسان ان دونوں قیود یعنی زمان و مکان کی قیود سے آزاد ہو جاتا ہے۔ اسی طرح جو توانائیاں بیرونی طور پر منسلک کی جاتی ہیں ان کے نتائج بہر حال اندرونی طور پر منسلک کی گئی توانائیوں سے کم ہوتی ہیں۔

نیز سمبل ازم کسی بھی معلومات کو انتہائی کم وقت اور کم محنت کے ساتھ زیادہ سے زیادہ بلکہ لا متناہی حد تک علم کی ترسیل کا ذریعہ بھی ہے جیسے مختلف سمبلز جو ہم عام زندگی میں دیکھتے ہیں جیسے ٹریفک یا روڈ سائن وغیرہ۔

فی زمانہ سمبل ازم کی اشد ضرورت اس لئے بھی ہے کہ اب زندگی مصروف ہوگئی ہے جس کی وجہ سے مروجہ ترک جمالی اور جلالی کی مشقتیں اب تقریباً ناممکنات ہی رہ گئی ہیں۔ جبکہ دوسری طرف کفر کی محنت انتہائی تیز اور آسان ہے، سو ضروری ہے کہ سمبل ازم کے ذریعے تمام منفی قوتوں کا مقابلہ کیا جاسکے اور مثبت توانائی اور علوم کا حصول اور ترسیل آسان تر بنایا جاسکے۔

بقیہ (ص 16) سحر و جادو کی معجزہ نما تشخیص و علاج

کے بھی کام کرتا ہے لیکن صرف عامل کامل کی زبان سے لیکن شریعت کے باغی، بد باطن یا بد پرہیز کی زبان میں وہ تاثیر ہی نہیں ہوتی جو عملیات کے نور کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔ اس کے تین (3) طریقہ جات لکھے جاتے ہیں، کوئی ایک کر کے اس عمل کا تماشہ دیکھیں۔

1۔ پانچ تسبیحات یعنی پانچ سو (500) بار روزانہ کے حساب سے چالیس (40) یوم کا چلہ کریں۔

2۔ گیارہ سو (1100) بار روزانہ کے حساب سے چالیس (40) یوم کا چلہ کریں۔

3۔ تین ہزار ایک سو پچیس (3125) بار روزانہ کے حساب سے چالیس (40) یوم کا چلہ کریں۔ یہ سوا لاکھ کی مکمل زکوۃ ادا ہو جائے گی۔

نوٹ: یاد رکھیں آپ نے آج کے ایٹمی دور میں اپنا نام پیدا کرنا ہے تو کام بھی اتنی ہی محنت کا کریں۔ کیونکہ کائنات کو اپنا آپ منوانا اتنا آسان نہیں جتنا ان جعلی عاملین و پیران کرام نے سمجھ رکھا ہے۔ اس لئے محنت، محنت اور پھر محنت ہی مقامات رفعت تک پہنچاتی ہے۔ دوران عمل اگربتی ضرور روشن رکھیں۔

بقیہ (ص 14) تسخیر دیوی

اس دیوی کی تسخیر سے بندہ انسانوں کو مختلف کمالات دکھا سکتا ہے۔

طریقہ عمل یہ ہے کہ اس عورت کے خون استحاضہ کا کپڑا لیں جس کا بچہ پہلے تین (3) ماہ میں ضائع ہو گیا ہو۔ یہ کپڑا ذرا بڑا ہو۔ یا پھر تین (3) عورتوں کی ماہواری کے کپڑے اکٹھے کریں اور برابر جوڑ کر ان پر نشست جما کر بیٹھ جائیں۔ اس منتر کا سوا لاکھ (1,25,000) جاپ کریں۔ چاند کے غروب دنوں میں چاہے جتنے روز بھی لگ جائیں۔ چودہ (14) دن کے اندر اندر کریں۔ رات دن پڑھ سکتے ہیں۔ کسی سے ملاقات نہ کریں۔ سوائے تین (3) آدمیوں کے۔ آخری دن مسیکا دیوی آ کر اپنے درشن دے گی۔ اور بہت سے اسرار سمجھائے گی۔ اپنی شکتی بتائے گی۔ پھر چند بار پڑھ کر یا دیوی حاضر کر کے آپ بہت بڑے بڑے کمالات دکھا سکتے ہیں۔ منتر یہ ہے۔

رُوپ سرُوپ کایا کلپ، ہور مسیکا تور اگنیش

شرفِ قمر کے اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

ابتداء	خاتمہ
24-3-2023	24-3-2023
03:09	05:53

واپسی مفرور

نقش مندرجہ ہذا برائے گریختہ مجرب ہے۔ چنانچہ اس کو لکھ کر بھاری پتھر کے نیچے دباوے۔ بااصول نقش مذکور بصدق دل لکھے۔ ان شاء اللہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا۔ اور گریختہ واپسی مسکن کے لیے بیتاب ہوگا۔

بستم راہ مغرب

و	بدوح	ا
بدوح	فلاں ابن فلاں حاضر شود	بدوح
ح	بدوح	ا

جلد اور زیادہ قیمت پر گھر/دکان/جگہ بیچنے کا عمل

اس دعا کو شرفِ قمر کے وقت زعفرانی روشنائی سے لکھیں اور بیچے گھر/دکان/جگہ کا پتہ لکھیں، پھر اس تعویذ کو اس جگہ پر رکھ دیں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْاَلُكَ بِحَقِّ وَلِيِّكَ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ اِلَّا جُدْتَ بِهٖ عَلَيَّ مِنْ فَضْلِكَ وَ تَفَضَّلْتَ بِهٖ عَلٰی مَنْ وَسِعَكَ وَ وَسَّعْتَ عَلَيَّ رِزْقَكَ وَ اَغْنَيْتَنِيْ عَمَّنْ سِوَاكَ وَ جَعَلْتَ حَاجَتِيْ اِلَيْكَ وَ قَضَاهَا عَلَيْكَ اِنَّكَ لِمَا تَشَاءُ قَدِيْرٌ۔

تعویذ رکھنے کے بعد نو (9) دن تک روزانہ چودہ (14) بار یہ دعا پڑھیں۔ ان شاء اللہ، جلد وہ جگہ بک جائے گی۔

ہبوطِ قمر کے اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

ابتداء	خاتمہ
11-3-2023	11-3-2023
08:48	10:41

عداوت پیدا کرنا

سات (7) کنکر نمک سانبھر کے لے کر ایک (1) کنکری پر اس آیت کو مع بسم اللہ پڑھے اور دم کرے۔

اَوَلَمْ یَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِیْمٌ مُّبِیْنٌ۝۷۷ (یٰس: ۷۷)

پھر آگ میں ڈالے۔ عداوت عظیم پیدا ہوگی۔

دشمن ذلیل وخوار ہو

اگر کوئی شخص کسی ظالم وفاسق کی دشمنی اور بری حرکتوں سے پریشان ہو اور یہ چاہتا ہو کہ اس کا دشمن اس کے سامنے ذلیل وخوار ہو تو اس کو چاہیے کہ دو (2) نقش لکھے۔ ایک (1) کو اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے۔ دوسرا نقش پرانی قبر کے پاس دفن کردے۔ ان شاء اللہ، اس کا دشمن ذلیل وخوار ہوگا۔

۷۸۶

۶۷۷	۶۸۰	۶۸۴	۶۷۰
۶۸۳	۶۷۱	۶۷۶	۶۸۱
۶۷۲	۶۸۶	۶۷۸	۶۷۵
۶۷۹	۶۷۴	۶۷۳	۶۸۵

نقش کے نیچے دشمن کا نام مع والدہ اور والد لکھیں۔ اور مقصد واضح لکھیں کہ دشمن ذلیل وخوار ہو۔

نظرات سیارگان کے اعمال

ناظم روحانی درسگاہ حکیم مولانا سلیم اللہ ظفر

نافرمان اولاد کو فرماں بردار بنانے کا خاص عمل

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
قران زہرہ مشتری	01-03-23 10:32	02-03-23 10:35	03-03-23 10:41

دور حاضر میں اولاد کی نافرمانی کا مسئلہ بڑھتا جارہا ہے۔ آئے دن ہماری روحانی علاج گاہ میں پریشان حال والدین اپنی اولاد کی نافرمانی کا مسئلہ لے کر تشریف لاتے رہتے ہیں۔ جب ہمارے پاس والدین آتے ہیں تو بے شک ہر جگہ پر روحانی معالجین، روحانی عاملین کے پاس کثیر تعداد میں لوگ آتے ہوں گے۔ چونکہ ہماری روحانی درسگاہ کے روحانی طلباء وطالبات بھی ہم سے دیگر خاص تعویذات کی ڈیمانڈ کے ساتھ ساتھ اولاد کی فرماں برداری کے تعویذات اور اعمال کی بھی ڈیمانڈ کرتے ہیں۔ اس سخت ضرورت کے پیش نظر آپ کی خدمت میں نافرمان اولاد کو فرماں بردار بنانے کا خاص تعویذ اور خاص وظیفہ اور خاص عمل پیش کیا جارہا ہے۔ یہ تعویذ اور عمل قران زہرہ مشتری کے وقت میں کسی سعد ساعت میں تیار کرلئے جائیں۔ عددی تعویذ گلے یا بازو میں باندھنے کے لئے ہے۔ ملفوظی 40 تعویذات پینے اور پلانے کے لئے ہیں۔ یاھادی تمام والدین روزانہ ایک (1) تسبیح صبح شام پڑھیں۔

پلانے کے لئے

یاھادی	یاھادی	یاھادی
یاھادی	یاھادی	یاھادی
یاھادی	یاھادی	یاھادی

باندھنے کے لئے

۲۹۸	۳۱۲	۳۰۹	۳۰۶
۳۱۰	۳۰۵	۲۹۹	۳۱۱
۳۰۴	۳۰۷	۳۱۴	۳۰۰
۳۱۳	۳۰۱	۳۰۳	۳۰۸

قبضہ کی جگہ کی ویرانی، تباہی، بربادی اور قبضہ چھڑانے کے لئے

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
قران عطارد زحل	02-03-23 04:17	02-03-23 19:34	03-03-23 10:44

اگر کسی قبضہ گرپ نے کسی کے مکان، زمین، پلاٹ مارکیٹ، پلازہ وغیرہ پر قبضہ کرلیا ہو اور کسی طریقے سے بھی چھوڑنے کا نام ہی نہ لیتے ہوں اور جن کا مکان ہے، جن کی زمین ہے، جن کا پلاٹ ہے، جن کی مارکیٹ ہے، جو اصل مالکان ہیں، اگر ان کی کہیں بھی شنوائی نہ ہو رہی ہو تو یہ عمل ایسے لوگوں کے لئے بہت ہی کامیاب عمل ہے۔ یہ تعویذ حزب البحر کے عاملین لکھ سکتے ہیں۔ یہ تین (3) تعویذات لکھنے ہیں۔ ایک (1) تعویذ قبرستان میں دفن کرنا ہے۔ دوسرا کسی ویرانے میں دفن کرنا ہے اور تیسرا برائے چراغ تیار کرنا ہے۔ بہتر ہے کہ تین (3) کے بجائے تیرہ (13) تعویذات بنالئے جائیں۔ دو (2) تعویذ دفنانے کے لئے اور گیارہ (11) تعویذات چراغ میں جلانے کے لئے بنالئے جائیں۔ ان چراغ میں جلانے والے تعویذات کو بتیاں بنا کر ایک (1) تعویذ دو (2) دن جلایا جائے۔ آدھا ہفتہ کے دن اور آدھا منگل کے دن اور یہ چراغ جلا کر اس کا رخ قبضہ شدہ جگہ کی طرف کیا جائے اور مالکان چراغ کے سامنے بیٹھ کر **ولونشاء لمسخنھم علی مکانتھم** پانچ سو (500) بار پڑھیں۔ ان شاء اللہ قبضہ مافیا، قبضہ گروپ قبضہ چھوڑ کر بھاگنے پر مجبور ہوں گے۔

خاص تعویذ

۱۸۱۸	۱۸۳۱	۱۸۲۸	۱۸۲۵
۱۸۲۹	۱۸۲۴	۱۸۱۹	۱۸۳۰
۱۸۲۳	۱۸۲۶	۱۸۳۳	۱۸۲۰
۱۸۳۲	۱۸۲۱	۱۸۲۲	۱۸۲۷

پڑھنے پڑھانے والوں کے لئے خاص عمل

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
قران عطارد مشتری	27-03-23 21:58	28-03-23 11:50	29-03-23 01:49

شعبہ تعلیم سے وابستہ تمام افراد کیلئے یہ عمل بہت ہی مؤثر، مجرب اور فائدہ مند ثابت ہوگا۔ تعلیم سے متعلق پڑھانے کے سلسلے میں ہو یا پڑھنے کے سلسلہ میں ہو۔

مطلب یہ ہے کہ یہ عمل اور یہ تعویذ تمام ٹیچروں، تمام پروفیسروں، تمام معلموں، تمام لیکچراروں، تمام اساتذہ کرام خواہ وہ کسی بھی تعلیم کے شعبے میں ہوں سب کے لئے یکساں مفید ہے اور اسی طرح یہ تعویذ اور یہ عمل تمام طالب علموں، تمام سٹوڈنٹوں کے لئے بھی بہت ہی قیمتی اور بہت ہی نافع ہے۔

آزمائش شرط ہے۔

چالیس (40) تعویذ پینے پلانے کے ہیں اور ایک (1) تعویذ ہر وقت بالخصوص پڑھنے اور پڑھانے کے وقت میں پاس ہونا ضروری ہے۔

یاعلیم	یاعلیم	یاعلیم
یاعلیم	یاعلیم	یاعلیم
یاعلیم	یاعلیم	یاعلیم

۴۷۸	۴۹۲	۴۸۹	۴۸۵
۴۹۰	۴۸۴	۴۷۹	۴۹۱
۴۸۳	۴۸۷	۴۹۴	۴۸۰
۴۹۳	۴۸۱	۴۸۲	۴۸۸

لڑائی جھگڑوں کے خاتمہ کے لئے

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
تسدیس زہرہ مریخ	10-03-23 13:03	11-03-23 20:04	13-03-23 03:19

لڑائی جھگڑے خواہ اپنوں میں ہوں یا بیگانوں کے ساتھ ہوں۔ لڑائی جھگڑا میاں بیوی کے درمیان ہو یا پھر اولاد یا والدین کے درمیان ہو۔ لڑائی جھگڑا بھائیوں کا بہنوں سے ہو یا پھر بہنوں کا اپنے بھائیوں سے ہو۔

یہ تعویذ، یہ عمل ہر طرح کے چھوٹے بڑے لڑائی جھگڑوں کے خاتمے کے لئے بہت ہی مؤثر، بہت ہی فائدہ مند ثابت ہوگا۔

چونکہ لڑائی جھگڑوں سے بے برکتی، نحوست اور بہت ہی شدید بداثرات جنم لیتے ہیں، اس لئے ہمیں چاہئے کہ لڑائی جھگڑوں کے خاتمے کے لئے ہر وقت کوشاں رہیں۔

یہ تعویذ، یہ عمل تسدیس زہرہ مریخ کے وقت میں کسی سعد ساعت میں تیار کر لئے جائیں۔ چالیس (40) تعویذات پلانے کے لئے اور ایک (1) تعویذ پاس رکھنے کے لئے اور ان چاروں اسماء الحسنیٰ کا کثرت سے ورد کریں۔

یااللہ

یااللہ	یاودود	یامعید	یاجامع
یاجامع	یامعید	یاودود	یااللہ
یاودود	یااللہ	یاجامع	یامعید
یامعید	یاجامع	یااللہ	یاودود

یاجامع — یاودود

یامعید

دشمنوں میں انتشار کے لئے

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
تربیع شمس مریخ	15-03-23 02:50	16-03-23 23:09	18-03-23 20:02

آج کل سے نہیں بلکہ شروع دن سے ہی شریر ہمیشہ اکٹھے ہو جاتے ہیں۔ شیطانوں کا ہمیشہ گٹھ جوڑ ہو جاتا ہے۔ فوری اکٹھے ہو جاتے ہیں۔ فوری ایک ہو جاتے ہیں۔ فوری جمع ہو جاتے ہیں۔ فوری متحد ہو جاتے ہیں اور شریفوں کی زندگی کو اجیرن بنا دیتے ہیں۔ اس طرح کا کوئی ایک واقعہ نہیں بلکہ آپ کے سامنے بھی درجنوں نہیں بلکہ سینکڑوں مثالیں ہوں گی۔ چونکہ اس طرح کے معاملات سے کوئی گھر، کوئی گلی، کوئی محلہ، کوئی قصبہ، کوئی دیہات، کوئی گاؤں اور کوئی شہر خالی نہیں ہے۔ بہر حال آپ کی خدمت میں جو عمل پیش کیا جا رہا ہے، یہ عمل بہت ہی مؤثر و مجرب ہے۔

شیطانوں، شریروں کی صفوں میں انتشار اور ان کے اتحاد کو پارہ پارہ کرنے کے لئے اور ان کو آپس میں ہی لڑا دینے اور علیحدہ علیحدہ کرنے کے لئے یہ عمل بہت ہی کارگر ہے۔

تعویذ دو (2) پرانی قبروں کے درمیان دفن کریں۔

اگر نام آتے ہوں تو نام لکھ کر ساتھ مقصد لکھیں۔ زوال کے وقت تین سو تیرہ (313) بار، تیرہ (13) دن پڑھیں

یاقھار

یافارق

اللھم	فرق	جمعھم	یاقھار
یاقھار	جمعھم	فرق	اللھم
فرق	اللھم	یاقھار	جمعھم
جمعھم	یاقھار	اللھم	فرق

یافارق

یاقھار

سات (7) قبروں کی مٹی پر اللھم فرق جمعھم پانچ سو (500) بار پڑھ کر جہاں وہ جمع ہوتے ہیں وہاں ڈالیں

ناجائز کاروبار اور کاموں کو بند کرنے کا عمل

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
تربیع عطارد مریخ	16-03-23 17:44	17-03-23 09:48	18-03-23 01:45

اگر آپ کی گلی میں، آپ کے محلے میں، آپ کے شہر میں، آپ کے گاؤں میں، آپ کے قصبے میں، آپ کے دیہات میں کوئی ایسا کاروبار یا ایسا کام ہو رہا ہے جو لوگوں کے لئے، نوجوانوں کے لئے، بچوں کے لئے، بیٹیوں اور بیٹوں کے لئے، معاشرے کے لئے، تہذیب اور ثقافت کے لئے، اپنے ملک وملت کے لئے اور آپ اس کو روکنے کی یا رکوانے کی ہمت اور طاقت بھی نہ رکھتے ہوں، وسائل اور تعلقات بھی نہ ہوں، مثلاً زنا کا اڈہ ہے، شراب کی دکان ہے، کوئی فراڈ یا بے ایمانی کا کام کرتا ہو تو آپ تربیع عطارد مریخ کے وقت میں کسی نحس ساعت میں یہ عمل تیار کریں۔

تربیع عطارد مریخ کا تعویذ

سات (7) قبروں کی مٹی لے کر یہ عمل تربیع عطارد مریخ کی کسی نحس ساعت میں تین سو تیرہ (313) بار پڑھ کر دم کرے اور اس دکان یا مکان میں ہفتہ کے دن یا بہتر منگل کو پھینکے! یہ عمل روزانہ ستر (70) بار زوال کے وقت پڑھتا رہے۔

خاص تعویذ

اللھم	زلزل	اقدامھم	یاجبار
یاجبار	اقدامھم	زلزل	اللھم
زلزل	اللھم	یاجبار	اقدامھم
اقدامھم	یاجبار	اللھم	زلزل

نام معلوم ہو تو نام لکھے۔ بصورت دیگر دکان نمبر، مکان نمبر اور مقصد تحریر کریں!

بلڈنگ ٹھیکیداروں اور ڈیلروں کے لئے

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
تثلیث مریخ زحل	28-03-23 10:11	31-03-23 00:03	02-04-23 12:41

تثلیث مریخ زحل کے وقت میں کسی سعد ساعت میں شعبہ تعمیرات عمارت کے لئے بہت ہی اہم عمل تیار کیا جاسکتا ہے۔ چونکہ تثلیث مریخ وزحل کا خاص وقت ایسے اعمال کی تیاری کا خاص وقت ہوتا ہے۔ ایسے تمام افراد جو مستری ہوں، ٹھیکیدار ہوں، ڈیلر ہوں مطلب یہ ہے کہ بلڈنگ اور عمارت بنانے والے ہوں، مستری، ٹھیکیدار وغیرہ یا بنوانے والے ہوں، مالک، کاربار، ٹھیکیدار، ڈیلرز حضرات یا پھر کاروباری حضرات جو کمیشن ایجنٹ ہوں۔ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ اگر عمارت بلڈنگ بنانے، بنوانے، لینے، دینے، خریدنے یا بیچنے جس طرح کا بھی آپ کا تعلق ہو، آپ کے لئے یہ وقت بہت ہی قیمتی وقت ہے۔

روحانی عالمین اپنے مریدوں، روحانی سائلین کے لئے بہت ہی موثر عمل تیار کرسکتے ہیں۔

بسمہ اللہ لرحمن الرحیم

یا اللہ (اوپر) — یاواسع (دائیں) — یاباعث (بائیں) — یانافع (نیچے)

یا اللہ	یا باعث	یا واسع	یا نافع
یا نافع	یا واسع	یا باعث	یا اللہ
یا باعث	یا اللہ	یا نافع	یا واسع
یا واسع	یا نافع	یا اللہ	یا باعث

نیچے نام معہ والدہ اور مکمل مقصد تحریر کریں

ان چاروں اسماء الحسنٰی کی ہر نماز کے بعد ایک (1) تسبیح یا روزانہ پانچ سو (500) بار پڑھے

ہر طرح کی مشکلات کے حل کے لئے

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
تسدیس عطارد زحل	05-04-23 04:50	05-04-23 21:20	06-04-23 14:28

ہر طرح کی مشکلات کے خاتمے، ہر طرح کی پریشانیوں سے نجات کے لئے خاص الخاص وظیفہ اور تعویذ آپ کی خدمت میں پیش کررہا ہوں۔ جو بہت ہی موثر اور مجرب ہے۔ بس یقین اور آزمائش شرط ہے۔

مشکلات خواہ کتنی ہی پرانی ہوں۔ مشکلات خواہ کتنی ہی سخت ہوں۔ ان شاء اللہ ساری کی ساری مشکلات دنوں میں حل اور ختم ہوجائیں گی۔ یہ خاص تعویذ آپ نے زعفرانی سیاہی سے تسدیس عطارد زحل کی کسی سعد ساعت میں تحریر کرلینا ہے۔ اس کو اپنے پاس رکھنا ہے اور بعد نماز فجر یا کسی بھی نماز کے بعد اکیس (21) بار روزانہ پڑھیں۔

یاحی یا قیوم یا حل المشکلات یا دافع البلیات پڑھیں اول وآخر گیارہ (11) بار درود شریف آخر میں دعا مانگیں۔

یاحی یاقیوم (اوپر) — یادافع البلیات (دائیں) — یادافع البلیات (بائیں)

یاحی	یاقویم	یاحل المشکلات	یادافع البلیات
یادافع البلیات	یاحل المشکلات	یاقیوم	یاحی
یاقیوم	یاحی	یادافع البلیات	یاحل المشکلات
یاحل المشکلات	یادافع البلیات	یاحی	یاقیوم

یاحی یاقیوم

نام مع والدہ (مقصد تحریر کریں)

پیار و محبت کو قائم رکھنے کے لئے

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
تسدیس عطارد مریخ	07-04-23 19:16	08-04-23 11:28	09-04-23 20:04

ہر شخص پیار اور محبت کا طالب ہوتا ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ ہر ایک کا مجھ سے محبت اور پیار کا رشتہ قائم ہو۔ لوگ مجھے پیار و محبت سے بلائیں۔ لوگ مجھ سے پیار محبت سے پیش آئیں۔ کوئی میرا نام لے تو پیار اور محبت سے لے۔ کوئی مجھ سے کلام کرے تو پیار اور محبت سے کرے۔ کوئی مجھے مخاطب کرے تو پیار اور محبت سے کرے۔ ماں باپ اولاد سے پیار اور محبت کے طالب ہوتے ہیں اور اولاد اپنے ماں باپ کی طرف سے پیار اور محبت کی منتظر رہتی ہے۔ خاوند چاہتا ہے کہ میری بیوی مجھ سے پیار محبت سے رہے اور بیوی کی ڈیمانڈ ہوتی ہے کہ آپ ہمیشہ مجھ سے پیار و محبت سے پیش آئیں۔ بہر حال محبت اور پیار کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے قائم اور دائم رکھنے کے لئے تسدیس عطارد و مریخ کی کسی سعد ساعت میں یہ تعویذ زعفرانی سیاہی سے تیار کریں۔ اپنے پاس ہر وقت رکھیں اور ان اسماء الحسنیٰ کو ہر وقت چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے سوتے جاگتے وضو بے وضو پڑھتے رہیں۔

یاودود	یاقیوم	یاودود	یاقیوم
یاقیوم	یاودود	یاقیوم	یاودود
یاقیوم	یاودود	یاقیوم	یاودود
یاودود	یاقیوم	یاودود	یاقیوم

ناجائز تعلقات کے خاتمے کے لئے

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
تربیع زہرہ زحل	13-04-23 23:10	14-04-23 21:38	15-04-23 20:06

اگر کسی لڑکے اور لڑکی یا کسی مرد اور عورت کے درمیان ناجائز دوستی، ناجائز رشتہ، ناجائز تعلقات، ناجائز معاملات، ناجائز اٹھنا بیٹھنا ہو اور وہ کسی طریقے سے بھی باز نہ آ رہے ہوں۔ روکنے کے تمام اسباب ناکام ہو گئے ہوں۔ تو آپ یہ تعویذ بھی استعمال کریں اور اس کے ساتھ ساتھ بتلایا گیا نمک جو تربیع زہرہ زحل کی کسی نحس ساعت میں دم کیا گیا ہو کھلائیں۔ ان شاء اللہ جدائی ہوگی۔ لکھا گیا تعویذ پرانی دو (2) قبروں کے درمیان دفن کریں۔

کما باعدت بین المشرق المغرب	اللھم باعد	فلاں بن فلاں وبین فلاں بن فلاں
اللھم باعد	فلاں بن فلاں وبین فلاں بن فلاں	کما باعدت بین المشرق المغرب
فلاں بن فلاں وبین فلاں بن فلاں	کما باعدت بین المشرق المغرب	اللھم باعد

یہی عمل تین سو تیرہ (313) بار نمک پر دم کر کے کھلایا جائے

حاجات پورا ہونے کا خاص عمل

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
تسدیس شمس زحل	24-04-23 12:57	25-04-23 15:47	26-04-23 18:36

شاید ہی دنیا میں کوئی انسان ہو کہ جس کے دل میں کوئی حاجت نہ ہو۔ حاجات وضروریات کی دنیا میں ہر شخص ایک (1) دو (2) نہیں درجنوں حاجات کا ارمان اور ان کے پورا ہونے کی امیدیں لئے پھرتا ہے۔ آج جو آپ کو عمل بتلانا ہے یہ عمل بہت ہی قیمتی ہے۔ بہت ہی مجرب ہے۔ بہت ہی مؤثر ہے۔ بہت ہی آزمودہ ہے۔ عمل کیا ہے؟ عمل ہے درود تنجینا شریف۔ یقین جانیں جس نے پڑھا، جس نے اپنایا، جس نے آزمایا، جس نے عمل میں لایا تمام حاجات دنوں میں پوری ہوئیں۔ آپ بھی آزمائیں اور حاجات پوری ہوتی دیکھیں۔ درود تنجینا زعفرانی سیاہی سے تسدیس شمس زحل کی کسی سعد ساعت میں لکھیں۔ اپنے پاس رکھیں اور تازندگی روزانہ چالیس (40) بار پڑھنے کا معمول بنالیں اور دیکھیں عجیب وغریب کرشمات اپنی آنکھوں سے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللھم صل علی سیدنا و مولانا محمد و علی ال سیدنا و مولانا محمد صلات تنجینا بہا من جمیع الاھوال والافات۔ وتقضی لنا بہا جمیع الحاجات۔ وتطھرنا بہا من جمیع السیئات۔ وترفعنا بہا عندك اعلی الدرجات۔ وتبلغنا بہا اقصی الغایات من جمیع الخیرات فی الحیات وبعد الممات۔ انك علی کل شیء قدیر۔ ﷺ یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم یا حی یا قیوم یا ذوالجلال والاکرام محض اپنے فضل و کرم سے

وصلی اللہ علیہ وسلم

بقیہ (ص 49) جادو جنات کا علاج

ایک اور بات میں آپ لوگوں کو بتانا چاہتا ہوں کہ آج کل زیادہ تر لوگ ڈرے ہوئے ہیں۔ایک ڈاکٹروں اور دوسرے جعلی عاملوں سے اور اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ بعض عامل ایسے ہوتے ہیں کہ وہ لوگوں کے راز کو اپنے ساتھ راز نہیں رکھتے بلکہ دوسرے لوگوں کو بتاتے ہیں تو پھر یہ جو اچھے لوگ ہیں اور جس میں کوئی برائی یا نقص موجود ہے تو پھر وہ کسی کو بتا نہیں سکتے اور جب یہ اپنا نقص صحیح طریقے سے بتا نہیں سکتے تو پھر اس کا علاج کیسے ہو سکتا ہے؟ کچھ بندے ایسے بھی موجود ہیں کہ وہ بتاتے بھی نہیں ہیں لیکن آپ کو اپنے تجربے کی بنیاد پر اس سے نکالنا بھی پڑے گا کہ یہ بندہ جو ہے اس کہ یہ بیماری ہے۔وہ آپ کے تجربے کے اوپر منحصر ہے۔ کیونکہ ایک بندے کو میرے پاس لایا گیا اور بولا کہ اس کے اوپر دورے پڑتے ہیں اور جب دورہ پڑتا ہے تو چیختا اور چلاتا ہے اور کھانا پینا بھی چھوڑ دیا ہے اور کسی سے بات بھی نہیں کرتا۔اور اس کی شادی کو ایک مہینہ ہو گیا ہے اور یہ مرض شادی کی پہلی یا دوسری رات لاحق ہوا ہے۔

جب میں نے معلوم کیا کہ اس کے اوپر جادو کیا گیا ہے اور اسے بالکل نامرد بنا دیا ہے، لیکن اس نے یہ بات کسی کو نہیں بتائی کیونکہ شاید اس کا کوئی راز دار نہیں تھا۔اگر اس کا کوئی راز دار ہوتا تو وہ ضرور اپنا مرض اس کو بتا دیتا ۔جب اس بندے کو میرے پاس لایا گیا تو میں نے اس کو باقی لوگوں سے الگ کیا اور علیحدہ اس سے پوچھا کہ آپ کو کیا مسئلہ ہے تو اس کو یہی مسئلہ تھا کہ کسی نے اس کے اوپر جادو کیا تھا جس کی وجہ سے اس کو نامرد بنا دیا گیا تھا۔اور اس نے کھل کر سب کچھ مجھے بتا دیا پھر میں نے اس کا علاج کیا اور کچھ دوائی بھی دی اور وہ اسی رات اللہ کے فضل سے ٹھیک ہو گیا۔

تو میں گارنٹی سے آپ لوگوں کو بتاتا ہوں کہ جو بندہ نامرد ہو چکا ہو اور جس کے اوپر کسی نے ایسا عمل کیا ہو کہ جس کی وجہ سے یہ نامرد بن چکا ہو۔تو ان کو میں عمل دیتا ہوں وہ یہ عمل کر کے پہلی رات کو ٹھیک ہو جائے گا یعنی دو (2) گھنٹوں کے اندر اندر وہ ٹھیک ہو جائے گا۔اثرات تو آہستہ آہستہ ختم ہو جائیں گے لیکن اس کا جو مرض ہے وہ مکمل ختم ہو جائے گا اور اس کی مردانہ کمزوری ختم ہو جائے گی اور صحت یاب ہو جائے گا۔

مفت روحانی خدمات برائے مارچ 2023

رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے ارسال کریں۔ایک کوپن ایک فرد کے لیے۔شرائط پر پورا نہ اترنے والوں سے معذرت۔

سحر مسلسل سے نجات

ایسا جادو جو بار بار کیا جا رہا ہو، اس سے نجات کا خاص عمل۔

بہن کی بہن سے ناراضگی ختم ہو

اگر دو بہنوں میں کسی بھی وجہ سے ناراضگی ہو، بازو پر باندھنے کے اس تعویذ کو استعمال کرنے سے ناچاقی، ناراضگی، اختلاف وغیرہ ختم ہو گا۔

شیطانی و منفی قوت کے شر سے حفاظت

پہننے کا خاص روحانی تعویذ۔

گھر سے آسیبی، جناتی، جادوئی اثرات ختم کرنا

ہر قسم کے آسیبی، جناتی، جادوئی اثرات ختم کرنے کا خاص عمل۔اس کو کرنے سے گھر کی مکمل روحانی صفائی ہو جاتی ہے۔خاص اجازت ہے۔

رزق کی فراخی اور برکت

رزق میں بہت برکت، فراخی اور فراوانی کا خاص عمل۔

ہر دل عزیز

جو یہ چاہتا ہے کہ وہ ہر دل عزیز ہو۔جس جگہ بھی جائے، اس کی عزت ہو تو اس خاص ورد کی اجازت لیں۔

رشتہ و شادی کی رکاوٹیں ختم ہوں

رشتہ یا شادی ہونے میں کسی بھی طرح کی دنیاوی یا روحانی رکاوٹ ہو، اس خاص عمل سے وہ رکاوٹ دور ہو گی، ان شاءاللہ۔

آپ کے مسائل اور ان کا روحانی حل

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دار العمل چشتیہ)

اولاد نہیں ہو رہی

سوال میری شادی کو 6 سال ہو گئے ہیں۔ اولاد نہیں ہے۔ اپنے علاقے میں کافی علاج کروایا۔ دم بھی کروائے۔ سب کہتے ہیں کہ بندش ہے۔ آپ کا لاہور میں ایک ساتھی نے بتایا تھا۔ مہربانی فرما کر میری مدد فرمائیں تاکہ اللہ جل جلالہٗ مجھے بھی اولاد کی نعمت سے نوازے۔ (محمد انور، مانسہرہ)

جواب بھائی! میری تشخیص میں آپ پر تو معمولی سحر کے اثرات ہیں مگر آپ کی اہلیہ پر نہیں ہیں۔ اور جتنے اثرات آپ پر آئے ہیں، اس سے ہرگز میں یہ مراد نہیں لے سکتا کہ آپ پر کسی نے ''بندشِ اولاد'' کا سحر کروایا ہوا ہے۔

ممکن ہے کہ آپ نے جو کافی علاج کروایا ہے، اس سے اب سحر ختم ہو گیا ہو۔ میرا مشورہ ہے کہ طبی علاج پر توجہ دیں۔ اگر آپ دونوں نے کافی پرانے ٹیسٹ کروائے ہیں تو دوبارہ ٹیسٹ کروائیں۔ اگر کوئی مسئلہ نکلے تو اس کے طبی علاج پر توجہ دیں۔

جو طبی علاج آپ نے اثرات کی موجودگی میں کروایا، اس کو بھول جائیں۔ ساتھ اولاد کے حصول کے لیے روحانی علاج کے طور پر اس آیت کو دونوں بکثرت پڑھیں اور کوشش جاری رکھیں۔

رَبِّ هَبْ لِي مِن لَّدُنكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۖ إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ ﴿٣٨﴾ (ال عمران:۳۸)

ترجمہ: پروردگار مجھے اپنی جناب سے اولاد صالح عطا فرما تو بے شک دعا سننے (اور قبول کرنے) والا ہے۔

* * *

بیوی کی طبیعت ٹھیک نہیں رہتی

سوال میری بیوی کی طبیعت ٹھیک نہیں رہتی۔ وہ رات کو اٹھ جاتی ہیں۔ جسم کے مختلف حصوں میں درد ہوتا ہے۔ کبھی شدید درد بھی ہوتا ہے۔ نیند بہت زیادہ آ رہی ہے۔ مہربانی فرما کر ان کو چیک فرما دیں کہ کیا معاملہ ہے اور علاج بھی تجویز فرما دیں۔ (نعمان، لاہور)

جواب آپ کی اہلیہ پر اثرات کا معاملہ ہے مگر زیادہ نہیں۔ میری تشخیص میں زیادہ طبی معاملہ ہے۔ خصوصاً ان کا بلڈ پریشر زیادہ ہے اور آج کل کنٹرول میں نہیں ہے جس کی وجہ سے یہ علامات زیادہ ہو رہی ہیں۔

آپ روحانی علاج گاہ کے نمبر 03247772772 پر رابطہ کریں اور ان سے کہیں کہ شفائے امراض کا خاص تعویذ (پہننے والا) جو ہر ماہ شرفِ قمر پر تیار کیا جاتا ہے، وہ بھجوا دیں۔ جب تعویذ ملے تو کچھ صدقہ کر کے اہلیہ کو پہنا دیں۔ اور روزانہ یہ ورد پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنے کا کہیں۔ سب کلام ایک ایک (1،1) بار پڑھنا ہے

(۱)......درود شریف (۲)......سورۂ فاتحہ

(۳)......سورۂ حشر کی آیات 22 تا 24

(۴)......سورۂ اخلاص (۵)......سورۂ فلق

(۶)......سورۂ ناس

(۷)......اَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا۔

ان شاء اللہ، طبیعت جلد بحال ہونا شروع ہو جائے گی۔

* * *

بیوی بیمار رہتی ہے

سوال میری بیوی بیمار رہتی ہیں۔ گھبراہٹ بھی بہت ہوتی ہے۔ معدہ بھی خراب رہتا ہے۔ کوئی تعویذ دے دیں۔ (محمد سلمان، ملتان)

جواب آپ کو دو (2) تعویذ بھجوا رہا ہوں۔ بند تعویذ اہلیہ کے گلے میں ڈال دیں۔ زعفرانی تعویذ کو عرقِ گلاب یا آبِ زم زم کی بوتل میں ڈال دیں۔ اس تعویذ

کو اکیس دن اہلیہ کو صبح و شام ایک گھونٹ پلائیں۔ ان شاء اللہ، طبیعت بحال ہوجائے گی۔

....................*..........*

بیٹی کو سسرال والے تنگ کرتے ہیں

سوال میری بیٹی کی چار (4) ماہ پہلے شادی ہوئی۔ شروع میں تو ٹھیک تھا مگر ایک ڈیڑھ ماہ گذرنے پر لڑائیاں شروع ہوگئیں۔ میرا داماد شروع میں میری بیٹی کی طرف داری کرتا تھا مگر اب وہ صرف اور صرف اپنی ماں کی بولی بولتا ہے۔ لڑائیوں کی زیادہ وجہ یہ ہے کہ میری بیٹی حاملہ کیوں نہیں ہوئی جب کہ صرف چار (4) ماہ شادی کو ہوئے ہیں۔ ہم نے بیٹی کے میڈیکل ٹیسٹ بھی کروا لیے ہیں اور وہ سب بالکل صحیح ہیں۔ جب داماد سے ٹیسٹ کی بات کرتے ہیں تو وہ لوگ اس طرف بالکل آتے ہی نہیں اور لڑنا شروع کر دیتے ہیں۔ میں بہت پریشان ہوں۔ اب ایک (1) ہفتہ سے بیٹی کو گھر لے کر آئے ہیں کیونکہ ان کا فون آیا تھا کہ اپنی بیٹی کو آ کر لے جاؤ۔ لانے کے ایک (1) ہفتہ بعد داماد کا فون آیا کہ خود چھوڑنا ہو تو چھوڑ دینا، وہ لینے نہیں آئے گا۔ بیٹی کی ساس بہت زیادہ تعویذ دھاگے کرتی ہے۔ کہیں اس نے نہ کچھ کیا ہو؟ اب آپ ہی کچھ مدد کریں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کی بہت جزا دیں گے۔ (م، لاہور)

جواب محترمہ! سب سے پہلے تو میری تحقیق میں آپ کی بیٹی بہت زیادہ بدزبان ہے۔ پہلے اس طرف توجہ کریں۔ رہی بات کہ لڑائیاں بند ہوں تو جب آپ کی بیٹی کی زبان بند ہوگی تو زیادہ لڑائیاں فوری طور پر ختم ہو جائیں گی۔ ابھی تو صرف چار (4) ماہ ہی ہوئے ہیں۔ بیٹی کو اچھی طرح سمجھائیں۔ بدزبانی اور وہ بھی نئے نئے سسرال میں، خود آپ کی بیٹی اپنے پاؤں پر کلہاڑی مار رہی ہے۔ شوہر کے دل میں بھی اپنی جگہ کھو رہی ہے اور سسرال والوں کے دل میں بھی۔

دوسری بات کہ آپ کے داماد نے بالکل ٹھیک کہا ہے کہ جب آپ چھوڑنا چاہیں، خود چھوڑ آئیں۔ یہ خواہش بالکل نہ کریں کہ داماد آ کر خود لے کر جائے گا۔ غلطی آپ کی بیٹی کی ہے۔ احساس اس کو ہونا چاہیے۔

میں آپ کو چند وظیفے دے رہا ہوں۔ ان کو پابندی سے کریں اور بیٹی کو بھی بتائیں۔ ان شاء اللہ، سسرال والے محبت بھی کریں گے اور عزت بھی دیں گے۔ بشرط یہ کہ آپ کی بیٹی زبان درازی بالکل چھوڑ دے گی۔

۱)......بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۔ قُلۡ هُوَاللّٰهُ اَحَدٌ يَاحَنَّانُ۔ اَللّٰهُ الصَّمَدُ يَامَنَّانُ۔ لَمۡ يَلِدۡ يَا كَرِيۡمُ۔ وَلَمۡ يُوۡلَدۡ يَارَحِيۡمُ۔ وَلَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ يَاعَزِيۡزُ يَاوَدُوۡدُ۔

بعد نمازِ عشاء اکتالیس (41) کالی مرچیں لیں۔ ہر ایک (1) مرچ پر اکتالیس (41) مرتبہ درج بالا کلام پڑھ کر دم کریں۔ پھر ایک (1) مرچ کو سوئی میں پرو کر آگ پر جلائیں اور جلاتے وقت یہ کہیں: ''میں 'شوہر کا نام مع والدہ' کے دل کو اپنی محبت و عشق میں جلاتی ہوں'' اسی طرح اکتالیس (41) مرچوں پر عمل کریں۔ اس عمل کو اس دن شروع کریں، جس دن پاکی کا غسل کیا ہو تاکہ اکیس (21) دن لگا تار کیا جا سکے۔ اگر اس دوران بیٹی کا شوہر ان کو لے جائے تو پھر آپ عمل کے بقیہ دن پورے کریں۔ یہ عمل بیٹی نے کرنا ہے۔

۲)......وَاللّٰهُ اَعۡلَمُ بِاَعۡدَآئِكُمۡ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۙ وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيۡرًا۝ (النساء:۴۵)

یہ عمل آپ نے کرنا ہے۔ اس آیت کو ایک (100) سو مرتبہ پڑھ کر اپنے داماد اور بیٹی......دونوں کا تصور کر کے ان کے دل و دماغ پر دم کریں۔ اور تصور میں یہ دیکھیں کہ دونوں کی زبان بندی ہوگئی ہے اور وہ چاہتے ہوئے بھی آپس میں لڑائی نہیں کر پا رہے ہیں۔ جب یہ تصور قائم ہو جائے تو پھر ان دونوں کے دل و دماغ پر دم کریں۔ ان شاء اللہ، دونوں کی زبان بندی ہونا شروع ہو جائے گی۔

۳)......يَاعَزِيۡزُ ذُوالۡعِزِّ وَالۡاِقۡتِدَارِ اَعِزَّنِىۡ

یہ عمل آپ کی بیٹی نے کرنا ہے۔ یہ عمل سسرال میں عزت حاصل کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ صبح و شام اکیس (21) یا اکتالیس (41) مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں۔ اول و آخر تین (3) بار درود شریف۔

....................*..........*

رمضان المبارک کے خاص اعمال

فیصل حمید نقشبندی (لاہور)

عمل مجرب عظیم جمعۃ الوداع برائے دائمی دردوں اور بیماری کے لیے

جمعۃ الوداع کی صبح بعد نمازِ فجر، عمدہ خالص روغنِ زیتون یا چنبیلی پر اوّل آخر سات (7) دفعہ درود شریف کے ساتھ سورۃ والعادیات سات (7) مرتبہ پڑھیں اور تیل پر دم کرلیں اور یہ تیل محفوظ کرلیں۔

یہ تیل جملہ اقسام کے دردِ اعضاء، نزلہ و دردِ سر کے لیے بطور اکثیر تیار ہوگا۔ جب ضرورت ہو، مقامِ درد پر ملیں، فوراً آرام ہوگا۔

عظیم و مجرب عمل رزق جمعۃ الوداع

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِى الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ؕ (الاعراف:۱۰)

اس آیت مبارکہ کا نقش مربع (4x4) یا نقش مخمس (5x5) زعفران، مشک اور عرق گلاب ملا کر ہرن کی جھلی یا کاغذ پر بعد ادائیگی نمازِ جمعہ لکھیں۔ پاس بخور یا خوشبو جلائیں۔ دو (2) نقش لکھنے ہیں۔ ایک جائے کاروبار پر، دوسرا اپنے پاس رکھیں۔ نقش باوضو لکھیں۔ میں نقش اور چال لکھتا ہوں۔ ایک سے 25 تک چال نقش ہے۔

ستائیسویں شبِ رمضان عمل رزق

رمضان المبارک کی 27 ویں رات، جس کو شبِ قدر اور لیلۃ القدر بھی کہا جاتا ہے، اس مبارک رات میں یہ عمل مبارک کیا جاتا ہے۔

اس عمل کی برکت سے اللہ پاک سارا سال اتنا وسیع رزق عطا فرماتا ہے کہ انسان کے وہم و گمان بھی نہیں ہوتا۔

عمل مبارک یوں ہے:

جو (MALT) کے سات (7) دانے لیں۔ غسل کریں۔ باوضو ہو کر خوشبو لگائیں۔ دو رکعت نمازِ نفل قبولیتِ عمل کے واسطے پڑھیں۔ اوّل آخر گیارہ (11) دفعہ درود شریف اور ہر دانہ جو پر ستر (70) مرتبہ "یَارَزَّاقُ" پڑھ کر دم کریں۔ بعد عمل یہ دانے اپنے پرس یا لاکرز وغیرہ کاروبار کے گلے (Draws) میں رکھ لیں۔ بہت رزق اور خیر و برکت نصیب ہوگی۔ ان شاء اللہ۔

نوٹ: ان اعمال کی اجازت کے لیے دار العمل چشتیہ رابطہ فرمائیں۔

رزق، خوشحالی، عزت، دولت اور شہرت کے حصول کے لیے

روحانی و جسمانی طبیب فقیر امتیاز علی قادری (سندھ)

یہ عمل رمضان المبارک کی 27 شب کا ہے اور ایک رات کا عمل مبارک ہے۔

ترکیب: سب سے پہلے چاول کے 9 عدد دانے، دال ماش کے 9 عدد دانے، ثابت چھوٹی الائچی کے 9 عدد دانے، 10 روپیہ کا نیا نوٹ، مقناطیس کا تھوڑا سا سفوف شدہ پاؤڈر۔

یہ ساری چیزیں کسی پاک صاف سبز کپڑے میں محفوظ کرلیں اور کپڑے کو عمدہ عطر خوب لگائیں اور باوضو حالت میں قبلہ کی طرف رخ کرکے پختہ ارادہ، خیال اور تصور کے ساتھ اول و آخر گیارہ گیارہ (11،11) مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں۔ اور درمیان میں اسماء الحسنیٰ "یَاغَنِیُّ یَارَزَّاقُ یَاجَامِعُ" بارہ سو (1200) مرتبہ پڑھیں۔ بعد میں آیات پاک

﴿﴾ اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿۱۹﴾ (الشوریٰ:۱۹) تین سو ساٹھ (360) مرتبہ پڑھیں۔

﴿﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ﴿۵۸﴾ (الذّٰریٰت:۵۸) تین سو تیرہ (313) مرتبہ پڑھیں۔

﴿﴾ يَاعَزِيْزُ مِنْ كُلِّ عَزِيْزٍ بِحَقِّ يَاعَزِيْزُ ایک سو ایک (101) مرتبہ پڑھیں۔

﴿﴾ سورۃ الواقعہ ایک (1) مرتبہ پڑھیں۔

﴿﴾ سورۃ المزمل ایک (1) مرتبہ پڑھیں۔

﴿﴾ سورۃ یاسین ایک (1) مرتبہ پڑھیں۔

اس کے بعد مندرجہ بالا جو اشیاء ہیں، ان پر آہستہ سے تین (3) مرتبہ دم کریں۔ خیال رہے کہ وہ سامان زمین پر نہ گرے اور ان اشیاء کو کپڑے میں لپیٹ کر اور دل کی گہرائی سے آنسو بہا کر یکسوئی کی حالت میں دعا مانگیں اور اب اس دم شدہ سامان میں سے کچھ حصہ کسی اور سبز کپڑے میں لپیٹ کر اپنے مکان کے کسی خفیہ جگہ پر چھپا کر رکھ دیں تاکہ کسی اور کو پتا نہ چلے اور بقایا کچھ سامان سبز کپڑے میں لپیٹ کر اپنے بٹوے میں محفوظ رکھیں۔

نوٹ: سبز کپڑوں پر عمدہ عطر ضرور لگائیں۔ اس کے بعد مندرجہ بالا اعمال کو روزانہ فجر نماز کے بعد یا پھر عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر (11،11) مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں۔ اور درمیان میں اسماء الٰہی کو ایک سو ایک (101) مرتبہ پڑھیں۔ ایک ایک (1،1) آیت پاک کو ایک سو ایک (101) مرتبہ پڑھیں۔ سورۂ واقعہ، سورۂ مزمل اور سورۂ یاسین پاک کو ایک ایک (1،1) مرتبہ پڑھیں اور دعا مانگیں۔

اس طرح سے اس عمل کو روزانہ معمول میں رکھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، اللہ تعالیٰ کے کرم سے اور اس عمل کی برکت سے تھوڑے ہی دنوں میں خود اپنی آنکھوں سے نتائج دیکھیں گے کہ کس طرح سے ظاہری اور غیبی مدد حاصل ہوتی ہے، قرضہ سے نجات حاصل ہوگی، خواہ مخواہ کی پریشانیوں سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔

روحانی دکان میں دستیاب نگینوں کی وسیع ورائٹی کی تفصیل https://bit.ly/3JXhpnU

اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں لانے والے کلمات

انجینئر محمد امان اللہ اسد عفی اللہ عنہ

1. نبی اکرم ﷺ کے سامنے دو شخص لڑنے لگے۔ غصہ کے مارے ایک کے نتھنے پھول گئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر یہ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ "میں پناہ لیتا ہوں اللہ کی شیطان مردود سے" پڑھ لے تو اس کا غصہ ختم ہو جائے گا۔ (نسائی، احمد، ابوداؤد، ترمذی)

2. نبی اکرم ﷺ رات کی نماز کے لئے کھڑے ہوتے تو اَللّٰهُ اَكْبَرُ (تکبیر تحریمہ) کہہ کر نماز شروع کرتے۔ پھر سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَ بِحَمْدِكَ وَ تَبَارَكَ اسْمُكَ وَ تَعَالٰى جَدُّكَ وَ لَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ (ثناء) پڑھ کر تین (3) مرتبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھتے پھر فرماتے: اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ مِنْ هَمْزِهٖ وَ نَفْخِهٖ وَ نَفْثِهٖ "میں پناہ لیتا ہوں یا حفاظت میں آتا ہوں اللہ سننے، جاننے والے کی شیطان مردود سے، اس کے ہمز سے اور اس کے نفخ سے اور اس کے نفث سے۔" (مسند احمد)

ھمز کے معنی ہے: گلا گھونٹنا (ابن ماجہ)، دبانا، بھینچنا، چھونا، کاٹنا، وسوسہ میں ڈالنا۔ نفخ تکبر کرنے کو کہتے ہیں (ابن ماجہ)۔ اور نفث کے معانی ہے شعر گوئی کرنا (ابن ماجہ)، تھوک پھینکنا، دل میں ڈالنا، غصہ کی شدت سے طیش میں آنا۔

غرض کہ اللہ کی پناہ ان الفاظ میں لینا شیطان کے ہر قسم کے وار سے حفاظت میں آ جانا ہے۔

3. سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ غار حراء میں پہلی وحی کے نزول سے قبل جبرئیل علیہ السلام نے رسول اللہ ﷺ کو کہا: اَعُوْذُ پڑھیے۔ آپ ﷺ نے یہ کلمات کہے: اَسْتَعِيْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (تفسیر ابن جریر) "میں پناہ طلب کرتا ہوں اللہ سننے جاننے والے کی شیطان مردود سے۔"

4. سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ سیدنا حسن اور سیدنا حسین رضی اللہ عنہما کے لئے ان الفاظ میں پناہ لیتے:

اِنَّ اَبَاكُمَا كَانَ يُعَوِّذُ بِهَا اِسْمَاعِيْلَ وَ اِسْحَاقَ: اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّ هَامَّةٍ وَّ مِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَّامَّةٍ (بخاری)۔ "یقیناً تم دونوں کے باپ (ابراہیم علیہ السلام) ان کلمات کے ذریعے اسماعیل اور اسحاق علیہم السلام کے لئے پناہ لیا کرتے تھے: میں تم دونوں کے لئے ہر شیطان، تکلیف دہ جانور اور نظر بد سے محفوظ رہنے کی اللہ تعالیٰ کے کامل اور پُر اثر کلمات کے ذریعے پناہ لیتا ہوں۔"

5. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ (ابوداؤد) "اے اللہ! میں کفر اور فقر سے آپ کی پناہ لیتا ہوں اور آپ کی پناہ لیتا ہوں قبر کے عذاب سے۔"

6. نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اگر کوئی نیند میں ڈر جائے تو یہ کلمات کہے: اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيٰطِيْنِ وَ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ۔ (ابوداؤد، ترمذی) "میں اللہ کے مکمل کلمات کی پناہ لیتا ہوں، اس کے غصے اور اس کی سزا سے اور اس کے بندوں کی شر سے اور شیطان کے چوکوں سے اور اس بات سے کہ وہ میرے پاس حاضر ہوں۔"

7. رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿۹۷﴾ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿۹۸﴾ (المومنون: ۹۷-۹۸)

"اے میرے رب! میں آپ کی پناہ لیتا (حفاظت میں آتا) ہوں شیاطین کے وسوسے سے اور میں آپ کی پناہ لیتا ہوں اے میرے رب، کہ وہ (شیاطین) مجھ پر حاضر ہوں۔"

8. رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں: سورۃ البقرۃ کی ایک (1) آیت جو قرآن کریم کی تمام آیات کی سردار ہے۔ جس گھر میں وہ پڑھی جائے، (بقیہ ص 54)

جادو جنات کا علاج

پیر سید شوکت شاہ (مردان خیبر پختون خواہ)

السلام علیکم ! ہمارے پیارے بھائیوں اور بزرگوں، ہمارا آج کا موضوع ہے سحر کے اوپر یعنی جادو کے اوپر، آج میں آپ لوگوں کو جادو کی شناخت کرانا چاہتا ہوں، کہ جادو کیا چیز ہے اور کیسے کروایا جاتا ہے، اور بیمار پر اس کے اثرات کیسے سرزد ہوجاتے ہیں۔

جادو کی پہچان

جادو ایک حقیقت ہے اور دنیا میں ہزاروں ایسے لوگ موجود ہیں جن کو اس کی حقیقت کا کوئی پتا نہیں ہوتا۔ اور دنیا میں گھومتے پھرتے لوگوں سے، ڈاکٹروں، حکیموں سے علاج کروا کروا کر تھک جاتے ہیں۔ لیکن ان کے مسئلے کا حل نہیں ہو پاتا کیونکہ ان کو پتہ نہیں ہوتا کہ یہ سحر ہے یا کوئی ایسا عامل (جس کے پاس جادو کا توڑ ہو) ان کو پتہ ہی نہیں یا عامل اس کو مانتا ہی نہیں کہ سحر ہے لیکن وہ بندہ مانتا ہے یا ان کو پتہ نہیں یا صحیح معنوں میں اس کو ویسا عامل نہیں ملتا۔ تب اس کا سحر بڑھتا جاتا ہے اور ان کا علاج نہیں ہو پاتا۔ معمولی سی سحرزدہ لوگوں کی پہچان آپ لوگوں سے کرانا چاہتا ہوں۔ اور وہ بھی اپنے پیر و مرشد کی کتاب کے کچھ اقتباسات سے "یعنی سحرزدہ لوگوں کی پہچان۔"

سحرزدہ لوگوں کی پہچان جو میرے مرشد کریم غلام سرور شباب علوی، قادری، قلندری، جہانگیری کی کتاب "ردِ سحر" حصہ سوم صفحہ نمبر 50 سے میں نے کچھ اقتباسات سے لئے ہیں۔

سحرزدہ کی پہچان کیا ہے؟

ہر بیماری اپنی علامات سے پہچانی جاتی ہے، جب علامات نہ ہو تو بیماری پہچاننا بہت زیادہ مشکل ہوجاتا ہے۔ جادو ہرگز لاعلاج نہیں ہے لیکن یہ الگ بات ہے کہ علاج تھوڑا وقت مانگتا ہے اور صبر آزما علاج ہے۔ ذیل میں سحرزدہ پر جادو کے اثرات سے جو بد علامات ظاہر ہوجاتی ہیں وہ درج کی جاتی ہیں۔ تاکہ آپ مسحور کی پہچان کر سکیں، کہیں ایسا نہ ہو کہ آپ سحرزدہ کا جسمانی علاج کرتے رہیں کیونکہ سحرزدہ کا شافی علاج روحانی علم سے کیا جاتا ہے۔ تو اس لئے سحر کی علامات جاننا بہت ضروری ہے۔

1۔ ایک سحرزدہ انسان یا جادو زدہ فرد کی زندگی کے معاملات میں معاملہ بالکل ایسا ہوتا ہے جیسا کہ شوگر اور دل کا مریض کا ہوتا ہے۔ یعنی مریض چڑچڑا پن اور نہایت حساس ہوجاتا ہے۔ اور بات بات پر رونے دھونے اور لڑنے جھگڑنے کے لیے تیار رہتا ہے، ذہنی طور پر بیزاری کا شکار ہوجاتا ہے اور ہر وہ شئے جو اسے چند دن پہلے پسند تھی نفرت کرنے لگتا ہے۔

2۔ شیطانی اعمال اسے بہت اچھے لگتے ہیں اور ماضی کے کردار اسے پسند آنے لگتے ہیں۔ ہر برا کام اسے اچھا لگنے لگتا ہے۔ اور ماضی کی طرف بار بار لوٹنے لگتا ہے اور جن سے انہیں کبھی ربط رہی ہو وہ شدت سے یاد کرنے لگتا ہے۔ مستقبل کے بہت سے خواب اور خدشات اسے آگھیرتے ہیں اور اگلے پچھلے اعمال میں شیطان اسے الٹا پلٹا دیتا ہے۔

3۔ مریض خود کو بدقسمت جاننے لگتا ہے اور اللہ کی رحمت سے نا اُمید ہو کر کفر کی راہ اختیار کرلیتا ہے اور تمام اچھے کام ایک ایک کر کے چھوڑ جاتے ہیں۔ اور برے کاموں میں اضافہ ہونے لگتا ہے۔

4۔ مریض کو سمجھایا جائے تو وہ سمجھنے کے لیے تیار نہیں ہوتا اور ہر بات رد کردیتا ہے اور پاگلوں کی طرح شیطانی اعمال کی طرف رجوع کرتا ہے۔

جادو کی اقسام

جادو کی اقسام تو بہت ہیں لیکن کچھ ناپاک جادو ایسے ہیں کہ جن کے شیطانی اعمال اور شیطانی جنات جو اس جادو میں بند کئے ہوتے ہیں کافی مقدار میں میرے پاس آچکے ہیں اور اللہ کے فضل و کرم اور اپنے پیر و مرشد کے روحانی طریقوں اور ان کے روحانی اعمال سے اور ان کے جو بتائے ہوئے طریقے ہیں اور باقی بہت سارے بزرگوں کی تعلیمات سے، ان کی کتابوں سے، ان کے اعمال سے ہم نے ان کا علاج کیا ہے۔ اور ان کا

علاج بھی اس طریقے سے کہ ہم خود مایوس ہو چکے تھے کہ یہ بندہ ٹھیک ہو جائے گا کہ نہیں۔ لیکن اللہ کے فضل و کرم اور اپنے پیرومرشد کی دعاؤں اور ان کی تعلیمات سے ان کا علاج ہو چکا ہے اور ابھی تک وہ ماشاءاللہ بالکل ٹھیک ہیں اور اچھے طریقے سے زندگی گزار رہے ہیں۔

بعض جادو ایسے بھی ہوتے ہیں جو ہمارے پاس آئے ہیں۔ ابھی یہ پچھلے رمضان شریف کی بات ہے کہ ہمارا ایک رشتہ دار تھا، وہ میرے پاس آیا، وہ بزرگ تھا اور اس کی عمر تقریباً ۶۰ سے ۷۰ سال کے درمیان تھی۔ ان کے اوپر کسی نے ایسی قسم کا جادو کرایا تھا کہ ان کے اوپر جو جادو تھا ان میں کچھ معذور اور کتے قسم کے شیطانی جنات بند کئے تھے، ان کے تقریباً سارے کام کتے کی طرح ہو چکے تھے۔ یعنی وہ کتے کی طرح بھونکتا تھا اور کتے کی طرح زبان نکال کر زمین کو چاٹتا تھا اور جس طرح کتا زبان نکال کر ہلاتا رہتا ہے بالکل اسی طرح یہ بھی زبان نکال کر ہلاتا رہتا تھا۔ اس کا جسم کمزور ہو چکا تھا اور چلنا پھرنا بھی چھوڑ دیا تھا۔ جس طرح کتا چار پاؤں پر چلتا ہے، اسی طرح چلنا شروع کر دیتا تھا، کھانا پینا چھوڑ رہا تھا اور ان کی سمجھ میں یہ بالکل نہیں آ رہا تھا کہ یہ میں کیا کر رہا ہوں، ایسی حرکتیں تھی۔

لیکن اللہ کے فضل و کرم اور اپنے پیرومرشد کی دعاؤں اور ان کی کرامات سے ہم نے ان کا علاج کیا اور اللہ کا شکر ہے وہ ابھی تک بالکل ٹھیک ٹھاک ہیں۔ میں یہ آپ لوگوں بتانا چاہتا ہوں کہ جتنے اعمال میں نے ان پر آزمائے اپنے مرشد کریم کے، اللہ کا فضل و کرم ہے اور مرشد کریم کی عنایت کردہ عملیات ہیں جن سے ہم نے ان کا علاج کیا اور اللہ کے کرم سے وہ بالکل شفایاب ہو گئے۔

جادو کی ایک قسم ایسی بھی ہے کہ ایک بندہ تھا وہ بالکل مکمل طور پر پاگل ہو چکا تھا اور پاگل تھا بھی ایسا کہ ہر بندہ ان کو ہی بتانا چاہتا تھا کہ تم بالکل پاگل ہو چکے ہو اور تم صرف شک کی بنیاد پر بات کرے ہو، تم شکی مزاج ہو۔ وہ بندہ شکی مزاج ہوا تھا کہ اس نے اپنی بیوی کو طلاق دی اپنے بچوں کو چھوڑ دیا، اسکول کی نوکری تھی، اسے چھوڑ دیا یعنی ٹیچر تھا وہی چھوڑ دیا، ڈاکٹر کا کام بھی کر رہا تھا وہ بھی چھوڑ دیا اور گھر کا جتنا بھی سامان تھا وہ سب کا سب بیچ دیا سب کا سب ختم کر دیا۔ تو ان پہ ایسا شکی مزاج جادو ہوا تھا۔ اللہ کے کرم سے ان کا بھی علاج کیا اور اپنے پیرومرشد کی دعاؤں سے اللہ کے کرم سے وہ مکمل ٹھیک ہو گیا۔ آخر میں آپ لوگوں کو یہی بتاؤں گا ان شاء اللہ کہ یہ جادو کا جو میں نے اپنے مرشد کریم کی کتابوں سے ان کی تعلیمات سے ان کی کرامات سے ان کی عنایت سے جو علاج کیا ہے وہ میں آپ لوگوں کو عرض کروں گا۔ پہلے صرف سحر زدہ لوگوں کی پہچان کراتا ہوں کہ کتنی قسم کا سحر زدہ میرے پاس آئے اور ان کے علاج بھی ہم نے اس طریقے سے کیا ہے۔

ایک قسم کا جادو ایسا تھا کہ آپ کو پتہ ہوگا کہ کئی دن پہلے ایک وڈیو بھی بنائی تھی جس میں مرشد کریم بھی ہمارے ساتھ تھے میں آپ کو بتاتا ہوں کہ یہ صوبہ خیبر پختونخوا کے علاقے بٹ خیلہ کا ہے جس پر ہم نے ویڈیو بھی بنائی تھی۔ سرور پیا سرکار نے یوٹیوب پر اپلوڈ بھی کیا تھا۔

وہ ایسا جادو تھا کہ ان کے گھر میں جتنا سامان تھا یعنی گھر کے برتن، کمبل اور دوسرا سامان وغیرہ وہ ہوا میں اڑ جاتا تھا۔ وہ گھر کے لوگ اپنی آنکھوں سے دیکھتے تھی کہ سامان ہوا میں اڑ رہا ہے اور دس پندرہ فٹ تک نظر آتے تھے اور ہوا میں اوپر غائب ہو جاتے تھے پھر واپس کبھی نہیں آتے اور مکمل طور پر غائب ہو جاتے۔ ان کے گھر میں ایسی ہی حرکتیں ہوتی تھیَ۔ ان کے گھر میں ایک دو بندے ایسے بھی تھے جن کے اوپر حاضرات بھی ہوتی تھی اور ان پر چھریوں سے وار کر کے اُن کا سارا جسم لہولہان کر دیتے تھے۔ جسم کو جگہ جگہ پر کاٹ دیتے تھے اور سارے گھر میں آگ لگا دیتے تھے۔ اور دو عورتیں ایسی تھیں جن کے سر کے بال اور ان کی آبروئیں یعنی ان کے جسم کے سارے بال کو اکھاڑ دیتے تھے اور وہ بالکل گنجے پڑ جاتے تھے۔ وہ تقریباً ستر (17) سال تک علاج کروا کروا کر پورے پاکستان میں تھک گئے تھے۔ پھر کسی اللہ کے بندے نے اس کو ہمارا پتہ دیا اور ہم نے ان کا علاج کیا اور وہ آج تک بالکل ٹھیک ہے۔ اور میں آپ کو یہ بھی خوشی کی بات بتانا چاہتا ہوں کہ وہ علاج بھی

میں نے اپنے پیرومرشد کی ہدایات کے مطابق کیا اور جو اس نے ہم کو سکھایا، جو ہم نے اس سے سیکھا، اسی طریقوں سے ہم نے ان کا علاج کیا۔ اللہ کے کرم سے وہ بندہ بھی مکمل طور پر آج تک ٹھیک ہے۔

ایک دوسرا واقعہ میں آپ لوگوں سے شیئر کرنا چاہتا ہوں، وہ ایسا جادو تھا کہ ایک گھر میں میاں بیوی تھے اور جب وہ گھر سے باہر نکلتے تھے تو ان دونوں کی آپس میں لڑائی شروع ہوتی تھی اور لڑائی بھی ایسی شروع ہوتی تھی کہ جب لڑائی شروع ہوتی تھی تو ان میں جو عورت تھی اس سے کتی بن جاتی تھی اور کتی کی طرح بھونکتی تھی۔ یعنی وہ صرف اپنے شوہر کو نظر آتی تھی کہ یہ میری بیوی جو ہے کتی بن گئی ہے۔ جب وہ پانچ دس منٹ تک کتی کی طرح بھونکتی تو پھر ٹھیک ہو جاتی اور پھر اس کا شوہر کتا بن جاتا اور اپنی بیوی کو نظر آتا تھا کہ کتا بن گیا ہے اور کتوں کی طرح بھونکتا ہے، لوگوں کو صحیح سلامت نظر آتے تھے اور ان کی باتیں بھی لوگوں کو بالکل صحیح لگتی تھیں۔ لیکن آپس میں جو میاں بیوی تھے ان کو ایک دوسرے کتے لگتے تھے اور کتوں کی طرح بھونکتے تھے۔ اس میں ہم نے بہت سی پیچیدگیوں کا سامنا کیا اور ان پیچیدگیوں کے بعد ہم نے ان کا علاج کیا اور اللہ کے کرم سے وہ مکمل طور پر ٹھیک ہو گیا اور وہ بھی نو(9) سال بعد۔

نو(9) سال یہ دونوں بھی علاج کروا کروا کر تھک گئے تھے تو جب ہم نے اس کا علاج کیا تو اللہ کے کرم سے وہ مکمل شفایاب ہو گئے۔ یہ سحر کی جو بڑی بڑی علامات میں نے آپ لوگوں کو عرض کی تو یہ صرف آپ لوگوں کو ذہن نشین کرانے کے لئے کہ ہمارے مرشد کریم نے جو سحر کے بارے میں جتنے بھی عملیات لکھے، جتنی کتابیں لکھی ہیں ان میں بہت کچھ ہے لیکن آپ لوگ اگر جان لیں کہ یہ سحر ہے تو اس سحر کا علاج ہو سکتا ہے۔

کیونکہ مرشد کریم تو آپ کو لکھتے ہیں۔ آپ کو خود اپنا تجربہ استعمال کر کے ان کا علاج کرنا ہے۔ پھر بعد میں یہ نہ کہے کہ ہم نے علاج کیا اور وہ علاج نہیں ہو سکتا نہیں وہ غلطی آپ میں ہے، ان کی کتابوں میں ان کے عملیات میں کوئی غلطی نہیں یعنی آپ کرتے ہیں اور جو عملیات آپ کے کامیاب نہیں ہوتے اور جس جادو کے بارے میں سرکار نے جو فرمایا اور جیسا فرمایا ہے کہ اس طریقے سے اس کا علاج ہو سکتا ہے۔ اگر آپ نے اس کا علاج کیا اور نہ ہو سکا تو آپ کی ناکامی ہے عملیات کی ناکامی نہیں ہے۔ کیونکہ جو میرے ہاتھ میں کتاب ہے سحر کی ''ردسحر حصہ سوم'' ان کا ہر ایک عمل میں ہزار بار آزما چکا ہوں۔ پھر بھی لوگوں کو بتانا چاہتا ہوں کہ کتاب جتنی بھی ہے۔ میں لوگوں کو دو منٹ میں صرف دو منٹ میں بتاتا ہوں کہ سحر زدہ میرے سامنے بٹھا دو میں صرف اور صرف دو منٹ کی دم ڈالتا ہوں، اس کے اوپر اور دو منٹ کے اندر اندر ان کو پتا چلے گا کہ میرا جادو ختم ہوا یا نہیں۔

آخر میں میں آپ لوگوں کو یہ بھی بتانا چاہتا ہوں کہ ان کا جو علاج ہے وہ میں نے کس طریقے سے کیا اور وہ علاج پورا تو نہیں لکھ سکتا لیکن آپ کو صرف اور صرف ''ردسحر حصہ سوم'' کے وہ صفحہ نمبر بتاؤں گا اور پھر آپ خود وہاں دیکھ لیں اور ان کا علاج کر لیں۔

پہلے تو آپ کو یہ معلوم کرنا ہے کہ یہ جادو سحر ہے، جادو جنات ہے یا جو کچھ بھی ہے، آپ نے معلوم کر لیا، اپنے تجربے سے، اپنے عملیات سے تو آپ نے ردسحر حصہ سوم کی صفحہ نمبر 179 جس پر لکھا ہوا ہے سحر جادو اور لاعلاج امراض کا علاج تو اس میں جو پورا پورا عمل لکھا ہوا ہے اسی طریقے سے آپ اس کی کاٹ کر لو۔ یہ طریقہ کم سے کم میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ یہ 2005 سے لے کر 2022 تک میں نے آزمایا ہوا ہے اور 100% صحیح ہے اور اس کا کاٹ ہو جاتا ہے، جب کاٹ ہو گیا پھر کاٹ ہونے کے بعد اس کے کافی سارے عملیات ہیں جو آپ کو تھوڑا سا بتانا چاہتا ہوں کہ یہ سحر المرض ہے۔

آپ کتاب ردسحر کے صفحہ نمبر 177 نکال کر دیکھ لیں مختلف بیماریوں میں مبتلا کرنے والا جادو یعنی سحر المرض۔ سحر المرض کے اوپر جو پہلا نقش لکھا ہوا ہے، اس نقش کے چار(4) تعویذ بنا کے عرق گلاب میں اس کو ڈال دیں، ایک ایک (1،1) ہفتے کا ایک ایک (1،1) نقش ہے اور چھ(6) ہفتے استعمال کرنا ہے اور چھ(6) ہفتے کرنے کے بعد ان شاءاللہ وہ مکمل صحت یاب ہو جاتا ہے۔ ان کے علاوہ اس کو کچھ اور نہانے کے لیے جو دیتا ہوں اس کتاب میں بھی موجود ہے لیکن میرے ساتھ جو ہے وہ کوئی اور ہے لیکن آپ بھی کسی اپنے مرشد کریم کی کتاب سے جو نہانے کے لیے ہیں وہ دے دو، ان شاءاللہ کے فضل و کرم سے مریض بالکل ٹھیک ہو جائے گا۔ (بقیہ: ص 40)

مجربات دامانیہ: شرف شمس

(تحریر: عبداللطیف دامانی سنگ جانی، اسلام آباد)

(تسخیر خلق وافسران، حصول مال ودولت، بے روزگاری کا خاتمہ)

شرف شمس کی ابتدا 18 اپریل کو 7 بج کر 23 منٹ اور خاتمہ 19 اپریل 7 بج کر 48 منٹ پر ہوگا۔

جب آفتاب برج حمل میں حرکت کرتا ہوا 19 درجہ پر پہنچتا ہے تو اسے شرف کی طاقت حاصل ہوتی ہے۔ شرف سیارگان میں شہنشاہ کا مقام رکھتا ہے۔ شمس کی طاقتور نورانی شعاعیں زمین پر اثر ڈالتی ہیں۔ سورہ یٰسین کی آیات 38 تا 40 میں اسی قوت کی طرف بتایا گیا ہے۔ جس میں بتایا گیا ہے کہ سورج اپنے مقررہ راستے پر چلتا ہے اور چاند کی ہم نے منزلیں مقرر کردی ہیں۔ اور سب اپنے دائرے میں رہتے ہوئے چلتے ہیں۔ ستارہ شمس سے تعلق رکھنے والے افراد قوت واختیار، دنیاوی عزت وشہرت، ترقی کاروبار، بادشاہت، تعظیم وتکریم کے علاوہ باہمت، عالی ظرف اور شریف النفس ہوتے ہیں۔

اس دفعہ شرف شمس کے موقع پر جو عمل پیش کر رہا ہوں یہ علم جفر کا سادہ سا عمل ہے۔ مگر اثرات میں بہت قوی ہے۔ اس کا طریقہ تفصیلی لکھ رہا ہوں، خوب غور کرلیں، سمجھیں اور تیار کر کے فائدہ اٹھائیں۔ وقت مقررہ پر تمام لوازمات مہیا کرلیں۔ الگ کمرہ میں صاف پاک طرح کپڑا جائے نماز بچھا کر بیٹھیں، رجال الغیب کا خیال رکھیں۔ زعفران، صندل اور عود کا بخور سلگائیں۔ جب ساعت شمس شروع ہو تو لوح کندہ کریں۔ کاغذ ہو تو زعفران سے نقش لکھ لیں۔ ویسے شمس کی منسوبات دھات سونا ہے۔ لیکن فی زمانے میں اس کا ملنا مشکل ہے، اس لئے چاندی پر بنوا کر سونے کا پانی چڑھالیں۔ سنہرا کاغذ بھی استعمال کرسکتے ہیں۔ کاغذ کی لوح اور دھات کی لوح تاثیر میں تو یکساں ہیں مگر فرق صرف یہ ہوتا ہے کہ دھات سریع الاثر ہے اور کاغذ سست الاثر ہے۔ لوح یا نقش کو پاس رکھتے ہی فوائد شروع ہو جائیں گے۔ ان شاءاللہ

(۱) نام معہ والدہ کے اعداد لیں: ۱۱۳۴

(۲) سورۃ الشمس کے اعداد: ۱۹۴۹۹

(۳) سات (7) انبیاء کے اعداد: ۲۶۸۹

۵۸۲۵=۲۲ـــــ۲۳۳۴۲

۱۲	۴		۱۱
۱۰	۵	۷	۳
	۶	۸	
۲	۹		۱

(۱۱) اعداد اسم یا الٰہ الالٰہت الرفیع الجلالہ: ۹۷۴

سات (7) شاہان کے اعداد: ۲۳۳۳

مقصد: تسخیر وجاہ مرتبت ۷۸۵۴-۲۲=۷۸۳۲+۴=۱۹۵۸

۱۱، ۱۲، ۵، ۳، ۶، ۴، ۸، ۱۰، ۷، ۹، ۱، ۲

اعداد نمبر ۱ نقش نمبر ۱ میں پُر ہوں گے۔ اور اعداد نمبر (۱۱) خاتم سلیمانی میں پُر ہوں گے۔ ایک طرف لوح کے نقش نمبر (۱) اور دوسری طرف خاتم

سلیمانی بنے گی۔ پہلے نقش کے چاروں طرف نام معہ والدہ+اسم اعظم اور مقصد الگ سطر میں لکھ کر ان کو امتزاج دیا جائے گا۔ حروف طاق ہونے کی صورت میں پانچ پانچ (5،5) اور جفت ہوں تو چار چار (4،4) حروف کے طلسم بنائیں اور آئیل کا اضافہ کر کے مؤکلات بنائیں۔ پھر ھوش لگا کر اعوان بنائیں۔ اعداد کے مطابق اسماء الٰہیہ بنا کر لکھیں۔ خاتم سلیمانی کے نیچے طلسم شمس اور عزیمت لکھیں۔ میں نے جو نقش لکھا ہے۔ یہ آپ کو پہلی دفعہ نظر آئے گا۔ یاد رہے مثلث کو نو (9) خانے اور مجموعہ اعداد پندرہ (15) جبکہ مربع سولہ (16) خانے اور مجموعہ اعداد چونتیس (34) ہوتے ہیں۔ ان دونوں کے درمیان بھی ایک (1) نقش ہے۔ جس کی دو (2) چالیں ہیں۔ بشکل مثلث اور بشکل مربع دونوں طرح سے خانے (۱۲) اور مجموعہ اعداد چھبیس (26) ہوتا ہے۔ نقش چال نمبر ا مربع کہلاتی ہے اور خاتم سلیمانی کہلاتی ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ مجموعہ اعداد سے ۲۲ عدد طرح کریں۔ اور چار (4) پر تقسیم کریں اور خارج قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر ایک ایک (1،1) کے اضافہ سے پُر کریں۔ اگر ایک (1) بقایا بچے تو خانہ ۱۲ دو (2) بچے تو خانہ نمبر ۷ اور اگر تین (3) بچے تو خانہ میں ایک (1) کا اضافہ کر دو۔ اس نقش کے بہت فائدے ہیں۔ میں نے اسے مختلف مواقع پر آزمایا، نیک مقاصد میں تجربہ کی کسوٹی پر اُمید سے بھی زیادہ مفید پایا۔ آپ بھی آزمائیں۔ آسان کام ہے، خود کر لیں۔ اب دونوں نقوش پُر کر رہا ہوں۔

۷۸۶

جبرائیل

۵۸۳۶	۵۸۲۸		۵۸۳۵
۵۸۳۴	۵۸۲۹	۵۸۳۱	۵۸۲۷
	۵۸۳۰	۵۸۳۲	
۵۸۲۶	۵۸۳۳		۵۸۲۵

عزرائیل

اسرافیل

۷۸۶

جب لوح مکمل ہو جائے تو سرخ ریشمی کپڑے میں سرخ دھاگے سے سی لیں۔ اگلے دن کسی ایسے مقام پر چلے جائیں جہاں سے طلوع ہو کر سورج کا نظارہ کر سکیں، وہاں سورۃ شمس پڑھنا شروع کر دیں۔

جب سورج مشرق سے ابھرتا نظر آئے تو سورۃ کی تلاوت ختم کر دیں۔ لوح کو ہاتھ میں لے کر دُعا کریں کہ: اے خداوندہ دو عالم: اے مکرم و طاہر اس نیر اعظم کی طرح مجھے سربلندی عزت و اولوالعزمی عطا فرما جس طرح یہ کائنات کے لیے منبع فیض و نور ہے۔ اس طرح مجھے بھی بنا دے۔ تمام خلقت میں مجھے باعزت بنا اور خلقت کو مطیع و فرمانبردار بنا۔ امین۔

اس دُعا کو پڑھ کر لوح اپنے پاس رکھ لیں۔ ان شاء اللہ بہت جلد فتوحات حاصل ہوں گی۔ یہ فیض اس وقت تک ملتا رہے گا جب تک لوح پاس رہے گی۔

اگر یہ لوح خود تیار نہیں کر سکتے تو مجھ سے یا پھر ادارہ سے رابطہ کریں۔ آخر میں ادارہ کو اور مجھے بھی دُعاؤں میں یاد رکھیں۔

کائناتی فارمولا۔ حی القیوم۔ حرکت اور قیام

عبدالوحید نظامی العظیمی (فیصل آباد)

پوری کائنات حرکت اور قیام پر کام کر رہی ہے۔ تخلیق کے تمام شعبے انہی دورخ پر رواں دواں ہیں۔ سورۂ یٰسین میں اللہ ارشاد فرماتے ہیں:

سُبۡحٰنَ الَّذِیۡ خَلَقَ الۡاَزۡوَاجَ کُلَّهَا مِمَّا تُنۡۢبِتُ الۡاَرۡضُ وَ مِنۡ اَنۡفُسِهِمۡ وَ مِمَّا لَا یَعۡلَمُوۡنَ

''پاک ہے وہ ذات جس نے ہر چیز کو دورخوں پر تخلیق کیا تم زمین کے اوپر دیکھو اور تم اپنے نفسوں کے اندر دیکھو اور جو کچھ تم نہیں جانتے وہ بھی دو رخ پر ہے۔''

حرکت کو مٹریل اور قیام کو وقت یا زماں کہتے ہیں۔ تصوف یا روحانیت کے اندر تمام اصطلاحات بھی دو (2) رخ پر ہیں۔ ان میں حی القیوم کا ہی فارمولا کام کرتا ہے۔

مثلاً شہود مٹریل اور غیب قیام یا قیوم ہے۔

حرکت الا ہے اور قیام لا ہے۔

حرکت اثبات ہے اور قیام نفی ہے۔

حرکت مخلوق ہے اور قیام خالق ہے۔

حرکت مکان ہے اور قیام زمان ہے۔

حرکت عبد ہے اور قیام معبود ہے۔

غرض تصوف یا روحانیت میں استعمال ہونے والی تمام اصطلاحات دراصل دورخ پر ہی مظاہرہ کرتی ہیں، وہ چاہے مادیت کا شعبہ ہو یا روحانیت کا۔ مثلاً جب کوئی انسان چلتا ہے تو اس کا ایک پاؤں زمین پر ساکن یا قیام کرتا ہے اور دوسرا پاؤں حرکت کرتے ہوئے ساکن ہو جاتا ہے۔ اور جو پاؤں ساکن ہوتا ہے وہ متحرک ہو جاتا ہے۔ اس طرح حرکت اور قیام وجود میں آ جاتے ہیں۔ انسان بولتا ہے تو زبان حرکت کرتی ہے پھر قیام کرتی ہے اور ایک لفظ کے بعد دوسرا لفظ بولتے ہیں، ایک فقرہ اور لفظ کے درمیان قیام ہوتا ہے۔ ہم قلم سے جب تحریر لکھتے ہیں تو کاغذ پر قلم متحرک ہوتا ہے پھر اوپر جا کر رکتا ہے پھر کاغذ پر لفظ لکھ کر متحرک ہوتا ہے اور یوں قلم حرکت اور قیام کا مظاہرہ کرتا ہے کیونکہ اللہ فرماتے ہیں کہ وہ حی القیوم ہے حی کا مطلب حرکت یا زندگی اور قیوم کا مطلب ٹھہرنا، رکنا اور قائم رکھنا۔ قیامت کا ماخذ بھی صفت قیوم ہے اور قیامت کا مطلب ہی رک جانا ہے۔

آدمی سانس لیتا ہے تو حرکت ہے، جب سانس لیتے ہوئے رکتا ہے تو قیام ہے پھر وہ سانس باہر خارج کرتا ہے تو پھر رکتا ہے، اس طرح سانس حرکت اور قیام کا منظر پیش کرتا ہے۔ آپ آنکھ سے دیکھتے ہیں آنکھ کا ڈیلا حرکت کرتا ہے، رکتا ہے پھر اوپر جاتا ہے تو ہم دیکھتے ہیں یعنی کوئی بھی عمل ہو وہ حرکت اور قیام سے مل کر مکمل ہوتا ہے کیونکہ اللہ ہی حرکت اور قیام ہے۔

کائنات کے اندر مٹریل کی جتنی بھی حالتیں ہیں سورج، چاند، ستارے، جمادات، نباتات، حیوانات سب کے سب زندگی یعنی حرکت کا مظاہرہ کرتے ہیں اور جس بساط پر اس کا مظاہرہ ہے اس کو قیوم، قیامت، ساکن یا ٹھہراؤ کہتے ہیں۔

مکان یعنی مٹریل حرکت ہے اور زمان یعنی وقت، فاصلہ قیام یا قیوم ہے۔ جو چیز ساکن ہوگی وہ ہی قیام ہوگی یا قائم ہوگی۔ مٹریل کی جتنی بھی حرکات ہیں وہ عمل یا اعمال ہیں۔ سائنس کے اندر عمل اور ردعمل کی اصطلاح استعمال ہوتی ہے یعنی ہر عمل کا ردعمل ہوتا ہے جبکہ تصوف کے اندر صرف عمل اور اعمال ہوتے ہیں ردعمل کوئی نہیں ہوتا۔ آپ مشاہدہ کریں پوری کائنات حرکت یا اعمال کے اوپر کام کر رہی ہے اور اس کا ردعمل کوئی نہیں ہے۔ عمل اور ردعمل صرف انسان کی نیت پر ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا انما الا عمال بالنیات۔ اعمال کا دارومدار نیت پر ہے۔ نیت سے مراد ارادہ ہے یعنی جو میں نتائج حاصل کرنا چاہتا ہوں میرے ذہن میں ہیں اور وہی ارادہ یا نیت ہے۔ اب ہمیں یہ قانون سمجھ میں آ گیا ہوگا کہ پوری کائنات اللہ تعالیٰ کے ذہن یا ارادہ کے اوپر کام کر رہی ہے۔

اِنَّمَآ اَمۡرُہٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَیۡـًٔا اَنۡ یَّقُوۡلَ لَہٗ کُنۡ فَیَکُوۡنُ

''بیشک جب اس کا امر کسی شے کا ارادہ کرتا ہے تو وہ کہتا ہے ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے۔''

سامعین کرام آپ مشاہدہ کریں کہ کھربوں سالوں سے اس نے جو کچھ کہا ہر مخلوق اس کے کہنے اور حکم پر عمل کر رہی ہے، رد عمل کسی جگہ نہیں ہو رہا۔

چونکہ انسان اللہ کا الگ امر یا الگ مخلوق ہے، اس لئے اس کا کائنات کی تخلیق سے کوئی تعلق نہیں کیونکہ ساری کائنات کے تخلیق ہونے کے بعد جب رواں دواں ہوئی تو پھر اللہ نے فرشتوں سے کہا میں اپنا خلیفہ بنانے والا ہوں پھر علم الاسماء سکھائے اور فرشتوں سے سجدہ کروایا۔ اب چونکہ انسان کو اللہ نے اپنے ارادے یا کائنات کا علم عطا کیا تو اس کے ذہن کے اندر اللہ کا ذہن منتقل ہو گیا۔ ہم میں سب میں ہر انسان کے اندر اب اللہ کے ذہن کا عکس منتقل ہو گیا ہے اور اس کے اثرات مسلسل پڑ رہے ہیں۔

انسان کائنات کو دو طرز پر استعمال کر رہا ہے۔ ایک تو وہ اپنے ذہن سے معنی بنا کر جزا اور سزا یا جنت دوزخ یا اچھائی برائی پر ہو گا۔ اور دوسرا ذہن اس طرز فکر پر ہے کہ بندہ اپنی نفی کر کے سب کچھ اللہ کے اوپر چھوڑ دیتا ہے اور جب اس کا ذہن اللہ سے نہیں ہٹتا تو وہ اپنے اندر اللہ تعالیٰ کی وہ صفات جو کائنات کو چلا رہی ہوتی ہیں، اس کا باقاعدہ مشاہدہ کرنے لگتا ہے۔ ایسا ذہن لاکھوں انسانوں میں کسی ایک کو حاصل ہوتا ہے، وہ اپنی نفی کر کے اللہ کا اثبات حاصل کرتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے امر یا ذہن یا ارادہ کے عکس کو اپنے اندر دیکھنے کے لئے دو (2) مشقوں یا دو (2) عملیات کا تذکرہ کروں گا۔ اگرچہ اس کی تفصیل۔۔۔ سرور پیا سرکار اپنے یوٹیوب چینل کی ویڈیو میں بیان کر چکے ہیں۔

عمل تلوین

عمل استرخاء

یہ دونوں عملیات کسی بھی سالک کو وہ تمام مدارج طے کروا دیتے ہیں جس سے کوئی بھی انسان اللہ کا قرب حاصل کر لیتا ہے۔ عمل تلوین یہ کہ آپ نے 40۔2 منٹ سونا ہے اور باقی وقت جاگنا ہے۔

عمل استرخاء یہ ہے کہ آپ نے اندھیرے میں نظر کو جھکائے بغیر دیکھنا ہے۔ یہ دونوں مشقیں آپ کے اندر قوت القاء پیدا کر دیتی ہیں۔ قوت القاء ایسی طاقت ہے جو نہ صرف آپ کو روحانی اجسام موکل، ہمزاد، جنات، فرشتہ کی دنیا متعارف کراتی ہے۔ بلکہ ازل تا ابد تک کی کائناتی تحریکات کے ساتھ ساتھ علم القلم اور علم لاہوت سے بھی واقف کروا دیتی ہے۔

جب آپ عمل تلوین کرتے ہیں آپ کے دماغ کے اندر خیالات کی یلغار کم ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ دو (2) گھنٹے چالیس منٹ کی نیند ہونے سے آپ کا ذہن ہر وقت بیدار ہو گا تو آپ کی طبیعت میں اضمحلال، گھبراہٹ، بے چینی پیدا ہو گی۔ دوسرے لفظوں میں آپ کے شعور اور لاشعور میں مزاحمت ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ آہستہ آہستہ آپ کا ذہن لاشعوری کیفیات کو قبول کرنے لگے گا۔ جب ذہن خالی ہوتا ہے تو آپ کے اوپر عالم رویا کے حواس یا خواب کی دنیا سامنے آنے لگتی ہے۔ علم استرخاء کے دوران اندھیرے میں آپ کی نظر سفر نہیں کرتی اس کے اندر ٹھہراؤ آ جاتا ہے۔ جب نظر اندھیرے کو دیکھتی ہے تو اس کا سفر یا پرواز نہیں ہوتی تو دماغ کسی چیز کو قبول نہیں کرتا۔ نیند کو کنٹرول کرنے اور نظر کا اندھیرے کے اندر ٹھہر جانا آپ کو غیب کی دنیا میں داخل کر دیتا ہے۔ دن کی روشنی میں یا رات کو چاند ستاروں کو دیکھتے ہوئے آپ کی نظر کروڑوں میل کا سفر طے کرتی ہے جب کہ گھپ اندھیرے میں آپ کی نظر ایک (1) انچ بھی آگے نہیں بڑھتی ہے تو نظر کا یہ ٹھہراؤ آپ کو روحانی طور پر بہت مضبوط کرتا ہے۔ اندھیرا بینی کا کوئی سائیڈ ایفکٹ ابھی تک نہیں آیا۔ روشنی کا منبع، شمع بینی، سورج بینی، چاند بینی یا آئینہ بینی کے سائیڈ ایفکیٹ عموماً ہو جاتے ہیں چونکہ اندھیرے کا تعلق آپ کے رات یا غیب کے حواس سے ہے۔ اس لیے جس طرح نیند لینے سے آپ کو سکون ملتا ہے، اس طرح اندھیرا بینی سے بہت سکون اور اطمینان ہوتا ہے اور مشق کے اثرات اچھے مرتب ہوتے ہیں۔

روشنی کو تصوف میں سب رنگ کہتے ہیں کیونکہ اس کے اندر تمام رنگوں کا مشاہدہ ہوتا ہے۔ اندھیرے کو یک رنگ کہتے ہیں۔ یک رنگی غیب میں داخل ہونے کا پہلا ذریعہ ہے۔ جب آپ یک رنگ میں یکسو ہوتے ہیں تو بے رنگی میں داخل ہو جاتے ہیں۔ بے رنگ سے آپ ورائے

(بقیہ: ص 21)

بقیہ (ص 46) اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں لانے والے کلمات

وہاں سے شیطان بھاگ جاتا ہے۔ وہ آیت، آیت الکرسی ہے۔

(متدرک حاکم)

۹ شیطان نے اپنی جان چھڑانے کے لئے سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ اگر تو رات کو بستر پر جا کر آیت الکرسی پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے تجھ پر ایک محافظ ہو گا اور صبح تک شیطان تیرے قریب بھی نہیں آئے گا۔ سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے یہ واقعہ نبی اکرم ﷺ کے گوش گزار کیا اور آپ ﷺ نے شیطان کی اس بات کی تصدیق فرمائی۔

(بخاری)

۱۰ سیدنا عثمان بن ابو العاص رضی اللہ عنہ نے کہا: یا رسول اللہ ﷺ! شیطان میرے اور میری نماز کے درمیان حائل ہوتا ہے اور میری قرءات میں شک ڈالتا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس شیطان کا نام خنزب ہے۔ جب اس کی اکساہٹ محسوس کرو، تو (دوران نماز ہی) أَعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ پڑھو اور بائیں طرف (دل کے اوپر) تین مرتبہ تھوکو۔ سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ایسا ہی کیا اور اللہ تعالیٰ نے مجھ سے شیطان کو دور کر دیا۔ (احمد، مسلم)

۱۱ سیدنا نافع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: انگشت شہادت کا حرکت دینا (نماز کے تشہد میں) شیطان کو تلوار یا نیزہ مارنے سے زیادہ سخت ہے۔ (احمد)

۱۲ آج کے خودکش حملوں اور تخریب کاریوں سے اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آنا:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

"اے اللہ! ہم آپ کو اپنے دشمنوں کا مقابلہ کرنے کے لئے ڈھال بناتے ہیں اور آپ کی پناہ لیتے ہیں ان کے شرو شر سے۔"

۱۳ مزید اللہ تعالیٰ کی پناہ لینے والے کلمات کے لئے "حصن المسلم"، کا مطالعہ کیجئے۔

ماہنامہ خزینۂ روحانیات
56
مارچ 2023ء
تصنیف و تالیف
اعمالِ شفاء
حضرت خواجہ علامہ پیر صوفی غلام سرور شباب قادری
(سجادہ نشین دربارِ عالیہ: حضرت خواجہ بابا پیر صوفی بہادر علی شاہ قادریؒ)
خاص اجازت کے ساتھ ہدیہ
5,000
روپے
کتاب کے عنوانات کی فہرست مندرجہ ذیل ہے:
باب نمبر1: باب تشخیص الامراض۔ تشخیص کے مختلف طریقے اور نتیجے کے مطابق علاج۔ تشخیص کے لیے دِل پر القا ہوجائے۔ انڈے کے ذریعے تشخیص کرنا۔
باب نمبر2: بچوں کے مختلف امراض اور اُن کا علاج۔ زیادہ رونے والے بچے کے لیے۔ نظر بد کا علاج۔ بچوں کے جملہ امراض کا علاج۔ نظر بد کا علاج۔
باب نمبر3: پورے بدن کی بیماریوں کا علاج۔ سر کے امراض۔ سر درد اور دردِ شقیقہ کے لیے۔ ہر قسم کے سر درد کے لیے۔ سر چکرانا اور سر گھومنا۔
باب نمبر4: زہریلے جانوروں سے تحفظ اور کاٹے کا علاج۔ سانپ اور بچھو کے کاٹے کے لیے۔ زہر کا اثر ختم کرنا۔ جانور کے زہر سے حفاظت۔
باب نمبر5: حیض ونفاس کی بیماریوں کا علاج۔ اگر کسی عورت کا خون حیض بند نہ ہو رہا ہو۔ جاری خون حیض یا نکسیر کو روکنا۔ سیلان الرحم ختم ہوجائے۔
باب نمبر6: مسحور، مربوط اور آسیب زدہ کا علاج۔ جنات اور آسیب کو گھر سے نکالنے کے لیے۔ ہر قسم کے سحر جادو کے اثرات کو باطل کرنا۔
باب نمبر7: ہر قسم کے بخاروں کا علاج۔ بخار دُور کرنے کے لیے۔ برائے دفعِ تپ۔ بخار کا رُوحانی علاج۔ بخار کے لیے دَم۔
باب نمبر8: مختلف بیماریوں کا علاج۔ شفائے امراض کے لیے۔ دردوں سے سکون۔ سر درد کا چٹکلہ۔ تمام امراض سے شفاء کے لیے۔
باب نمبر9: موذی امراض کا علاج۔ کینسر، رسولی اور ٹی بی کے مریضوں کے لیے۔ نشہ کی عادت ختم کرنا۔ شراب نوشی کا علاج۔
باب نمبر10: سحر جادو اور تعویذات نکالنا۔ دفن شدہ جادو تعویذات کی جگہ معلوم کرنا۔ جادو نکالنا۔ لوٹے کے ذریعے دفینہ یا سحر کی جگہ معلوم کرنا۔
باب نمبر11: سلبِ مرض کے لیے مابعد الطبعیاتی طریقے۔ ہوالشافی سے علاج کا طریقہ۔ تصورِ نور سے علاج کا طریقہ۔
ادارہ فیضان روحانیات پاکستان، اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ پنجاب 0300-4967412, 0333-6974734
دارالعمل چشتیہ کی سالہا سال کی مجرب لوح جس نے تجربہ کیا خوب فائدہ اٹھایا
سپیشل دھات پر تیار کردہ
لوح شرف مشتری
قیمت 3000 روپے
حصول مال و دولت اور اسباب مال و کشائش رزق
مشتری کا دور بارہ سال کا ہوتا ہے۔ ہر شخص کو زندگی کی عام مالی سعادتیں دیتا ہے۔ کاروبار میں منافع لاتا ہے۔ مرد اور عورت کے لئے یکساں مفید، انتہائی سعد اور پُر تاثیر اوقات کا عظیم کارنامہ ہے۔ یہ مالی امور میں خوشی بختی کو اس طرح کشش کرتی ہے جیسے مقناطیس لوہے کو۔ اسے پہنئے اور تمنا دل میں قائم کرکے دعا کیجئے، پہنے رہیے۔ ان شاء اللہ مالی معاملات اور روپیہ کے حصول کے لیے جو اسباب بھی کریں گے ان سے روپیہ ملے گا اور قدرت ایسے اسباب بھی پیدا فرمائے گی جن سے چند سالوں میں زندگی بن جائے گی، ان شاء اللہ تعالیٰ۔
اس اقتصادی بدحالی کے دور میں اسے اپنے پاس رکھیے ورنہ حال کے تقاضوں کے ساتھ نہ چل سکیں گے۔
لوح شرف مریخ
لوح شرف مریخ حصول قوت وشجاعت، دل کو قوی کرنا، غلبہ بر اعداء، دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے اور موذی جانوروں و آسیب سے تحفظ کیلئے موثر ترین ہے۔
لوح شرف مریخ مقدمات میں فتح یابی، دشمنان سے تحفظ اور فتح و نصرت کے لئے بڑی کارآمد ہے۔ جن میاں بیوی میں تفرقہ ہے۔ یا کسی بڑی جماعت میں عرصہ سے دشمنی و خصومت چلی آرہی ہے۔ یا کسی کو کسی دشمن کا خوف و اندیشہ ہے۔ یا کسی میدان جنگ یا خطرناک مقام پر جانے کا خوف ہے۔ یا کسی بڑی جماعت پر فتح پانی مقصود ہے اور اس سے حفاظت بھی درکار ہے یا مقدمہ میں فتح پانا ہے تو ان تمام مقاصد کے لیے لوح شرف مریخ نہایت قوی الاثر ہے۔ جس شخص کے پاس یہ لوح ہوگی۔ اس کا مقابلہ کرنے والا ہمیشہ ذلیل وخوار ہوگا اور کبھی غلبہ نہ پاسکے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ امراض میں لقوہ۔ قولنج۔ رعشہ اور بلغمی مزاج کیلئے بھی مفید ہے۔ ان شاء اللہ
ھدیہ 3000 روپے علاوہ ڈاک خرچ
رُوحانی دکان دارالعمل چشتیہ
0334-4312272 0320-4312272
0346-4312272 042-35410586
darulamal.org/ruhanishop ruhanishop@gmail.com
ruhanishop ruhani.shop ruhani-shop
رُوحانی دکان دارالعمل چشتیہ
0334-4312272 0320-4312272
0346-4312272 042-35410586
darulamal.org/ruhanishop ruhanishop@gmail.com
ruhanishop ruhani.shop ruhani-shop
روحانی علاج گاہ کی روحانی خدمات کی مکمل تفصیل http://darulamal.org/ruhaniilajgah
Whatsapp +92-322-4773786

خاص لنگر برائے تکمیل حاجات

(ہر اسلامی ماہ کی پہلی (نوچندی) اتوار کو کیا جاتا ہے)

● ہر قسم کی دینی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی دنیاوی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی معاشی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی معاشرتی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی کاروباری حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی روزگاری حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی چھوٹی بڑی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی مایوس کن حاجات کی تکمیل کیلئے ● گھریلو امور سے متعلقہ ہر قسم کی حاجات کی تکمیل کیلئے ● ہر قسم کی نوکری، ملازمت و حصول ویزہ، حصول رشتہ وغیرہ کی تکمیل کیلئے

بفضل ربی جس نے بھی جس حاجت کیلئے حصہ ملایا، دعاؤں کا کہا، اس کی تمام مرادیں، تمام حاجات اللہ پاک نے پوری فرمادیں۔ مکمل دیگ: 14000 روپے

مکمل حصہ: 1400 روپے نصف حصہ: 700 روپے

برنی تقویم

از افادات حارث عثمانی البرنی

صفحات: 160 قیمت: 300 روپے

☆ استخراج طالع ☆ جدول طالع شمسی ☆ یہ سال کیسا گزرے گا؟ ☆ 2023ء کے امکانات ☆ ثور 2023ء کے امکانات ☆ جوزا 2023ء کے امکانات ☆ سرطان 2023ء کے امکانات ☆ اسد 2023ء کے امکانات ☆ سنبلہ 2023ء کے امکانات ☆ میزان 2023ء کے امکانات ☆ عقرب 2023ء کے امکانات ☆ قوس 2023ء کے امکانات ☆ جدی 2023ء کے امکانات ☆ دلو 2023ء کے امکانات ☆ حوت 2023ء کے امکانات ☆ یورنس کے سات سال ☆ اہم کواکبی نظرات 2023ء ☆ منسوبات بروج ☆ اختیارات قمر ☆ اوقات شرف وہبوط قمر سال 2023ء ☆ اوقات شرف وہبوط سیار گان 2023ء ☆ رجعت واستقامت سیار گان 2023ء ☆ طلوع وغروب سیار گان 2023ء ☆ رموز الجفر ☆ گرہن 2023ء ☆ نپ چون بارہ بروج میں ☆ طالع وقت نکالنا ☆ زحل کے اڑھائی سال ☆ سعد ونحس کواکب ☆ نظرات، روزانہ کام کے سعد ونحس اوقات ☆ نظرات کا اثر ☆ نظرات کواکب معہ اوقات ☆ کواکبی اوقات

کوپن برائے مفت روحانی خدمات

مارچ 2023ء

تاریخ ______

نام ______ والد ______

والدہ ______ مکمل پتہ ______

موبائل نمبر ______

Email (اگر ہو) ______

مطلوبہ علاج ______

نوٹ: علیحدہ کاغذ پر اپنا مسئلہ تفصیل سے لکھ کر رجسٹرڈ جوابی لفافے کے ساتھ ارسال کریں۔ ایک کوپن میں دو مقصد سے زائد نہ لکھیں۔ کوپن کے بغیر علاج/تعویذات/وظیفہ بھیجنے سے معذرت۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

0324-7772772 0342-7772772 042-35420586

کوپن برائے بغیر فیس اعمال

مارچ 2023ء

تاریخ ______

نام ______ والد ______

والدہ ______ مکمل پتہ ______

موبائل نمبر ______

Email (اگر ہو) ______

مطلوبہ اعمال ______

نوٹ: رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جاسکتی ہے۔ مزید شرائط وتفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔

0333-7772775 0309-7772775 042-35420586

اعلیٰ کوالٹی عربی اگربتیوں کی ورائٹی جن کا گھروں اور مقامات چلہ و وظیفہ پر جلانا بے حد مفید ہے۔ ان اگربتیوں کی خوشبو اعمال میں کامیابی کی ضمانت ہے۔

عنبر

اصیل

بخور

درہم

غلاف کعبہ

مشک

زعفران

سلطان

عود

متفرق

حجر اسود

گلاب

لوبان

صندل ووڈ

موتیا

Monthly Khazina-e-Ruhaniyaat
CPL # 288

روحانی دکان کی دم شدہ اشیاء پر پہلے عاملین دم کرتے ہیں اس کے بعد جنات سے دم کروایا جاتا ہے۔ ان دم شدہ اشیاء پر مختلف مقاصد کے لئے مختلف دم کیے گئے ہیں جو تجربے میں بہت مفید ثابت ہوئی ہیں۔ عاملین حضرات مختلف روحانی مسائل کیلئے یہ اشیاء مریضوں کو استعمال کرائیں۔

عطر حفاظت
قیمت:220 روپے

عطر تسخیر
قیمت:360 روپے

عطر حاضری
قیمت:220 روپے

عطر واپسی سحر
قیمت:300 روپے

روحانی اگربتی برائے دفع جنات جادو
قیمت:150 روپے

روحانی اگربتی برائے دفع جنات
قیمت:150 روپے

روحانی اگربتی برائے دفع جادو
قیمت:150 روپے

روحانی اگربتی برائے دفع نحوست
قیمت:200 روپے

روحانی اگربتی برائے حصول برکت
قیمت:200 روپے

روحانی اگربتی برائے واپسی سحر
قیمت:250 روپے

روحانی شہد برائے جادو جنات
قیمت:700 روپے

روحانی شہد برائے شوگر
قیمت:1000 روپے

روحانی شہد برائے شفاء الامراض
قیمت:700 روپے

روحانی نمک برائے جادو جنات
قیمت:70 روپے

روحانی نمک برائے پیٹ درد
قیمت:70 روپے

روحانی نمک برائے زبان بندی دشمن
قیمت:600 روپے

روحانی درگاہ کے شاگردوں کیلئے 25% رعایت

یہ پیشکش مارچ 2023 تک کیلئے ھے

ممبران خزینہ روحانیات کیلئے 15% رعایت

0334-4312272 0320-4312272 042-35420586

ruhanishop | ruhani.shop | ruhani-shop

darulamal.org/ruhanishop ruhanishop@gmail.com